فرمان الٰہی
اللہ ایک ہے
تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

☆☆☆ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ☆☆☆
ABC CERTIFIED
DAILY QUWAT LAHORE
روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی
Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com
جلد نمبر 15
ہفتہ 26 جمادی الاول 1446ھ 30 نومبر 2024ء 14 مگھر 2081 ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے)
شمارہ نمبر 45

## افغان شہریوں کو احتجاج سے گرفتار کیا گیا، غیر ملکی سیاسی معاملات سے دور رہیں گے

دفتر خارجہ

### غیر ملکی شہریوں کی پاکستانی سیاسی احتجاجات میں شرکت مکمل غیر قانونی ہے، گرفتار افغان شہریوں کی تفصیلات وزارت داخلہ جاری کرے گی

### وزیر خارجہ اسحاق ڈار 2 تا 3 دسمبر ایران کا دورے کریں گے جہاں وہ سی سی او کے وزرائے خارجہ کے اجلاس میں شریک ہوں گے، زہرا بلوچ

اسلام آباد (این این آئی) دفتر خارجہ کی ترجمان ممتاز زہرا بلوچ نے خبردار کیا ہے کہ وزارت داخلہ نے احتجاج سے افغان شہریوں کو گرفتار کیا ہے، تمام غیر ملکی کو کہیں گے کہ پاکستان کے سیاسی معاملات سے دور رہیں۔ دفتر خارجہ میں ہفتہ وار بریفنگ کے دوران ترجمان ممتاز زہرہ بلوچ نے کہا کہ محکمہ داخلہ نے اسلام آباد میں احتجاج سے افغان شہریوں کو گرفتار کیا ہے، گرفتار افغان شہریوں کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر1

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف امن وامان کے حوالے سے منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## عالمی برادری کو نہتے فلسطینیوں کے قتل عام پر جاگنا ہوگا، مریم نواز

### ظلم وزیادتی کا شکار فلسطینی بھائیوں سے یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں، یوم یکجہتی پر پیغام

لاہور (خبر نگار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ عالمی برادری کو نہتے فلسطینیوں کے قتل عام پر جاگنا ہوگا۔ فلسطینیوں سے اظہار یکجہتی کے عالمی دن پر اپنے ایک پیغام میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا کہنا تھا کہ ظلم وزیادتی کا شکار فلسطینی بھائیوں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر2

## انڈسٹریل سیکٹر اور عوام کے تعاون کے بغیر آلودگی پر قابو پانا ممکن نہیں، مریم اورنگزیب

### صاف ستھرا پاکستان ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، عوام کو حکومت کیساتھ مل کر کردار ادا کرنا ہوگا

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ مریم نوازشریف کی خصوصی ہدایت پر پنجاب بھر میں انسداد سموگ آپریشن تیز کر دیا گیا ہے، اس مہم کے تحت لاہور میں کئی اہم اقدامات کیے گئے ہیں تاکہ سموگ کی شدت کو کم کیا جاسکے اور ماحول کو بہتر بنایا جاسکے۔

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر3

## 190 ملین پاؤنڈ کیس، نیب کی ٹیم بشریٰ بی بی کو گرفتار کرنے پشاور پہنچ گئی

### بشریٰ کو 190 ملین پاؤنڈ کیس میں پکڑا جائے گا، گرفتاری کیلئے نیب خیبر پختونخوا پولیس کی بھی مدد لے گی، ذرائع

پشاور (این این آئی) نیب نے بانی پی ٹی آئی کی اہلیہ بشریٰ بی بی کو گرفتار کرنے کے لیے وارنٹ گرفتاری جاری کردیے، نیب کی ٹیم بشریٰ بی بی کو گرفتار کرنے پشاور پہنچ گئی ہے۔ نیب نے بشریٰ بی بی کو گرفتار کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے، اور گرفتاری کیلیے نیب پنڈی کی ٹیم کو کے پی بھجوایا گیا ہے۔ بشریٰ کو 190 ملین پاؤنڈ کیس میں پکڑا جائے گا، گرفتاری کے لیے نیب خیبر پختونخوا پولیس کی بھی مدد لے گی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ نیب ٹیم 3 روز قبل بھی خیبر پختونخوا میں بشریٰ بی بی کی گرفتاری کی کوشش کرتی رہی، آج دوبارہ سے نیب کی ٹیم گرفتاری کیلئے تشکیل دی گئی۔

# پی ٹی آئی سیاسی جماعت نہیں تخریب کار جتھہ ہے

وزیراعظم

### احتجاج اور دھرنوں سے ملک کو یومیہ 900 ارب روپے کا نقصان ہوتا ہے، 2014 میں 126 دن معیشت کی تباہی کی گئی

### دنیا کے سامنے جو تماشا لگایا گیا، اس کو الفاظ میں بیان نہیں کیا جاسکتا، پی ٹی آئی کے احتجاج کے پیچھے باقاعدہ منصوبہ بندی کی جاتی ہے، خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان تحریک انصاف پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا سے آنے والے جتھے نے اسلام آباد میں تباہی پھیلائی، احتجاج اور دھرنوں سے ملک کو یومیہ 900 ارب روپے کا نقصان ہوتا ہے، 2014 میں 126 دن معیشت کی تباہی کی گئی۔ جمعہ کو وزیراعظم شہباز شریف اپنی زیرصدارت امن عامہ سے متعلق اعلیٰ سطح کے اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ شرپسندوں کے حملوں میں سیکیورٹی اہلکار شہید ہوئے، احتجاج کے دوران توڑ پھوڑ سے ملکی معیشت کو نقصان پہنچا، وفاق کے خلاف یہ چوتھی لشکر کشی تھی، ایسے ناپاک عزائم کا 2014 سے پہلے کوئی سوچ بھی نہیں سکتا تھا۔ وزیراعظم نے کہا کہ احتجاج اور دھرنوں سے ملک کو یومیہ 900 ارب روپے کا نقصان ہوتا ہے، 2014 میں 126 دن معیشت کی تباہی کی گئی۔ شہباز شریف نے کہا کہ دنیا کے سامنے جو تماشا لگایا گیا، اس کو الفاظ میں بیان نہیں کیا جاسکتا، پی ٹی آئی کے احتجاج کے پیچھے باقاعدہ منصوبہ بندی کی جاتی ہے، یہ سب الگ تھلگ نہیں ہو رہا۔ انہوں نے کہا کہ میں یہ نہیں کہہ رہا کہ دودھ، شہد کی نہریں بہہ رہی ہیں، لیکن بہتری کے آثار نظر آرہے ہیں، مہنگائی کم ہو رہی ہے،

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر7

## پی ٹی آئی لوگ ڈس انفارمیشن کے چیمپیئن ہیں، احسن اقبال

### پی ٹی آئی کی سیکڑوں ہلاکتوں کی کہانی پسپائی چھپانے کی کوشش ہے، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر احسن اقبال کا کہنا ہے کہ پی ٹی آئی کی جانب سے سیکڑوں ہلاکتوں کی کہانی اپنی پسپائی چھپانے کی کوشش ہے، یہ لوگ ڈس انفارمیشن کے چیمپیئن ہیں۔ نجی ٹی وی سے بات چیت کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ پی ٹی آئی نے جلیانوالہ باغ کا سین بنایا ہوا ہے، یہ لوگ کبھی اپنے لوگوں کو رلاتے ہیں، کبھی ہنساتے ہیں۔ احسن اقبال نے بتایا کہ سوشل میڈیا پر ان لوگوں نے پورے بلیو ایریا کو لال سیاہی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر4

## پی ٹی آئی پر پابندی کے لیے قرارداد پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع

### انتشاری ٹولہ جو سیاسی جماعت کا دعویٰ کرتا ہے اس پر پابندی لگائی جائے، متن میں مطالبہ

لاہور (این این آئی) پی ٹی آئی پر پابندی کے لیے قرارداد پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع کرادی گئی۔ قرارداد رکن پنجاب اسمبلی رانا محمد فیاض نے جمع کرائی۔ قرارداد کے متن میں کہا گیا ہے کہ انتشاری ٹولہ جو سیاسی جماعت کا دعوی کرتا ہے اس پر پابندی لگائی جائے، 24 نومبر کے ذمہ داروں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔ قرارداد میں کہا گیا ہے کہ 24 نومبر کا حملہ بھی قومی سلامتی کے اداروں کے خلاف تھا، اسلام آباد ہائی کورٹ نے بھی اس

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر5

## پاکستان اسٹاک ایکسچینج: مثبت رجحان، انڈیکس نے نئی بلندی عبور کرلی

### 294 پوائنٹس کا اضافہ ہوا ہے جس کے بعد انڈیکس 1 لاکھ 377 پوائنٹس کی سطح پر پہنچ گیا

کراچی (این این آئی) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں کاروباری سرگرمیوں کے دوران مثبت رجحان دیکھنے میں آرہا ہے۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر6

HOME DEPARTMENT

لاہور، صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق امن وامان کے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## وزیراعلیٰ مریم نواز نے جامع فلڈنگ پلان طلب کر لیا، مشینری خریدنے کی منظوری

### روڈز سے بارش کے پانی کا نکاس یقینی بنانے کے لئے گرین بیلٹ کا لیول نیچے کرنے کے منصوبے کی منظوری

### اربن فلڈنگ سے متاثرہ شہروں میں سٹوریج ٹینک بنانے کی تجویز پر اتفاق، رودکوہی سے نمٹنے کیلئے ضروری اقدامات کا جائزہ

### وزیراعلیٰ کی سیلابی نالوں کی بروقت صفائی اور بحالی یقینی بنانے اور فلڈنگ کے سدباب کیلئے قوانین کے نفاذ کو یقینی بنانے کی ہدایت

لاہور (سمعیہ فیاض) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نوازشریف نے عوام کے تحفظ کے لئے جامع فلڈنگ پلان طلب کر لیا۔ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے اربن فلڈنگ روکنے کے لئے مشینری خریدنے کی اصولی منظوری دے دی۔ وزیر اعلیٰ مریم نوازشریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس منعقد ہوا، جس میں پنجاب میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر8

لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نوازشریف کو خصوصی اجلاس کے دوران اربن فلڈنگ اور سیوریج سسٹم سے متعلق بریفنگ دی جارہی ہے

## پنجاب بھر کی جیلوں میں قیدیوں کی جانچ کیلئے ماہرین نفسیات تعینات

### وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر پنجاب بھر کی جیلوں میں سینیئر اور جونیئر سائیکالوجسٹ تعینات کیے گئے ہیں

لاہور (این این آئی) محکمہ داخلہ پنجاب نے قیدیوں کی فلاح کیلئے جیل سائیکالوجسٹ کے ایس او پیز جاری کر دیئے۔ جیل سائیکالوجسٹ ہر قیدی کے جرم، کریمنل ہسٹری اور شخصیت کے مطابق اس کی کیٹیگری کا تعین اور علاج کرے گا۔ وزیراعلیٰ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر12

## مطیع اللہ جان کا جسمانی ریمانڈ اسلام آباد ہائیکورٹ میں چیلنج

### درخواست پر سماعت آج ہی ہو، آج سماعت نہ ہوئی تو درخواست غیر مؤثر ہوجائے گی، ایمان مزاری

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی انسداد دہشت گردی کی عدالت سے مطیع اللہ جان کا 2 روز کا جسمانی ریمانڈ اسلام آباد ہائی کورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ اس حوالے سے مطیع اللہ جان کے وکیل ایمان مزاری کا کہنا ہے کہ ہماری استدعا ہے کہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر11

## بشریٰ بی بی کے مطابق ڈی چوک میں پارٹی قیادت نہیں تھی، مشال یوسفزئی

### کل کی پریس کانفرنس کا بشریٰ بی بی کو بتایا نہیں گیا، مریم ریاض وٹو

پشاور (این این آئی) بشریٰ بی بی کی ترجمان مشال یوسفزئی نے کہا ہے کہ بشریٰ بی بی نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کے حکم کے مطابق انہیں ڈی چوک پہنچنا تھا۔ اپنے ایک بیان میں مشال یوسفزئی نے کہا ہے کہ بشریٰ بی بی کے مطابق ڈی چوک میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر10

## دھرنا سنگجانی نہ لے جانے کے ذمہ دار بانی ہیں، شیر افضل مروت

### علی امین گنڈاپور تو چھبیس نمبر چونگی سے بھی آگے نہیں جانا چاہتے تھے، وہ پریشان تھے، انٹرویو

پشاور (این این آئی) پی ٹی آئی رہنما شیر افضل مروت نے دھرنا سنگجانی نہ لے جانے کی ذمے داری بانی پی ٹی آئی پر ڈالتے ہوئے کہا کہ بیرسٹر گوہر نے بانی پی ٹی آئی کو سنگجانی پر دھرنا دینے کی حکومتی پیشکش سے آگاہ کیا مگر بانی پی ٹی آئی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر9

## وزیراعلیٰ پنجاب اپنی چھت اپنا گھر اسکیم کامیابی سے جاری

### 1121 افراد نے اپنی چھت اپنا گھر اسکیم کے تحت مکانات کی تعمیر شروع کردی

### سال 2024 کے اختتام تک مزید 6000 افراد کو قرض فراہم کر دیا جائیگا، ڈی جی پھاٹا سیف انور جپہ

لاہور (خبر نگار) وزیراعلیٰ پنجاب اپنی چھت، اپنا گھر اسکیم صوبہ بھر میں کامیابی سے جاری ہے،

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر13

کوئٹہ، موسم سرما کی پہلی بارش کے بعد شہر کی ایک شاہراہ کا منظر

اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## پی ٹی آئی والے وطن فروشی کر رہے ہیں، وزیر دفاع

### جو آرمی چیف مرضی کا ہو، انہیں اقتدار میں رکھے وہ پی ٹی آئی کا باپ ہوتا ہے

### پاکستان کو دوہری شہریت ختم کرنی چاہیے، بیشتر ممالک نے یہ سہولت ختم کر دی ہے، خواجہ آصف کا ٹوئیٹ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے ایک بار پھر تحریک انصاف کو تنقید کا نشانہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر33

اسلام آباد، آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی سی ٹی ڈی اسپیشل سکواڈ کے آفیسر صفدر حسین شاہ کا آخری دیدار کر رہے ہیں

## مطیع اللہ جان پر عائد الزامات مذاق ہیں، رضا ربانی

### وفاقی پارلیمانی نظام کی اصل روح جمہوری اداروں کو مضبوط بنانا ہے، سینئر صحافی کی فوری رہائی کا مطالبہ

اسلام آباد (این این آئی) سابق چیئرمین سینیٹ اور رہنما پیپلز پارٹی رضا ربانی نے صحافی مطیع اللہ جان کی گرفتاری کو بلاجواز قرار دے دیا۔ میڈیا سے گفتگو میں انہوں نے کہا کہ سینئر صحافی مطیع اللہ جان پر عائد الزامات ایک مذاق ہیں۔ سینئر صحافی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر32

## ایل پی جی کاروبار میں قوانین کی خلاف ورزی پر سخت سزائیں دینے کا فیصلہ

### قوانین کی خلاف ورزی پر کم سے کم 10 لاکھ جرمانہ اور 10 سال قید تک سزا ہوگی، ذرائع اوگرا

لاہور (این این آئی) آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے ایل پی جی قوانین کی خلاف ورزی پر سخت سزائیں دینے کا فیصلہ کرلیا۔ اوگرا ذرائع کے مطابق غیر معیاری ایل پی جی سلنڈر یا غیر معیاری آلات فروخت کرنے والوں پر بھاری

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر14

## عدالت کا شیر افضل مروت کو گرفتار نہ کرنے کا حکم، درج مقدمات کی رپورٹ طلب

### کسی بھی نامعلوم مقدمے میں گرفتاری سے روکتے ہوئے سیکرٹری وزارت داخلہ، آئی جی، ایف آئی اے کو نوٹس جاری

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے ڈی چوک احتجاج پر شیر افضل مروت کیخلاف درج مقدمات کی تفصیلات فراہمی کی درخواست پر فریقین کو نوٹس جاری کر دیئے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے جج جسٹس ارباب محمد طاہر نے شیر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر17

## بلاول بھٹو زرداری (آج) بھر بھر میں 150 سے زائد اضلاع میں ہونے والی یوم تاسیس کی تقریبات سے خطاب کرینگے

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پی پی پی بلاول بھٹو زرداری پاکستان پیپلز پارٹی کے 57 ویں یوم تاسیس کے موقع پر 30 نومبر بروز ہفتہ شام سوا چھ بجے ملک بھر میں 150 سے زائد اضلاع میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر16

## جے آئی ٹی نے امتیاز محمود شیخ کو عسکری ٹاور حملہ کیس میں گناہ گار قرار دے دیا

### نے نومئی کے مقدمات میں صدر پی ٹی آئی لاہور کی عبوری ضمانت میں 6 دسمبر تک توسیع

لاہور (این این آئی) نومئی عسکری ٹاور حملہ سمیت 3 مقدمات میں صدر پی ٹی آئی لاہور امتیاز محمود شیخ کی عبوری ضمانت میں 6 دسمبر تک توسیع کر دی۔ انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت کے ایڈمن جج منظر علی گل نے سماعت کی۔ عبوری

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر15

## صحافی مطیع اللہ جان کا 2 روزہ جسمانی ریمانڈ اسلام آباد ہائیکورٹ میں چیلنج

### اسلام آباد ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن نے مطیع اللہ جان کے خلاف درج ایف آئی آر کو مضحکہ خیز اور جھوٹا قرار دیدیا

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشتگردی عدالت سے مطیع اللہ جان کا منظور دو روزہ جسمانی ریمانڈ اسلام آباد ہائیکورٹ میں چیلنج کردیا گیا۔ ایڈووکیٹ ایمان مزاری نے مطیع اللہ جان کے جسمانی ریمانڈ کے خلاف درخواست دائر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر18

## احسن اقبال کی زیر صدارت اجلاس، اساتذہ کی تربیتی منصوبے پر بریفنگ دی گئی

### تجویز کردہ تعلیمی اصلاحات پر بات کرتے ہوئے اخلاقی بنیادوں کی بحالی اور نوجوانوں میں عالمی تناظر کو فروغ دینے کی اہمیت پر زور

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی اور خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے اساتذہ کے تربیتی انسٹی ٹیوٹ کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کی جس میں نوجوانوں کو مستقبل کے چیلنجز کے لیے تیار کرنے کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر19

چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی کا نیول آپریشنل بیس اور ماڑہ کا دورہ کر رہے ہیں

## توشہ خانہ ٹو کیس، عمران خان، بشریٰ بی بی کیخلاف فرد جرم کی کارروائی پھر موخر

اسلام آباد (این این آئی) بانی پی ٹی آئی عمران خان اور بشریٰ بی بی کے خلاف توشہ خانہ ٹو کیس میں فرد جرم کی کارروائی ایک بار پھر موخر ہوگئی۔ سپیشل جج سنٹرل شاہ رخ ارجمند نے جوڈیشل کمپلیکس اسلام آباد میں ہی بانی پی ٹی آئی عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کیخلاف توشہ خانہ ٹو

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر20

## مطیع اللہ جان کا جرم یہ ہے کہ ان کے پاس ہسپتالوں کا ڈیٹا ہے، بیرسٹر سیف

### جعلی وزراء پریس کانفرنس کے ذریعے اسلام آباد کے اسپتالوں کا ڈیٹا چھپانے کی کوشش کر رہے ہیں

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر سیف نے کہا ہے کہ مطیع اللہ جان کا جرم یہ ہے کہ ان کے پاس اسپتالوں کا ڈیٹا ہے۔ پی ٹی آئی احتجاج کے خاتمے کے بعد حکومتی بیانات پر اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے صوبائی مشیر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر31

## عدالت نے سڑکوں اور موٹر ویز کی بندش کیخلاف درخواست نمٹادی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سڑکوں اور موٹر ویز کی بندش کیخلاف درخواست غیر مؤثر قرار دیتے ہوئے نمٹا دی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس فاروق حیدر نے اعجاز خان ایڈووکیٹ کی درخواست پر سماعت کی، درخواست میں وفاق اور حکومت پنجاب سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر30

## عافیہ صدیقی کیس کی سماعت کے دوران انٹرنیٹ سست ہونے پر عدالت برہم

### کیا پی ٹی اے کو نوٹس کر دوں کہ عدالت میں بھی انٹرنیٹ صحیح کام نہیں کر رہا، جسٹس سردار اعجاز اسحاق خان

اسلام آباد (این این آئی) ڈاکٹر عافیہ صدیقی کیس کی سماعت کے دوران انٹرنیٹ کی سست روی پر اسلام ا?باد ہائی کورٹ نے برہمی کا اظہار کیا ہے۔ دوران سماعت، ڈاکٹر عافیہ کے وکیل کلائیو اسمتھ ویڈیو لنک پر آئے تو آواز سنائی ہی نہیں دی،

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر29

## بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کیخلاف توشہ خانہ کیس 2 کی سماعت ملتوی

راولپنڈی (این این آئی) توشہ خانہ کیس 2 کی سماعت 3 دسمبر تک ملتوی کردی گئی۔ اسلام آباد کے جوڈیشل کمپلیکس میں بانی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کے خلاف توشہ خانہ کیس 2 کی سماعت ہوئی۔ اسپیشل جج سینٹرل شاہ رخ ارجمند نے کیس کی سماعت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر28

## آرٹیفیشل انٹیلیجنس کے ذریعے ملک کیخلاف منظم سازش کی جارہی ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

### طلبہ نے اس جھوٹے پروپیگنڈے کو روکنا ہے، وزیراعلیٰ کا اسکوٹیاں تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا کہنا ہے کہ دیگر ممالک میں بیٹھ کر ہمارے خلاف آرٹیفیشل انٹیلیجنس کے ذریعے منظم سازش کی جارہی ہے۔ گرلز کالج کوئٹہ میں اسکوٹیاں تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر27

## اسموگ کی وجہ سے ہر 10 میں سے 7 پاکستانیوں کو صحت کے مسائل کا سامنا ہے، سروے

### مسائل میں کھانسی، نزلہ اور سانس لینے میں دشواری کی علامات عام ہیں، رپورٹ جاری

اسلام آباد (این این آئی) عالمی ادارے اپسوس کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ پاکستان میں اسموگ کی وجہ سے ہر 10 افراد میں سے 7 لوگوں کو صحت کے مسائل کا سامنا ہے، ان مسائل میں کھانسی، نزلہ اور سانس لینے میں دشواری کی علامات عام

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر21

## ڈی چوک پر حکومت نے سفاکیت کا مظاہرہ کیا، حافظ نعیم الرحمن

### سیاسی کارکنوں پر گولیاں چلانے کے عمل میں ملوث وزیر داخلہ محسن نقوی فوری استعفیٰ دیں

### 26 نومبر کی رات ہونے والے واقعہ کی تحقیقات کے لیے بااختیار اور بااعتماد جوڈیشل کمیشن بنایا جائے، امیر جماعت اسلامی

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ سیاسی کارکنوں پر گولیاں چلانے کے عمل میں ملوث وزیر داخلہ محسن نقوی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر26


PRESS CONFERENCE JAMAAT E ISLAMI
MEDIA TALK JAMAAT E ISLAMI

لاہور، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن پریس کانفرنس کر رہے ہیں

## یکم دسمبر سے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمت میں اضافے کا امکان

### اسرائیل حزب اللہ کی جنگ بندی کی وجہ سے عالمی منڈیوں میں پی او ایل کی قیمتوں میں کمی کی توقع

اسلام آباد (این این آئی) موجودہ 15 دن کے آخری 12 دنوں میں بین الاقوامی قیمتوں میں ہونے والے معمولی اضافے کو مدنظر رکھتے ہوئے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر23

## کراچی، 2 موٹر سائیکلوں میں تصادم، 1 ہلاک، 5 زخمی

### دونوں موٹر سائیکلوں پر 6 افراد سوار تھے، زخمیوں کو عباسی شہید اسپتال منتقل کیا گیا

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے جنجال گوٹھ میں 2 موٹر سائیکلیں ٹکرانے سے 1 شخص جاں بحق 5 افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر25

## چوہدری شافع حسین کا چائنیز قونصلیٹ کا دورہ، چینی قونصل جنرل سے ملاقات

### چین اور پنجاب کے مابین زراعت، توانائی، ٹیکنیکل ایجوکیشن، ٹیکسٹائل اور دیگر شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

### پنجاب حکومت کا الیکٹرک وہیکلز کے فروغ پر فوکس ہے، ٹیکسٹائل سیکٹر کے فروغ کیلئے گارمنٹ سٹی بنایا جارہا ہے، شافع حسین

لاہور (کامرس رپورٹر) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے چائنیز قونصلیٹ کا دورہ کیا۔ چینی قونصل جنرل ژاؤشیرن سے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر22

لاہور، وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین چینی قونصل جنرل ژاؤشیرن سے ملاقات کر رہے ہیں

## کراچی ایئرپورٹ پر چینی شہریوں پر حملہ، تفتیش کے لیے جے آئی ٹی تشکیل

### محکمہ داخلہ سندھ نے جے آئی ٹی کے قیام کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا

کراچی (این این آئی) کراچی ایئرپورٹ پر چینی شہریوں پر حملے میں ملوث ملزمان سے تفتیش کے لیے جے آئی ٹی تشکیل دی گئی ہے۔ اس جے آئی ٹی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر24

روزنامہ قوت لاہور

# سٹی نیوز

## پنجاب کے تمام ڈویژنز و اضلاع کے افسران کی کارکردگی مانیٹر کرنے کیلئے ڈیش بورڈ تیار کیا گیا ہے، ایس ایم بی آر

لاہور (سٹاف رپورٹر) سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو پنجاب نبیل جاوید کی زیرصدارت بی او آر کی پرفارمنس انڈیکیٹرز کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری ریونیو بورڈ حافظ احمد طارق، ڈی جی لینڈ ریکارڈز اتھارٹی پنجاب اکرام الحق سمیت دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر ایس ایم بی آر نے کہا کہ بورڈ آف ریونیو کے کی پرفارمنس انڈیکیٹرز کے تحت پنجاب کے تمام ڈویژنز و اضلاع سے موضعات کا تصدیق شدہ ڈیٹا لینڈ ریکارڈ اتھارٹی کو آن لائن جمع کروایا گیا ہے جسے ڈیجیٹائز کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بورڈ آف ریونیو میں ڈیش بورڈ تیار کیا گیا ہے جس کے ذریعے مختلف انڈیکیٹرز کے تحت پنجاب کے تمام ڈویژنز کے کمشنرز اور اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز کی کارکردگی کو مانیٹر کیا جائے گا اور اس ڈیش بورڈ کے ذریعے بورڈ کے ممبران کی کارکردگی کا بھی جائزہ لیا جائے گا۔ نبیل جاوید نے بتایا کہ ڈیش بورڈ انڈیکیٹرز میں فیصلہ شدہ کیس، فیلڈ وزٹ، سائلین کیلئے سہولیات، ڈویژنز و اضلاع میں جدت و توسیع کے منصوبے، سرکاری اراضی کی لیز و آکشن اور تقسیم و وٹہ اجات اور سرکاری واجبات کی ریکوری شامل ہیں۔ ان تمام انڈیکیٹرز کے نمبر رکھے گئے ہیں جن کے ذریعے کارکردگی کی جانچ کی جائے گی۔

## شہر میں چوری و ڈکیتی کی متعدد وارداتیں رپورٹ

### شہریوں سے لاکھوں روپے، موبائل فون اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان چھین لیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں چوری و ڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں شہریوں سے لاکھوں روپے طلائی زیورات موبائل فون موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان چھین لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈیفنس میں عاطف سے 1 لاکھ 70 ہزار روپے اور موبائل فون۔ نواب ٹاؤن میں افضال سے 1 لاکھ 65 ہزار روپے اور موبائل فون، گڑھی شاہو میں الطاف سے 1 لاکھ 50 ہزار روپے موبائل فون اور دیگر سامان۔ فیصل ٹاؤن میں کمال حیدر سے 1 لاکھ 40 ہزار روپے اور موبائل فون وحدت کالونی میں ذوالفقار سے 1 لاکھ 25 ہزار نقدی اور موبائل فون، کاہنہ میں واصف سے 1 لاکھ 20 ہزار روپے موبائل فون اور دیگر سامان لوٹ لیا گیا۔ غازی آباد اور مسلم ٹاؤن سے گاڑیاں جبکہ شفیق آباد شادباغ اور غالب مارکیٹ سے موٹر سائیکلیں چوری ہو گئیں۔

رکشہ ڈرائیور لوہے کی الماریاں لوڈر رکشے میں رکھ کر لے جا رہا ہے

## دفتر محتسب پنجاب کی کاوشوں سے 12 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی 9 کنال سرکاری زمین واگزار، 65 سائلین کو واجبات کی ادائیگی

لاہور (سٹاف رپورٹر) دفتر محتسب پنجاب کی کاوشوں کے نتیجے میں صوبہ بھر سے 9 کنال 7 مرلے سرکاری زمین واگزار کروا لی گئی ہے، جس کی مجموعی مالیت 12 کروڑ روپے سے زائد ہے۔ یہ کارروائی سرکاری رقبے پر قبضہ اور گزرگاہوں کی بحالی سے متعلق متعدد شکایات کے بعد کی گئی۔ محتسب پنجاب کی ہدایات پر متعلقہ صوبائی محکمہ جات نے فوری اقدامات کرتے ہوئے اس زمین کو قبضہ مافیا سے واگزار کروا لیا۔ تفصیلات کے مطابق، دفتر محتسب پنجاب میں شکایت کنندگان نے سرکاری زمین اور گزرگاہوں پر ناجائز قبضے سے متعلق شکایات درج کرائیں۔ ان درخواستوں پر کارروائی کرتے ہوئے دفتر محتسب نے صوبائی محکموں کو فوری اقدامات کا حکم دیا، جس کے نتیجے میں 12 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی 9 کنال 7 مرلے سرکاری زمین قبضہ مافیا سے واگزار کرا لی گئی۔ اس کے علاوہ، دفتر محتسب پنجاب کی موثر کارروائی کے نتیجے میں مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے 65 درخواست گزاروں کو ان کے زیر التواء واجبات کی ادائیگی بھی کی گئی۔ ان میں سے 2 درخواست گزاروں کو ماہانہ مالی امداد کی مد میں 38 لاکھ روپے، 7 درخواست گزاروں کو ڈیتھ گرانٹ اور میرج گرانٹ کی مد میں 17 لاکھ 15 ہزار روپے، 2 درخواست گزاروں کو گروپ انشورنس کلیم کی مد میں 2 لاکھ 69 ہزار روپے اور 54 درخواست گزاروں کو تعلیمی وظائف کی مد میں 16 لاکھ 42 ہزار روپے کی ادائیگی کی گئی۔

## جامعہ رسولیہ شیرازیہ میں علماء و مشائخ کنونشن آج ہوگا

### ادارے کی نشاط ثانیہ اور تعمیر نو کا سنگِ بنیاد رکھا جائے گا، تفسیر قرآن کی رونمائی بھی ہوگی

لاہور (پ ر) جامعہ رسولیہ شیرازیہ بلال گنج میں علماء و مشائخ کنونشن آج (30 نومبر بروز ہفتہ صبح 10 بجے) ہوگا۔ جس کی صدارت علامہ قاری طیب قادری، صاحبزادہ رضائے مصطفیٰ نقشبندی کریں گے جبکہ کنونشن سے چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل علامہ ڈاکٹر راغب حسین نعیمی، عالمی مبلغ اسلام پیرزادہ رضا ثاقب مصطفائی، صاحبزادہ عبدالمصطفیٰ ہزاروی، مفتی رمضان سیالوی، مفتی عبدالعلیم سیالوی، حافظ عبدالستار سعیدی و دیگر مذہبی رہنما خطاب کریں گے۔ ادارے کی نشاط ثانیہ اور تعمیر نو کا سنگ بنیاد بھی رکھا جائے گا۔ علامہ قاری طیب قادری کی تفسیر قرآن 10 جلدوں میں رونمائی کے لیے بھی پیش کی جائے گی۔ تقریب کا آغاز صبح 10 بجے جبکہ اختتام درود و پیر ایک بجے ہوگی۔ کنونشن میں مفتی سید علی زین العابدین شاہ، مفتی انس عطاری، مفتی راشد محمود رضوی، مولانا میاں محمد رضا نقشبندی، مفتی عمران حنفی، مولانا محمد علی نقشبندی، پیر افضال شاہ ریحان والا، پیر شبیر شفیع، پیر بشیر یوسفی، پیر معاذ المصطفیٰ قادری، پیر اصغر نورانی، پیر سید عثمان نوری، پیر ذوالفقار ہاشمی، مولانا احسان الحق صدیقی، مولانا اعظم نعیمی، پیر حفیظ اظہر و کثیر علماء و مشائخ خصوصی شرکت کریں گے۔

## صحافی شاکر محمود بازیابی کیس، مغوی کو پیر تک عدالت میں پیش کرنے کی ہدایت

### مغوی ہمارے پاس نہیں، پولیس، ایڈووکیٹ اظہر صدیق نے ایس پی کو چھاپے کی ویڈیو دکھادی

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے صحافی شاکر محمود اعوان کی بازیابی کے لیے دائر درخواست پر مغوی کو پیر تک عدالت میں پیش کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے آئی جی پنجاب کو دوبارہ ذاتی حیثیت میں طلب کر لیا۔ ہائیکورٹ کے جسٹس طارق سلیم شیخ نے صحافی شاکر اعوان کی والدہ کی درخواست پر سماعت کی، سرکاری وکیل نے عدالت میں بتایا کہ عدالت کے حکم کی تعمیل کے لیے تمام کوششیں کر رہے ہیں، مزید وقت مل جائے تو عدالتی حکم کی تعمیل ہوگی۔ ایس پی پولیس نے کہا کہ مغوی ہمارے پاس نہیں ہیں، اگر آپ کہتے ہیں تو تحریری طور پر دے دیتے ہیں۔ ایڈووکیٹ اظہر صدیق نے ایس پی پولیس کو چھاپے کی ویڈیو دکھائی جس پر انہوں نے منہ پیچھے کر لیا۔ جسٹس طارق سلیم شیخ کی ایس پی کو ہدایت کی کہ آپ منہ کیوں پیچھے کر رہے ہیں، ویڈیو دیکھیں۔ سرکاری وکیل نے کہا کہ مغوی کو ڈھونڈنا ہماری ذمہ داری ہے۔ جسٹس طارق سلیم شیخ نے کہا کہ وہ تو آپ کی ذمہ داری ہے، آپ کو پورا کرنا ہوگی۔ صحافی محمد اشفاق نے بتایا کہ شاکر محمود کو جب گرفتار کیا گیا تو انہیں تھپڑ مارے گئے، پولیس کچھ تو کرے، مطیع اللہ جان کی طرح ان پر بھی کچھ منشیات ڈال دے، آئی جی پنجاب کو طلب کر کے پوچھا جائے شاکر اعوان پر کون سا مقدمہ ہے۔ عدالت نے آئی جی پنجاب کو فوری ذاتی حیثیت میں طلب کر لیا۔ بعد ازاں کیس کی سماعت دوبارہ شروع ہوئی تو ایڈیشنل آئی جی پنجاب شہزادہ سلطان عدالت میں پیش ہوئے، سرکاری وکیل نے شاکر اعوان کے اغوا پر درج مقدمہ عدالت میں پیش کر دیا گیا۔ ایڈووکیٹ اظہر صدیق نے عدالت میں موقف اپنایا کہ ایف آئی آر درج کر کے پولیس نے خود سے وزن اتار دیا ہے۔ عدالت نے ایڈیشنل آئی جی سے استفسار کیا کہ آئی جی پنجاب کدھر ہیں؟ ایڈیشنل آئی جی نے بتایا کہ آئی جی اسلام آباد میں ہیں۔

## ملک میں مہنگائی کی شرح میں کمی ہونا شروع، سالانہ بنیادوں پر مہنگائی کی شرح 13.5 فیصد رہی

### ملک میں حالیہ ہفتے 12 اشیا ضروریہ مہنگی، 9 اشیا سستی ہوئیں، 30 اشیا کی قیمتیں مستحکم رہیں، وفاقی ادارہ شماریات

لاہور (خبر نگار) ملک میں مسلسل تین ہفتے مہنگائی کی شرح میں اضافے کے بعد مہنگائی کی شرح میں کمی ہونا شروع ہوگئی تاہم حالیہ ہفتے 12 اشیا مہنگی اور 9 اشیا سستی ہوئیں جبکہ 30 اشیا کی قیمتیں مستحکم رہیں، حالیہ ہفتے مہنگائی میں 0.03 فیصد کی معمولی شرح کے حساب سے کمی واقع ہوئی ہے جبکہ سالانہ بنیادوں پر مہنگائی کی شرح 13.5 فیصد رہی ہے۔ وفاقی ادارہ شماریات کی جانب سے جمعہ کو مہنگائی کی ہفتہ وار رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ حالیہ ہفتے کے دوران ملک میں مہنگائی سے سب سے زیادہ متاثر 44 ہزار 176 روپے ماہانہ سے زائد آمدنی رکھنے والا طبقہ متاثر ہوا، اس طبقے کیلئے مہنگائی کی شرح 5.58 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ جاری کردہ مہنگائی کی ہفتہ وار رپورٹ کے مطابق حالیہ ہفتے کے دوران آلو کی قیمتوں میں 3.34 فیصد، انڈوں کی قیمتوں میں 0.65 فیصد، کیلوں کی قیمتوں میں 1.13 فیصد، واشنگ سوپ کی قیمتوں میں 0.53 فیصد، سرسوں کے تیل کی قیمتوں میں 0.91 فیصد، لہسن کی قیمتوں میں 1.69 فیصد، ایل پی جی کی قیمتوں میں 0.20 فیصد اور گھی کی قیمتوں میں 0.93 فیصد اضافہ ہوا جبکہ دال چنا کی قیمتوں میں 1.60 فیصد رہی، دال ماش کی قیمتوں میں 0.53 فیصد، دال مسور کی قیمتوں میں 1.38 فیصد، چکن کی قیمتوں میں 3.78 فیصد، دال مونگ کی قیمتوں میں 0.25 فیصد، گڑ کی قیمتوں میں 0.59 فیصد اور ٹوٹا چاول کی قیمتوں میں 1.15 فیصد کمی واقع ہوئی۔ اعداد و شمار میں بتایا گیا ہے کہ حالیہ ہفتے کے دوران حساس قیمتوں کے اشاریے کے لحاظ سے سالانہ بنیادوں پر 17 ہزار 732 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کیلئے مہنگائی کی شرح 0.06 فیصد اضافے کے ساتھ 3.74 فیصد، 17 ہزار 733 روپے سے 22 ہزار 888 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کیلئے مہنگائی کی شرح 0.02 فیصد اضافے کے ساتھ 3.79 فیصد رہی۔

## ایگزیکٹو ڈائریکٹر الحمراء سارہ رشید سے نامور اداکار افتخار ٹھاکر کی ملاقات

### الحمراء ایکٹنگ، ڈائریکشن اور رائٹنگ میں ایک ماہ کی تھیٹر ورکشاپ کا انعقاد کرے گا

لاہور (خبر نگار) ایگزیکٹو ڈائریکٹر لاہور آرٹس کونسل الحمراء سارہ رشید کے ساتھ نامور اداکار افتخار ٹھاکر نے ملاقات کی۔ ملاقات میں اہم امور پر گفتگو ہوئی۔ سارہ رشید نے فیصلہ کیا کہ الحمراء اپنے لیجنڈ کی مہارتوں سے مستفید ہونے کے لئے ایکٹنگ، ڈائریکشن اور رائٹنگ کے شعبوں میں ایک ماہ کی تھیٹر ورکشاپ کا انعقاد کرے گا۔ ورکشاپ کا مقصد آج کی نوجوان نسل کو فنون لطیفہ کے اہم شعبہ ''تھیٹر'' میں ماہر بنانا ہے۔ 15 برس سے زائد عمر کے نوجوان 10 دسمبر تک 5000 روپے میں اپنی رجسٹریشن کروا سکتے ہیں۔ 11 دسمبر 2024 سے شروع ہونے والی ورکشاپ 10 جنوری 2025 تک جاری رہے گی۔ ورکشاپ میں تھیٹر کی دنیا کے معتبر نام نوجوانوں کو تربیت فراہم کریں گے۔

سیکرٹری جنرل چودھری عامر حبیب، اسمبلی اور پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے درمیان معاہدے پر دستخط کر رہے ہیں

## معاہدے کے تحت اسمبلی میں شفافیت، کارکردگی، اور انتظامی امور میں انقلابی تبدیلیاں لائی جائیں گی

### سیکرٹری جنرل پنجاب اسمبلی چودھری عامر حبیب نے پنجاب اسمبلی اور چیئرمین پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ نے معاہدے پر دستخط کئے

### پنجاب اسمبلی اور پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ (PITB) کے درمیان اسمبلی ملازمین کے لئے جدید ہیومن ریسورس مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم (HRMIS) کے نفاذ کے لیے معاہدے پر دستخط

لاہور (خبر نگار) پنجاب اسمبلی اور پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ (PITB) کے درمیان اسمبلی ملازمین کے لئے جدید ہیومن ریسورس مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم (HRMIS) کے نفاذ کے لیے معاہدے پر دستخط ہوئے۔ اس معاہدے کے تحت اسمبلی میں شفافیت، کارکردگی، اور انتظامی امور میں انقلابی تبدیلیاں لائی جائیں گی۔ سیکرٹری جنرل پنجاب اسمبلی چودھری عامر حبیب نے پنجاب اسمبلی اور چیئرمین پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ نے معاہدے پر دستخط کیے۔ اس موقع پر سیکرٹری جنرل پنجاب اسمبلی چودھری عامر حبیب نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے اسمبلی کی خدمات کی فراہمی میں نمایاں بہتری آئے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ HRMIS نظام ملازمین کا ڈیٹا، حاضری، اور انوینٹری سسٹم کو خودکار بنائے گا، جو اسمبلی کے روزمرہ امور کو جدید خطوط پر استوار کرے گا۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل PITB نے کہا کہ یہ نظام ملازمین کی چھٹیوں، پنشن، اور ترقی کے معاملات کو تیز اور شفاف بنائے گا۔ انہوں نے یقین دلایا کہ PITB اسمبلی کی ضروریات کے مطابق ایک مضبوط اور موثر HRMIS نظام فراہم کرے گا۔

## 1500 سے زائد برآمد کنندگان ٹیکس فری درآمدات سے فائدہ اٹھا رہے ہیں، ایف بی آر

لاہور (سٹاف رپورٹر) فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی ایکسپورٹ سہولت اسکیم کے تحت 1500 سے زائد برآمد کنندگان ڈیوٹی اور ٹیکس فری درآمدات کی سہولت سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ تفصیلات میں بتایا گیا ہے کہ ای ایف ایس ایک معروف برآمدی اسکیم کے طور پر ابھری ہے جس کا مقصد چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں پر خصوصی توجہ کے ساتھ سنگل ایڈمنسٹریٹو دستاویزات کے ذریعے برآمد کنندگان کو سہولت فراہم کرنا ہے۔ اس وقت 1500 سے زائد برآمد کنندگان اس اسکیم سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ ای ایف ایس کے مینوفیکچررز کم ایکسپورٹرز صارفین کو اب تیار مصنوعات میں استعمال ہونے والے مقامی ان پٹ سامان کی خریداری پر سیلز ٹیکس ادا کرنا ہوگا۔ ایس آر او کے تحت صارف اپنے اختیار کے مطابق کسٹم ڈیوٹی، فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی، سیلز ٹیکس یا ود ہولڈنگ ٹیکس کی ادائیگی کے بغیر ان پٹ سامان حاصل کرنے کا حقدار ہوگا، اس طرح کے تمام حصولات ان قواعد کے تحت اعلان کردہ صارف کی مینوفیکچرنگ سہولت یا احاطے میں برقرار رہیں گے۔

## پنجاب پولیس سموگ کی روک تھام اور ماحولیاتی تحفظ کیلئے مسلسل مصروف عمل

### گزشتہ روز 8 مقدمات درج، 1 ملزم گرفتار، 438 افراد کو 7 لاکھ روپے سے زائد جرمانے عائد

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر پنجاب پولیس سموگ کی روک تھام اور ماحولیاتی تحفظ کیلئے مصروف عمل ہے اور انسداد سموگ کے حوالے سے ایس او پیز پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا جا رہا ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ گزشتہ 24 گھنٹوں میں صوبہ بھر میں کریک ڈاؤن کے دوران 08 مقدمات درج کئے گئے اور 01 ملزم کو گرفتار کیا گیا، 438 افراد کو 07 لاکھ روپے سے زائد جرمانے عائد کئے گئے اور 28 کو وارننگ جاری کی گئی، فصلوں کی باقیات جلانے کی 02، زیادہ دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کی 345، اینٹوں کے بھٹوں کی 05 خلاف ورزیاں رپورٹ ہوئیں۔ ترجمان پنجاب پولیس نے مزید بتایا کہ رواں برس انسداد سموگ کریک ڈاؤن میں مجموعی طور پر 3128 ملزمان گرفتار کیے گئے اور 3723 مقدمات درج کیے گئے۔ 7293 افراد کو وارننگ جاری کی گئی اور 97144 افراد کو 09 کروڑ، 18 لاکھ روپے سے زائد جرمانے کئے گئے۔ فصلوں کی باقیات جلانے کی 1998، زیادہ دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کی 32252، صنعتی سرگرمی کی 354، اینٹوں کے بھٹوں کی 1384، دیگر مقامات کی 332 خلاف ورزیاں رپورٹ ہوئیں۔ ترجمان پنجاب پولیس نے مزید بتایا کہ گزشتہ 24 گھنٹوں میں زیادہ دھواں چھوڑنے والی 5686 گاڑیوں کے چالان جبکہ 459 کو تھانوں میں بند کیا گیا۔ رواں برس شاہراہات پر زیادہ دھواں چھوڑنے والی 08 لاکھ، 49 ہزار 109 گاڑیوں کے چالان کئے گئے، 01 لاکھ 68 ہزار 873 گاڑیوں کو بند، 10 ہزار 82 گاڑیوں کے فٹنس سرٹیفکیٹ معطل کئے گئے۔

## یو ای ٹی لاہور اور پنک ربن پاکستان کے درمیان معاہدہ

### معاہدے کا مقصد کینسر آگاہی بارے ورکشاپس اور تحقیقی منصوبوں کیلئے دوطرفہ تعاون کیا جائے گا

لاہور (خبر نگار) زینبل سوسائٹی یو ای ٹی اور پنک ربن پاکستان کے درمیان بریسٹ کینسر کے خلاف آگاہی بڑھانے اور خواتین کی صحت کے اقدامات اٹھانے کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوئے۔ معاہدے کا مقصد مشترکہ آگاہی مہمات، تعلیمی ورکشاپس، تحقیقی منصوبے اور پاکستان کے پہلے خصوصی بریسٹ کینسر اسپتال کی تکمیل کے لیے تعاون فراہم کرنا ہے، جو سالانہ 000,40 مریضوں کو علاج کی سہولت فراہم کرے گا۔ اس موقع پر وائس چانسلر یو ای ٹی ڈاکٹر شاہد منیر کا کہنا تھا کہ یو ای ٹی کو فخر ہے کہ وہ پنک ربن کے ساتھ مل کر ملک کے ایک اہم صحت کے مسئلے میں اپنی فیکلٹی اور طلبہ کی مہارتوں کو معاشرتی اثرات پیدا کرنے کیلئے استعمال کرے گی۔ تقریب میں وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر اور سی ای او پنک ربن عمر آفتاب نے زینبل سوسائٹی کی ایڈوائزر ڈاکٹر ریحانہ شریف، رجسٹرار محمد آصف، ڈائریکٹر ایکسٹرنل لنکجز ڈاکٹر محمد شفیق، صدر زینبل سوسائٹی مہیرا خالد اور دیگر کی موجودگی میں معاہدہ پر دستخط کیے۔

ایس ڈی ای مغلپورہ کی سربراہی میں سب ڈویژن مغلپورہ میں کھلی کچہری کا انعقاد لوگوں کی دادرسی کی گئی

## لاہور میں الیکٹرک بسیں چلانے کا فیصلہ

### میٹرو بس ٹریک پر الیکٹرک بسیں چلانے کیلئے 5 ارب سے زائد لاگت آئے گی

لاہور (خبر نگار) پنجاب حکومت نے ماحول دوست ٹرانسپورٹ کی جانب بڑا اقدام اٹھاتے ہوئے لاہور کے گرین لائن میٹرو ٹریک پر ڈیزل و پٹرول بسوں کو تبدیل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ میٹرو بس ٹریک پر الیکٹرک بسیں چلانے کیلئے 5 ارب 52 کروڑ 50 لاکھ لاگت آئے گی، لاہور کے گرین لائن میٹرو بس روٹ پر الیکٹرک بسیں چلانے کی ورکنگ کا آغاز کر دیا گیا۔ میٹرو بس روٹ پر مجموعی طور پر 65 الیکٹرک بسوں کو آپریشنل کیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ نے الیکٹرک میٹرو بسوں کے منصوبے کو آئندہ مالی سال میں شامل کرنے کی ہدایت کر دی۔ صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ کے مطابق آئندہ سال لاہور میں میٹرو بس روٹ پر الیکٹرک میٹرو بسوں کو آپریشنل کر دیا جائیگا، الیکٹرک بسیں 7 سے 12 سال تک آپریشنل رہیں گی۔

## لیسکو کی جانب سے ریکوری کا عمل جاری، 24 گھنٹوں کے دوران 218 نادہندگان سے ایک کروڑ 50 لاکھ روپے سے زائد کی ریکوری

لاہور (شہباز احمد بھٹی سے) نادرن سرکل میں 15 نادہندگان سے 4 لاکھ سے زائد، ایسٹرن سرکل میں 21 نادہندہ سے 4 لاکھ روپے سے زائد کی ریکوری کی گئی۔ سینٹرل سرکل میں 43 نادہندگان سے 17 لاکھ روپے سے زائد اور ساؤتھ سرکل میں 21 نادہندگان سے 9 لاکھ روپے سے زائد کی ریکوری کی گئی۔ ننکانہ سرکل میں 17 نادہندگان سے 2 لاکھ روپے سے زائد اور شیخوپورہ سرکل میں 34 نادہندگان سے ایک کروڑ روپے کی ریکوری کی گئی، اوکاڑہ سرکل میں 50 نادہندگان سے 6 لاکھ روپے سے زائد جبکہ قصور سرکل میں 17 نادہندگان سے 3 لاکھ روپے سے زائد کی ریکوری کی گئی۔

## ڈی جی ایل ڈی اے کا کلمہ چوک اور گارڈن ٹاؤن میں بلیوارڈ کا دورہ

لاہور (خبر نگار) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے کلمہ چوک اور گارڈن ٹاؤن میں بلیوارڈ کا دورہ کیا اور ٹیپا کی طرف سے شہر کی اہم شاہراہوں پر نصب روڈ سائنیج کی صفائی کے لیے جاری خصوصی مہم کا جائزہ لیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایت پر ٹیپا ٹیمیں فیلڈ میں متحرک ہیں۔

## نمازوں کے اوقات

| | |
|---|---|
| صبح صادق | 5:03 |
| فجر | 5:45 |
| ظہر | 1:30 |
| عصر | 3:45 |
| مغرب | غروب آفتاب |
| عشاء | 6:45 |

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

## ایمرجنسی نمبرز

| | |
|---|---|
| پولیس ایمرجنسی | 15 |
| آئی جی شکایت سیل | 8787 |
| ریلوے انکوائری | 117 |
| پی آئی اے | 114 |

## ہسپتالوں کے نمبرز

| | |
|---|---|
| جناح ہسپتال | 111-809-809 |
| سروسز ہسپتال لاہور | 99203407-25 |
| میو ہسپتال لاہور | 9921110-6 |
| جنرل ہسپتال لاہور | 99284092-8 |
| پی آئی سی لاہور | 111-786-786 |

## چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل ڈاکٹر محمد راغب حسین نعیمی کا لواحقین سے اظہار تعزیت

### جامعہ نعیمیہ کے رجسٹرار مولانا ارشد جاوید قادری کے بڑے بھائی سیٹھ محمد سلیم انتقال کر گئے

لاہور (پ ر) جامعہ نعیمیہ کے رجسٹرار مولانا ارشد جاوید قادری کے بڑے بھائی سیٹھ محمد سلیم انتقال کر گئے ہیں۔ مرحوم کی نماز جنازہ ان کے آبائی گاؤں دھرمیوالا تحصیل دیپالپور میں ادا کی گئی۔ نماز جنازہ میں جامعہ نعیمیہ سے مولانا فاروق امیر، قاری محمد امین، علامہ محمد ظہیر بابر، مولانا محمد سلیم اور میاں محمد یاسر سمیت عزیز و اقارب اور عامۃ الناس کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ بعد میں مرحوم کو سوگواران کی موجودگی میں آہوں و سسکیوں کے ساتھ سپرد خاک کر دیا گیا۔ مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے قل خوانی 30 نومبر بروز ہفتہ کو دھرمیوالا میں انعقاد پذیر ہوگی۔ مرحوم کے انتقال پر ملال پر چیئرمین اسلامی کونسل علامہ ڈاکٹر محمد راغب حسین نعیمی نے اظہار تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ موت ایک دن مقرر ہے جسے کسی صورت نہیں ٹالا جا سکتا۔ ہمیں دنیا میں رہتے ہوئے آخرت کی تیاری کرنی چاہیے۔ ہم مرحوم سیٹھ محمد سلیم کے انتقال پر ان کے لواحقین کے ساتھ اظہار تعزیت کرتے ہیں۔ اور ہم دعا گو ہیں اللہ تعالیٰ لواحقین کو صبر جمیل عطاء فرمائے اور مرحوم کو جنت الفردوس عطاء فرمائے۔

## فکرِ بھٹو اور شہید محترمہ بینظیر بھٹو کا فلسفہ و ویژن ہمارے لئے مشعلِ راہ ہیں، رانا جمیل منج

### جمہوریت کی خاطر قید و بند اور جلاوطنی، کوڑے کھانے والے جیالوں کو سلام پیش کرتے ہیں، جنرل سیکرٹری لاہور

لاہور (سٹاف رپورٹر) پیپلز پارٹی لاہور کے جنرل سیکرٹری رانا جمیل منج نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی صرف جماعت نہیں ایک تحریک ہے، قائد عوام شہید بھٹو نے اپنی جماعت کی بنیاد سیاسی تدبر اور دوررس ویژن پر رکھی تھی، قائد عوام کے ویژن پر عمل کرتے ہوئے ہمیں ایک خوشحال اور مضبوط پاکستان تعمیر کرنا ہے۔ انہوں نے پارٹی کے یوم تاسیس پر اپنے پیغام میں کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو نے 30 نومبر 1967ء کو پاکستان پیپلز پارٹی کی بنیاد ان رہنما اصولوں اور عزم کے ساتھ رکھی کہ ملک کے پسماندہ طبقات، محنت کشوں، کسانوں، غریبوں اور مزدوروں کے حقوق کے لیے جدوجہد کر کے وطن عزیز کو ایک ترقی یافتہ، جدید اور خوش حال ریاست بنایا جائے۔ فکرِ بھٹو اور شہید محترمہ بینظیر بھٹو کا فلسفہ و ویژن ہمارے لئے مشعلِ راہ ہیں، جمہوریت کی خاطر قید و بند اور جلاوطنی، کوڑے کھانے والے جیالوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔ رانا جمیل منج نے کہا کہ جمہوریت کی خاطر پھانسی کے پھندے چومنے والے جیالوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔

آخر کب تک
ملک آگے بڑھ رہا ہے تو آگے بڑھنے دو
حکومتِ پنجاب
SPL-1673

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت
لاہور

# ماحولیاتی آلودگی کے ایس او پیز میں کوتاہی برداشت نہیں، عبدالقیوم

## گزشتہ برس متعدد صنعتی یونٹس کو نوٹسز جاری کیے گئے وارننگ کے بعد انکی کڑی مانیٹرنگ کی گئی جبکہ ماحولیاتی آلودگی کے تدارک کے حوالے سے اقدامات نہ اٹھانے والے صنعتی یونٹس کو بھاری جرمانے کیے گئے، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ماحولیات

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) محکمہ ماحولیات کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر عبدالقیوم نے کہا ہے کہ مقامی صنعتی یونٹس کی مانیٹرنگ مسلسل جاری ہے جبکہ بھٹہ جات کو زگ زیگ ٹیکنالوجی پر منتقل کرنے کے عمل کی بھی مکمل نگرانی کی جا رہی ہے جو فیکٹری و بھٹہ مالکان ماحولیاتی آلودگی کے ایس او پیز پر عملدرآمد میں کوتاہی برتیں گے ان کے خلاف فوری کاروائی عمل میں لائی جائے گی گزشتہ برس متعدد صنعتی یونٹس کو نوٹسز جاری کیے گئے وارننگ کے بعد انکی کڑی مانیٹرنگ کی گئی جبکہ ماحولیاتی آلودگی کے تدارک کے حوالے سے اقدامات نہ اٹھانے والے صنعتی یونٹس کو بھاری جرمانے کیے گئے اور مقدمات کا اندراج یقینی بنا کر انکے خلاف قانونی کاروائی آگے بڑھائی گئی اسی طرح زیگ زیگ ٹیکنالوجی پر منتقل نہ ہونے والے بھٹہ جات کو بھی مسمار کیا گیا، ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، اسسٹنٹ ڈائریکٹر عبدالقیوم نے بتایا کہ محکمہ کی طرف سے اٹھائے گئے موثر و مربوط اقدامات کا نتیجہ ہے کہ ضلع کا ماحولیاتی انڈکس بہتر ہوا ہے سموگ کی لہر ختم ہو چکی ہے اور آئندہ اس کے مضر اثرات سے بچاؤ کیلئے پورا سال بھرپور کاروائیاں کی جائیں گی تاکہ ماحول کو سازگار بنا کر شہریوں کی صحت کو تحفظ فراہم کیا جا سکے، محکمہ کے تحت مختلف اقدامات کو آگے بڑھایا جا رہا ہے جن میں عوامی آگاہی سرفہرست ہے جس کے تحت ماحول کو صاف ستھرا رکھنے کی عوام کو ترغیب دی جا رہی ہے، انہوں نے کہا کہ ماحولیاتی آلودگی میں کمی کے حوالے سے شہریوں کا کردار بھی کلیدی ہے جنہیں دھواں پیدا کرنے کے عوامل سے مکمل گریز برتنا ہوگا وگرنہ انہیں بھی قانونی کاروائی کا سامنا کرنا پڑے گا۔

## سیو غزہ کمپئین اور ٹیم عافیہ کے باہمی تعاون کے ساتھ یونیورسٹی آف سرگودھا کے باہر کیمپ لگایا

### کیمپ کا مقصد عوام کو غزہ کے مسلمانوں کے ساتھ ہوتے ظلم کے خلاف آگاہی دینا تھا

PALESTINE
AWARNESS CAMP

سرگودھا (عبدالمنان چودری سے) یونیورسٹی آف سرگودھا کے طلبہ اور طالبات نے سیو غزہ کمپئین اور ٹیم عافیہ کے باہمی تعاون کے ساتھ یونیورسٹی آف سرگودھا کے باہر کیمپ لگایا جس کا مقصد عوام کو غزہ کے مسلمانوں کے ساتھ ہوتے ظلم کے خلاف آگاہی دینا اور فلسطینی مسلمانوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کرنا تھا عالم اسلام کو یہ پیغام دینا کہ پاکستانی نوجوان اپنے فلسطینی بھائیوں کے ساتھ کھڑے ہیں پچھلے اکیس سال سے ناحق قید و بند میں بہت سی صعوبتیں برداشت کرنے والی بیٹی عافیہ صدیقی کے لیے آنلائن پٹیشنز دائر کروائی گئیں تاکہ۔ بتایا جا سکے کہ عافیہ کا معاملہ پوری قوم کا معاملہ ہے۔ اس موقع پر طلبہ اور طالبات نے مختلف گاڑیوں میں سفر کرنے والے افراد میں پمفلٹ بھی تقسیم کیے۔ جس کا مقصد سرگودھا کے شہریوں کو فلسطینی مصنوعات کے بائیکاٹ کے لیے قائل کرنا تھا اس موقع پر طلبہ اور طالبات جن میں حذیفہ نورین نوشین نسرین اختر خالدہ ضیا شبنم رضا کا کہنا تھا کہ فلسطینیوں سے محبت صرف اور صرف اسرائیلی مصنوعات کے بائیکاٹ سے ہی ممکن ہے

## حکومت پاکستان کی جانب سے ساتویں زراعت شماری 16 دسمبر سے شروع ہوگی، تنویر یاسین

### ضلع بھر کے زمینداروں، کاشتکاروں کی زرعی اراضی، فصلوں، مال مویشی اور زرعی مشینری کا ڈیجیٹیل و کمپیوٹرائزڈ ریکارڈ مرتب کیا جائیگا

حافظ آباد (رانا آصف علی) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو حافظ آباد تنویر یاسین کا کہنا ہے کہ محکمہ شماریات حکومت پاکستان کی جانب سے ساتویں زراعت شماری 16 دسمبر سے شروع ہوگی۔ جس میں ضلع بھر کے زمینداروں، کاشتکاروں کی زرعی اراضی، فصلوں، مال مویشی اور زرعی مشینری کا ڈیجیٹیل و کمپیوٹرائزڈ ریکارڈ مرتب کیا جائیگا۔ ساتویں زراعت شماری کے لیے ٹیموں کی تین روزہ ٹریننگ کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو تنویر یاسین نے گورنمنٹ بوائز ہائی سکول حافظ آباد میں قائم ٹریننگ سنٹر کا دورہ کیا۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر محکمہ شماریات مزمل حسین نے انہیں زراعت شماری کے حوالے سے بریفنگ دی۔ ساتویں زراعت شماری کے لیے محکمہ زراعت، لائیوسٹاک، تعلیم، پلانٹ پروٹیکشن/ واٹر مینجمنٹ کے افسران وملازمین کی ٹریننگ شروع کر دی گئی ہے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو تنویر یاسین نے ٹریننگ حاصل کرنے والے تمام محکموں کے افسران وملازمین کو ہدایت کی کہ ساتویں زراعت شماری کے حوالے سے زمینداروں و کاشتکاروں کا تمام ضروری کوائف پوری ذمہ داری اور حقائق کی بنیاد پر مرتب کیے جائیں تاکہ محکمہ شماریات کے اس ضروری واہم پروگرام کو احسن طریقے سے مکمل کیا جا سکے۔

# شہری پولیس سے متعلقہ شکایات نوٹ کرواسکتے ہیں دادرسی یقینی بنائی جائیگی، ڈی پی او

## کھلی کچہری میں ایس ایچ او تھانہ سٹی، انچارج شکایت سیل اور دیگر پولیس افسران اور نمازیوں کی کثیر تعداد موجود تھی۔ سرکل ڈی ایس پیز، ایس ایچ اوز نے اپنے اپنے علاقوں میں نماز جمعہ کے موقع پر کھلی کچہریاں لگائیں

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق کمیونٹی پولیسنگ کے فروغ کیلئے اقدامات جاری ہیں۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد نے جمعۃ المبارک کے موقع پر جامعہ مسجد امیر حمزہ، سیٹلائٹ ٹاؤن چنیوٹ میں کھلی کچہری لگائی۔ کھلی کچہری میں ایس ایچ او تھانہ سٹی، انچارج شکایت سیل اور دیگر پولیس افسران اور نمازیوں کی کثیر تعداد موجود تھی۔ سرکل ڈی ایس پیز، ایس ایچ اوز نے اپنے اپنے علاقوں میں نماز جمعہ کے موقع پر کھلی کچہریاں لگائیں، لوگوں کے مسائل سنے۔ ڈی پی او عبداللہ احمد نے شہریوں کے مسائل سنے، مسائل کے حل کی یقین دہانی کروائی۔ ڈی پی او نے متعلقہ افسران کو دادرسی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ کمپلینٹ سیل کو درخواستوں کی دادرسی یقینی بنوا کر فالو اپ رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی گئی۔ ڈی پی او نے پنجاب پولیس کی مختلف سروسز سے متعلق شرکاء کو بریفنگ دی۔ ڈی پی او نے پنجاب پولیس پاکستان ایپ اور دیگر ڈیجیٹیل پولیس سروسز سے شرکاء کو آگاہی دی۔ ڈی پی او نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مسجد میں کھلی کچہری لگانا حضرت محمد ﷺ کی سنت ہے تاکہ آپ کے مسائل آپ کے پاس آ کر سن کر حل کیے جائیں اور کمیونٹی پولیسنگ کو فروغ دیا جائے۔ شہری معاشرتی، اخلاقی برائیوں وجرائم پیشہ عناصر سے متعلق اطلاع دے سکتے ہیں۔ شہری پولیس سے متعلقہ شکایت نوٹ کروا سکتے ہیں، انکی دادرسی یقینی بنائی جائے گی۔ ڈی پی او نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ لوگوں کی جان و مال کی حفاظت، امن و امان کا قیام اولین ترجیح ہے۔ تمام وسائل بروئے کار لاتے ہوئے پبلک سروس ڈیلیوری میں بہتری کیلئے اقدامات جاری ہیں۔ شہری کسی بھی مسئلے، پریشانی یا جرائم پیشہ عناصر سے متعلق ڈی پی او چنیوٹ کے نمبر 0323-7543444 پر دے سکتے ہیں۔

## حافظ آباد: مختلف مقامات پر 35 ایکڑ سے زائد سرکاری اراضی کے نیلام عام کا شیڈول جاری

### مختلف مقامات پر سرکاری اراضی کی نیلامی 2 دسمبر کو دن گیارہ بجے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل کے کانفرنس ہال میں منعقد ہوگی

حافظ آباد (رانا طارق محمود) حافظ آباد میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے مختلف مقامات پر 35 ایکڑ سے زائد سرکاری اراضی کے نیلام عام کا شیڈول جاری کر دیا گیا مختلف مقامات پر سرکاری اراضی کی نیلامی 2 دسمبر کو دن گیارہ بجے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل کے کانفرنس ہال میں منعقد ہوگی۔ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق کا کہنا تھا کہ بولی میں حصہ لینے والے افراد حکومتی و محکمانہ شرائط اور قواعد ضوابط کے مطابق زرضمانت کے لیے مقررہ تاریخ سے قبل اپنے چیک جمع کروائینگے۔ حافظ آباد کے گاؤں چک گیارہ میں 3 ایکڑ 6 کنال 15 مرلے، نواحی گاؤں مدھریانوالہ میں ایک کنال، نواحی گاؤں بچہ کہنہ میں 3 ایکڑ 7 کنال 6 مرلے، موضع کوٹ سرور تحصیل پنڈی بھٹیاں میں 9 ایکڑ 3 کنال 16 مرلے موضع مونا ہنگہ تحصیل پنڈی بھٹیاں میں 5 ایکڑ 7 کنال 14 مرلے اور اسی طرح موضع چوہدو خدایار تحصیل پنڈی بھٹیاں میں 14 ایکڑ 4 کنال 13 مرلے سرکاری اراضی کے نیلام عام کا باقاعدہ شیڈول جاری کر دیا گیا ہے۔

## نارنگ منڈی شہر کی صفائی ستھرائی کا ٹھیکہ نجی کمپنی کے سپرد

### سینٹری ورکرز کی تعداد بڑھا کر 48 کر دی گئی وسائل میں اضافے سے صفائی کی صورتحال بہتر ہوگی

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) نارنگ منڈی شہر صفائی ستھرائی کا ٹھیکہ نجی کمپنی کے سپرد سینٹری ورکرز کی تعداد بڑھا کر 48 کر دی گئی وسائل میں اضافے سے صفائی کی صورتحال بہتر ہوگی شہر کو صاف ستھرا رکھنے میں مدد ملے گی سینٹری انسپکٹر رانا سجاد احمد کی سٹی پریس کلب میں گفتگو ان کا مزید کہنا تھا کہ تین ہفتے قبل ٹاؤن کمیٹی نارنگ کی حدود میں صفائی ستھرائی کی ذمہ داری نجی کمپنی کو تفویض کر دی گئی ہے جس سے شہر کو صاف ستھرا رکھنے میں کافی مدد ملے گی سینٹری ورکرز کی تعداد بھی بڑھا دی گئی ہے بہت جلد نئی مشینری آ جائے گی سینٹری ورکرز شہر بھر میں صفائی کر رہے ہیں شہر میں موجود ویسٹ پوائنٹس کی جگہ پر بڑے ڈرمز لگائے جائیں گے تاکہ شہر کا حسن خراب نہ ہو صاف ستھرا نارنگ کے مشن کو تقویت دینے کیلئے شہریوں کا تعاون ضروری ہے شہریوں کو چاہیے کہ شہر کو صاف ستھرا رکھنے کیلئے سینٹری ورکرز کے ساتھ مکمل تعاون کریں۔

## گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ میں تصویری نمائش کا انعقاد

### ستارہ امتیاز پاکستان خواجہ مسعود اختر نے تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ میں علامہ اقبال کی نظم ساقی نامہ کی تصویری نمائش۔ چیئرمین فارورڈ سپورٹس خواجہ مسعود اور وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شازیہ بشیر نے طالبات کے بنائے ہوئے فن پاروں کو سراہا گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ میں شعبہ فائن آرٹس کی جانب سے علامہ اقبال کی نظم ساقی نامہ پر تصویری نمائش کا اہتمام کیا گیا۔ نمائش کے مہمان خصوصی چیئرمین فارورڈ سپورٹس خواجہ مسعود اختر اور وائس چانسلر جی سی ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ پروفیسر ڈاکٹر شازیہ بشیر تھیں۔ مہمانان خصوصی نے نمائش کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر طالبات نے علامہ اقبال کے اشعار ترنم میں گائے اور اپنے خیالات اور تخلیقات کی وضاحت پیش کی۔ اس موقع پر بات کرتے ہوئے خواجہ مسعود نے طالبات اور اساتذہ کی محنت کو سراہا اور وائس چانسلر کا شکریہ ادا کیا کہ وہ طالبات کو ایسا ماحول فراہم کر رہی ہیں جہاں ان کی صلاحیتیں نکھر رہی ہیں۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شازیہ بشیر کا کہنا تھا کہ طالبات نے علامہ اقبال کے اشعار کو نئے رنگوں کے ذریعے انتہائی خوبصورت انداز میں پیش کیا ہے اس نمائش کا مقصد طالبات کی تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا تھا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ بلاشبہ طالبات اور ان کے اساتذہ کی محنت اور لگن نے نمائش کو چار چاند لگا دیئے۔ اس موقع پر انہوں نے علامہ اقبال کی نظم ساقی نامہ کے شعر پڑھے جس کی حاضرین نے کھل کر داد دی۔ نمائش میں پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر زرین فاطمہ رضوی، سنیئر نائب صدر ویمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری گزلیہ وقاص اکرم اعوان چیئرمین ڈیپارٹمنٹل کمیٹی برائے جی ایم اے، جنرل سیکرٹری سیرت سٹڈی سنٹر اسد اعجاز، سنیئر نائب صدر سیالکوٹ چیمبر آف سمال ٹریڈرز اینڈ انڈسٹریز اعجاز غوری، رجسٹرار اعجاز احمد، کنٹرولر امتحانات ملک گلشان اسلم، پروفیسر ڈاکٹر طارق، پروفیسر ڈاکٹر اشفاق، پروفیسر ڈاکٹر الیاس، ڈاکٹر افضال بٹ اور سی ایس او صہیب سلیم سمیت تمام تعلیمی و انتظامی شعبہ جات کے سربراہان نے شرکت کی۔

## مصطفی آباد: دلاور حسین فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام ذیابیطس فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد

### شوگر سے بچاؤ اور اس کی علامات کے حوالے سے آگاہی بھی فراہم کی گئی



مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) دلاور حسین فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام ذیابیطس فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد، شوگر کے فری ٹیسٹ، معائنہ اور ماہرین کی جانب سے مشورے فراہم کیے گئے، شوگر سے بچاؤ اور اس کی علامات کے حوالے سے آگاہی بھی فراہم کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق دلاور حسین فاؤنڈیشن نے نومبر کو "ذیابیطس آگاہی ماہ" کے طور پر منانے کے سلسلے میں آج ایک روزہ ذیابیطس فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا۔ کیمپ دور دراز کے علاقوں میں عوام کو مفت سہولیات فراہم کرنے کے مقصد کے تحت منعقد کیا گیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ہیڈکوارٹر احمد شیر گوندل نے کیمپ کا افتتاح کیا۔ تقریب میں دلاور حسین فاؤنڈیشن کے چیف پروگرام آفیسر یاسر الطاف اور فاؤنڈیشن کی ہیلتھ کیئر ٹیم نے شرکت کی، جن میں ڈاکٹر عامر سلیمی، ڈاکٹر نعیم، ڈاکٹر اقراء اور دیگر ماہرین شامل تھے۔ کیمپ میں عوام کو شوگر کے فری ٹیسٹ، معائنہ اور ماہرین کی جانب سے مشورے فراہم کیے گئے۔ اس کے ساتھ ساتھ شوگر سے بچاؤ اور اس کی علامات کے حوالے سے آگاہی فراہم کی گئی۔ دلاور حسین فاؤنڈیشن 2011 سے ذیابیطس کے خلاف جہاد کر رہی ہے، عوام کو اس بیماری سے بچانے کے لیے مسلسل کوششیں کر رہی ہے۔ چیف پروگرام آفیسر یاسر الطاف نے کہا کہ "ذیابیطس پاکستان میں ایک بڑا مسئلہ بن چکی ہے اور ہمارا عزم ہے کہ ہم ذیابیطس کی آگاہی گھر گھر پہنچائیں گے۔"

## چوہدری عرفان اللہ وڑائچ امیدوار صدر بار کو کامیاب کرائیں گے۔ ملک شہباز احمد

## انشاء اللہ ایس۔ اینڈ۔ اے امیدوار کی جیت یقینی ہے، بیرسٹر وقاص ابریز خان

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) ڈی بی اے سیالکوٹ انتخابات میں ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس کے نامزد کردہ امیدوار صدر چوہدری عرفان اللہ وڑائچ کو بھاری اکثریت سے کامیاب کرائیں گے۔ وکلاء کے بڑے اتحاد کے معزز سنیئر وکلاء اپنے ساتھیوں سمیت الحمدللہ چوہدری عرفان اللہ وڑائچ کی حمایت کیساتھ انکی الیکشن کمپئین کر رہے ہیں۔ ان باتوں کا اظہار معروف لاء آفیسر و ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس کی روح رواں ملک شہباز احمد اعوان ایڈووکیٹ نے خان برادرز کیجانب سے چوہدری عرفان اللہ وڑائچ کی حمایت کیلئے منعقدہ بڑے اجتماع میں خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر بیرسٹر وقاص ابریز خان، شہزاد ابریز خان ایڈووکیٹ ہائی کورٹ، انجینئر جواد ابریز خان ایڈووکیٹ ہائی کورٹ کی جانب سے ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس کے نامزد کردہ امیدوار صدر عرفان اللہ وڑائچ ایڈووکیٹ ہائی کورٹ کو بطور امیدوار صدر 2025 / 2026 ڈسٹرکٹ بار سیالکوٹ ایسوسی ایشن کے لئے حمایت کا اعلان کیا گیا اعلان کے موقع پر وکلاء بار کے جم غفیر سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ انشاء اللہ بھاری اکثریت کیساتھ ہمارے امیدوار صدر کو کامیاب کرائیں گے

## ضلعی انتظامیہ کی ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے کے لئے کاوشیں جاری

ساہیوال (مہرائے ڈی نسیم پیرا سے) ضلعی انتظامیہ کی ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے کے لئے کاوشیں جاری، ڈپٹی کمشنر صائمہ علی کی ہدایت پر محکمہ ماحولیات اور ریونیو کی مشترکہ ٹیم نے متعدد صنعتی یونٹس کا دورہ کیا اور سموگ قوانین کے خلاف ورزی پر چک نمبر 101/9L عارف والا روڈ پر واقع کارمل سیڈ یونٹ کو سیل کرکے ایک لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد کر دیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر صائمہ علی نے ماحولیاتی آلودگی کے خلاف کارروائیاں جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ صنعتی ادارے سموگ رولز کے مطابق اپنے بوائلرز کو بہتر کریں تاکہ آلودگی سے بچا جا سکے۔

## عمران خان کے دور میں ٹی ایل پی پر بدترین جارحیت کی گئی، غلام مصطفی شیخ

### تحریک لبیک کے کارکنوں کو روزے کی حالت میں خون میں نہلایا گیا

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) تحریک انصاف کے کارکنوں پر ظلم کیا گیا جس پر افسوس ہے مگر عمران خان کے دور میں ٹی ایل پی پر بدترین جارحیت کی گئی ہم نے فیض آباد اور مسجد رحمت اللعالمین سے لاشیں اٹھائیں تحریک لبیک کے کارکنوں کو روزے کی حالت میں خون میں نہلایا گیا ہمارے زخمیوں کا علاج بھی نہیں ہونے دیا جاتا تھا ایمبولینسز پر حملے کرکے زخمی کارکنوں اور ڈرائیوروں کو نشانہ بنایا گیا ہمارے کارکنوں نے گولیاں کھائیں 12 ہزار شیل کھا کر خون میں لت پت لبیک یا رسول اللہ اور تاجدار ختم نبوت زندہ باد کے نعرے لگائے پی ٹی آئی والے وہ ظالمانہ وقت کیوں بھول گئے ہیں ان خیالات کا اظہار تحریک لبیک پی پی 136 کے رہنما غلام مصطفی شیخ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ پی ٹی آئی نے جو بویا وہی کاٹ رہی ہے ڈی چوک پر جو کچھ بھی ہوا اس پر افسوس ہے نہیں چاہتے کہ کسی جماعت کے ساتھ وہ کچھ ہو جو فیض آباد اور لاہور میں تحریک لبیک کے کارکنوں کے ساتھ کیا گیا گولیاں اور شیل کھا کر بھی علامہ خادم حسین رضوی نے کارکنوں کو پولیس سمیت کسی پر بھی جوابی وار کرنے سے سخت منع کیا ایسا دلیر لیڈر دوبارہ پیدا نہیں ہوگا۔

## سابق وزیر رانا تنویر اسلام و رانا مقصود قتل کے مقدمہ میں بری ہو گئے

### خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ کے دلائل پر Asj شہزادہ مسعود نے فیصلہ سنایا



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) سیالکوٹ کے تھانہ کینٹ کے مشہور قتل کیس میں نامزد ملزمان پاکستان پیپلز پارٹی کے پسرور سے سابق صوبائی وزیر ڈاکٹر تنویر اسلام رانا اور سابقہ ناظم وسیاسی شخصیت مقصود احمد سلہریا کو فاضل ایڈیشنل سیشن جج سیالکوٹ جناب شہزادہ مسعود بری کر دیا۔ قتل کے ملزمان کیجانب سے پاکستان کے معروف فوجداری وکیل خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ سپریم کورٹ نے مقدمہ قتل بھرپور تیاری کے ساتھ لڑا اور مضبوط و مدلل دلائل پیش کئے۔ ایڈیشنل سیشن جج سیالکوٹ نے مایہ ناز قانون دان خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ سپریم کورٹ کے قانون کے مطابق ٹھوس دلائل سنتے ہوئے تھانہ کینٹ کے مقدمہ قتل کے دونوں ملزمان کو مقدمہ قتل سے بری کر دیا۔ معروف قانون دان خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ سپریم کورٹ پاکستان پیپلز پارٹی سینٹرل پنجاب کے سنیئر نائب صدر بھی ہیں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میرے موکلان بے گناہ تھے اور انکی بیگناہی ثابت کرنے کیلئے بھرپور انداز میں مقدمہ لڑا اور الحمدللہ کیس جیت کر اپنے بیگناہ موکلان کو بری کرایا۔

## علی احمد خاں ہسپتال میں نرسری وارڈ کے دو سال مکمل

### ہسپتال میں پروقار تقریب کا انعقاد، ڈائریکٹرز کی شرکت، پوری ٹیم کو خراج تحسین پیش

جھنگ (بیورو رپورٹ) علی احمد خاں ہسپتال میں نرسری وارڈ کے دو سال مکمل ہونے پر ہسپتال میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں ہسپتال کے ڈائریکٹرز سہیل فاروق ملک، ڈاکٹر امجاد حسین، ڈاکٹر سید عامر عباس نے شرکت کی اس موقع پر (چائلڈ سپیشلسٹ) ڈاکٹر فریدہ واجد شاہ، ڈاکٹر قیصر ندیم علیانہ، ڈاکٹر احمد تنویر، ڈاکٹر عمران قریشی، ڈاکٹر غلام شبیر، ڈاکٹر یسین خان، ڈاکٹر ندیم شریف، ڈاکٹر سید محسن رضا، ڈاکٹر عاطف شہزاد، ڈاکٹر اعجاز سلطان اور ڈاکٹر عبدالرحمن جمیل بھی موجود تھے تقریب کے خصوصی مہمان گرامی صاحبان ڈاکٹر آصف رضا خان، ڈاکٹر توصیف اعجاز، ڈاکٹر لقمان نے بھی اس پروقار تقریب میں شرکت کی۔ اس موقع پر ہسپتال کے سی۔ای۔او ڈاکٹر سہیل فاروق ملک نے (چائلڈ سپیشلسٹ) ڈاکٹر فریدہ واجد شاہ اور ان کی پوری ٹیم کو خراج تحسین پیش کیا اور بہترین طبی خدمات فراہم کرنے پر تمام ڈاکٹرز صاحبان میں تحائف بھی تقسیم کیے ڈاکٹر سہیل فاروق ملک نے مزید کہا کہ علی احمد خاں ہسپتال عوام کو طبی سہولیات کی فراہمی میں دن رات کوشاں ہے اور ہر آنے والے دن کے ساتھ اپنے اس مشن میں مزید کامیابیاں حاصل کر رہا ہے ہسپتال کی کامیابی اور عوام کی خدمت کے اس فرض میں ان کی پوری ٹیم خراج تحسین کے مستحق ہے انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ انسانیت کی یہ فریضہ بھرپور جوش وجذبہ سے جاری رہے گا۔ تقریب میں آنے والے تمام شرکاء نے ہسپتال کی نرسری وارڈ کا دورہ بھی کیا اور نرسری کو دو سال مکمل ہونے پر کیک بھی کاٹا گیا۔ ہسپتال انتظامیہ کی جانب سے تقریب کے شرکاء کیلئے پرتکلف ظہرانہ کا بھی اہتمام کیا گیا۔

## حضور نبی کریمؐ نے ناانصافی کو ختم فرما کر انصاف کا دور دورہ کیا، مرزا محمد اسد بیگ

### جنہوں نے نبی کریمؐ کی اطاعت کی وہ دونوں جہانوں میں کامیاب وکامران ہو گئے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) جامعہ مسجد پیر بہار شاہ کی انتظامی کمیٹی کے چیئرمین مرزا محمد اسد بیگ نے کہا ہے کہ پیارے کریم آقاؐ نے تمام امتیازات کو ختم فرما کر تمام لوگوں کو آپس میں بھائی بھائی بنا دیا حضور نبی کریمؐ نے ناانصافی کو ختم فرما کر انصاف کا دور دورہ کیا جنہوں نے نبی کریمؐ کی اطاعت کی وہ دونوں جہانوں میں کامیاب و کامران ہو گئے اور جن لوگوں نے آپ کا انکار کیا ان کا نام و نشان مٹ گیا اور وہ ذلیل وخوار ہو گئے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے محمد یعقوب خان نیازی، خالد محمود ڈلک، طالب حسین، حافظ وقاص و دیگر کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، مرزا محمد اسد بیگ نے کہا کہ نبی کریمؐ سے محبت کا تقاضا ہے کہ ہم سیرت مبارکہؐ پر صدق دل سے عمل پیرا ہو کر آپس میں اتحاد واتفاق اور رواداری کو فروغ دیں، نبی کریم تمام جہانوں کیلئے رحمت بنا کر بھیجے گئے اور آپؐ کی تعلیمات پر صدق دل سے عمل پیرا ہو کر ہی دنیا اور آخرت میں کامیابی یقینی بنائی جا سکتی ہے لہٰذا ہمیں اپنی زندگیوں کو نبی کریمؐ کے اسوہ حسنہ کے مطابق گزارنا چاہیے، ہم خوش نصیب ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں حضورؐ کا امتی بنا کر پیدا کیا حضور نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ سراپا رحمت بن کر تشریف لائے، یہ کائنات آپ کیلئے سجائی گئی اور سب کچھ حضور اکرم حضرت محمدؐ کے سبب ہے، ضرورت اس امر کی ہے کہ مسلمان نبی کریم ﷺ کی سیرت طیبہ کو مشعل راہ بنائیں جس سے دنیا و آخرت کی کامیابیاں اور ہماری نجات وابستہ ہے۔

## تھانہ ہیڈ مرالہ سسرالی بنے ظالم ماں سے چھ ماہ کی بچی چھین کر گھر سے نکال دیا

کوٹلی لوہاراں (انور سجاد شیخ نمائندہ قوت) تھانہ ہیڈ مرالہ سسرالی بنے ظالم ماں سے چھ ماہ کی بچی چھین کر گھر سے نکال دیا ماں کی فریاد پر تھانہ ہیڈ مرالہ کے فرض شناس آفیسر حسنین منیر بنا مسیحا بروقت اور برق رفتار انصاف اور ماں کو دلوائی اس کی کمسن معصوم سی بچی ویلڈن سب انسپکٹر حسنین منیر یاد رہے یہ وہی بہادر اور فرض شناس آفیسر ہے جس نے چند ماہ پہلے اپنی قابلیت بہادری کا مظاہرہ کرکے ایک ڈاکو کو مشتعل ہجوم سے بچا کر پابند سلاسل کیا تھا اہل علاقہ نے سب انسپکٹر حسنین منیر کو خراج تحسین پیش کیا ڈی پی او صاحب سیالکوٹ سے ایسے آفیسر کی حوصلہ افزائی کے لئے شاباش

## چکوال: پیپلز پارٹی کا 57واں یوم تاسیس مرکزی تقریب آج ہوگی

چکوال (ایم ایوب سلطانی) 30 نومبر 2024 بروز ہفتہ سہ پہر 3 بجے آج پاکستان پیپلز پارٹی کے 57ویں یوم تاسیس کے حوالے سے مرکزی تقریب کا انعقاد بمقام آمین کمرشل پلازہ نزد باب چکوال تلہ گنگ روڈ چکوال پر ہوگا جس کے مہمان خصوصی فرحت اللہ بابر سینئر لیڈر پاکستان پیپلز پارٹی ہوں گے جبکہ خصوصی آمد سینیٹر پلوشہ خان۔ اور محسن ملک صدر پیپلز یوتھ آرگنائزیشن پنجاب کی ہوگی، آپ کو اس پروقار تقریب میں شرکت کی دعوت دی گئی۔

## الحرمین ڈینٹل کیئر خالد روڈ پر ماہانہ فری ڈینٹل کیمپ اتوار کو لگایا جائیگا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) الحرمین ڈینٹل کیئر خالد روڈ پر ماہانہ فری ڈینٹل کیمپ اتوار یکم دسمبر کو لگایا جائے گا جس میں ڈاکٹر رانا عبدالمنیب اکرم، ڈاکٹر منیزہ منیب اکرم اور ڈاکٹر فراز محمود ڈوگر مریضوں کے مفت چیک کرکے فری ادویات فراہم کریں گے کیمپ کا اہتمام آل صدیق ویلفیئر سوسائٹی بھکھی کے عہدیدار کریں گے جبکہ نیو لاہور لیب کی طرف سے شوگر کے مرض کے بھی مفت چیک اپ کیے جائیں گے۔

## مولانا ظفر علی خانؒ کی صحافت بے باک اور فرنگی حکمرانوں کے لئے تلوار وتیغ تھی، بیگم طلعت شوکت چیمہ

وزیرآباد (نامہ نگار) سابق ایم پی اے وضلعی صدر حلقہ خواتین مسلم لیگ (ن) بیگم طلعت شوکت چیمہ نے کہا ہے کہ مولانا ظفر علی خانؒ کی صحافت بے باک اور فرنگی حکمرانوں کے لئے تلوار وتیغ تھی، مولانا ظفر علی خانؒ نے اپنی صحافت اور بے باک قائدانہ صلاحیتوں سے برصغیر پاک وہند کی مظلوم وپسی ہوئی قوم میں جذبہ آزادی اجاگر کیا، مولانا نے قید وبند کی صعوبتیں برداشت کرکے فرنگیوں اور ہندو بنئیے کو دو قومی نظریہ کے سامنے سرنگوں ہونے پر مجبور کر دیا، آج کا صحافی مولانا ظفر علی خانؒ کی صحافت کا امین ہے، مولانا ظفر علی خانؒ کی صحافتی زندگی، کالم نگاری اور انکے افکار ہماری راہنمائی کا تعین کرنے میں معاون ہیں مولانا جہاں آزادی کی تحریک کے ہراول دستے میں شامل تھے وہاں نبی آخر الزمان حضرت محمد مصطفیٰؐ سے عشق ومحبت میں سرشار رہنے والی شخصیت کے روپ میں بھی اپنے نعتیہ کلام کے ذریعے آج بھی مسلمانوں کے دلوں میں زندہ ہیں۔

## انتقال پُرملال

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) عثمان بٹ کی زوجہ قضائے الٰہی سے وفات پا گئیں انکی نماز جنازہ لال پیر قبرستان ماڈل ٹاؤن اگوکی سیالکوٹ میں ادا کر دی گئی۔ نماز جنازہ میں لواحقین عزیز واقارب، اہل محلہ سمیت مختلف مکاتب فکر کے عمائدین شہر کی سینکڑوں کی تعداد میں شرکت۔ نماز جنازہ ادا کرنے کے بعد مرحومہ کو ماڈل ٹاؤن قبرستان لال پیر میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ اس موقع پر صدر ماڈل ٹاؤن کوآپریٹو سوسائٹی محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ، معروف سماجی وکاروباری شخصیت اظہر حمید بھٹی، نوفل زکریا کھانڈ، اسد بٹ، ارسل جلیل بٹ، سہیل بٹ، خواجہ عامر جاوید، آصف قریشی، ڈاکٹر محمد سرور و دیگر نے عثمان بٹ و پسماندگان کے ساتھ اظہار تعزیت کیا۔

## وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری

ساہیوال (مہرائے ڈی نسیم پیرا سے) وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری ڈی پی او ساہیوال فیصل شہزاد کی مختلف مقامات پر کھلی کچہریاں، شہریوں کی شکایات و مسائل سن کر ازالہ کے لیے موقع پر احکامات جاری۔ ساہیوال وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کی شکایات ومسائل کے بروقت حل کے لیے چک نمبر R-5/81 علاقہ تھانہ فتح شیر اور چک نمبر L-9/86 میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا جہاں 15 سے زائد شہریوں نے مختلف قسم کی شکایات و مسائل سے ڈی پی او ساہیوال فیصل شہزاد کو آگاہ کیا جن کے حل کے لیے موقع پر احکامات جاری کیے گئے۔

## ماحولیاتی آلودگی سے بچاؤ کیلئے مؤثر پالیسی وضع کرنا ہوگی، خالد وسیم ایڈووکیٹ

### 2030 تک ٹارگٹ اس صورت میں مکمل کیا جائے کہ ملک بھر میں چلنے والی تمام گاڑیوں کو الیکٹرانک کیا جائے

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) فرزند سیالکوٹ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ ماحول کو آلودگی اور قیمتی انسانی جانوں کو مہلک امراض سے بچانے کیلئے ہمیں ابھی سے موثر پالیسی وضع کرنا ہوگی اور 2030 تک ٹارگٹ اس صورت میں مکمل کیا جائے کہ ملک بھر میں چلنے والی تمام گاڑیوں کو الیکٹرانک کیا جائے اور بھٹہ خشت سے نکلنے والے دھوئیں کے خاتمہ کیلئے جدید ٹیکنالوجی اختیار کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ فوگ' سموگ' آبی وفضائی آلودگی پاکستان کیلئے ایک سنگین ترین مسئلہ بن چکا ہے لہذا الیکٹرانک گاڑیوں کی سہولت کیلئے تمام شاہرات پر چارجنگ سسٹم کا اہتمام کیا جائے۔ بسوں' ٹرکوں' موٹر سائیکلوں' کاروں سے نکلنے والے دھوئیں سے عوام کو بچانے کیلئے انہیں بجلی سسٹم میں لایا جائے۔ اسی طرح تمام بھٹہ مالکان کو اعتماد میں لیکر چین اور دیگر ترقی یافتہ ممالک کی طرز کا سسٹم اپنایا جائے مالکان کو آسان قرضہ کی فراہمی کی جائے۔ انہوں نے کہا ہے کہ ہمارے پاس بجلی وافر مقدار میں موجود ہے مزید پیداوار کیلئے کام ہو رہا ہے لہذا تمام گاڑیوں کو الیکٹرانک کرکے ہم ماحول کو صاف ستھرا کر سکتے ہیں۔ دریں اثنا حکومت کو چاہئے کہ وہ ملک میں سولر سسٹم کو پرموٹ کرے کسانوں کو مونجی اور دیگر فصلوں کی باقیات جلانے سے منع کیا جائے نیز اس ضمن میں خصوصی آگاہی مہم شروع کی جائے۔

## ہمیشہ آئین کی بالادستی یقینی بنانے کیلئے جدوجہد کی۔ حکیم اویس قریشی ایڈووکیٹ

### وکلاء کی فلاح وبہبود کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہیں۔ میڈم عاصمہ اویس قریشی ایڈووکیٹ

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) ملکی بقاء واستحکام کیلئے بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح ایڈووکیٹ کے زریں اصولوں پر عمل پیرا ہونا انتہائی اہم ہے۔ وکلاء برادری ملکی وصوبائی سطح سے لیکر ڈویژن وڈسٹرکٹ لیول تک ہمیشہ ایک پیج پر رہی ہے۔ رول آف لاء کیلئے وکلاء تحریک سے پاکستانی لاء آفیسرز کی دنیا بھر میں جہاں پذیرائی ہوئی وہیں وکلاء نے آئین و قانون اور انصاف کے لئے آہنی جانوں کے نذرانے بھی پیش کئے۔ ان باتوں کا اظہار حکیم لاء چیمبرز کی روح رواں حکیم اویس عادل قریشی ایڈووکیٹ ہائی کورٹس و میڈم عاصمہ اویس قریشی ایڈووکیٹ ہائی کورٹس نے قانون وانصاف کی فراہمی میں وکلاء کا کردار سیشن میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ بطور سابق صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ ہم نے ہمیشہ آئین وقانون کی بالادستی اور وکلاء برادری کی فلاح و بہبود کیلئے عملی کاوشیں کیں۔ بطور سنیئر لاء ایکسپرٹ قانونی آگاہی سیمینار اور میرے شاگردوں کو بھی ہمیشہ محنت و رول آف لاء کی سپر میسی کیلئے جدوجہد کا درس دیا۔

## گیپکو سب ڈویژن 1 میں میٹر لگوانا خواب بن گیا

### شہری ڈیمانڈ نوٹسز کی فیسیں جمع کروانے کے باوجود بجلی کنکشن سے محروم

شکرگڑھ (عمران عارف سے) گیپکو سب ڈویژن 1 میں میٹر لگوانا خواب بن گیا، سیکٹروں شہری ڈومیٹک اور کمرشل میٹرز کے ڈیمانڈ نوٹسز کی فیسیں جمع کروانے کے باوجود بجلی کنکشن سے محروم، گیپکو حکام نے شہریوں کے لاکھوں روپے دبا لئے۔ ذرائع کے مطابق ڈیمانڈ نوٹسز کی فیسیں جمع کرلی جاتی ہیں اور بعد میں شہریوں کو میٹر لگوانے کیلئے واپڈا دفاتر کے چکر لگانا پڑتے ہیں لیکن میٹر نہیں لگایا جاتا۔ سینکڑوں شہریوں نے کنکشن کے حصول کیلئے درخواستیں دینے کے بعد ڈیمانڈ نوٹسز کی مد میں فیسیں بھی جمع کروادی ہیں۔ شہریوں سے لاکھوں روپے فیسیں لینے کے باوجود واپڈا ملازمین میٹر لگانے کیلئے سنجیدہ نہیں اور شہریوں کو دردناک اذیت کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ شہریوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ واپڈا ملازمین کی طرف سے سائلین کے ساتھ ناروا سلوک بھی کیا جاتا ہے۔

## شکرگڑھ: صاف ستھرا پنجاب مہم" صفائی کے بجائے آلودگی کا سبب بننے لگی

### کچرا اکٹھے کرکے آگ لگا دی جاتی ہے جبکہ انتظامیہ خاموش تماشائی

شکرگڑھ (عمران عارف سے) شکرگڑھ میں "صاف ستھرا پنجاب مہم" صفائی کے بجائے آلودگی کا سبب بننے لگی ہے، کچرا اکٹھے کرکے آگ لگا دی جاتی ہے جبکہ انتظامیہ خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ صفائی کرنے والے اہلکار گلیوں، محلوں، اور سڑکوں سے کچرا جمع کرتے ہیں، فوٹو سیشن کراتے ہیں، اور پھر اس کچرے کو آگ لگا دیتے ہیں۔ اس عمل سے اٹھنے والا گندا دھواں بدبو دار ماحول پیدا کرتا ہے، جس سے شہری مختلف بیماریوں کا شکار ہو رہے ہیں۔ شہر کے مختلف علاقوں بشمول ڈینپور، سبزی منڈی، محلہ لاپورہ، چھمال روڈ، محلہ موتے روڈ، محلہ مسلم ٹاؤن، اور محلہ پیپلز کالونی میں جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر موجود ہیں، جنہیں کئی دنوں سے نہیں اٹھایا گیا۔ شہریوں نے شکایت کی ہے کہ یہ صورتحال نہ صرف ماحول کو آلودہ کر رہی ہے بلکہ صحت کے سنگین مسائل پیدا کر رہی ہے۔ شہریوں نے متعلقہ حکام سے فوری توجہ اور مؤثر اقدامات کی اپیل کی ہے تاکہ صفائی مہم کو صحیح معنوں میں عملی جامہ پہنایا جائے اور شہر کو آلودگی سے پاک کیا جا سکے۔

## کمشنر ساہیوال شعیب اقبال سید کا تحصیل عارف والا کا تفصیلی دورہ

ساہیوال (مہرائے ڈی نسیم پیرا سے) کمشنر ساہیوال شعیب اقبال سید نے تحصیل عارف والا کا تفصیلی دورہ کیا جس دوران انہوں نے اے سی آفس، اراضی ریکارڈ سنٹر اور متعدد دیہی مراکز مال کا معائنہ کیا، کمشنر شعیب اقبال سید نے محکمہ ریونیو کے افسران کو ہدایت کی کہ وہ عوامی شکایات کو فوری حل کریں اور اپنے دفاتر میں عوام سے ملاقات کے لئے وقت مختص کریں، انہوں نے مزید کہا کہ دفاتر کی صفائی ستھرائی اور سائلین کے لئے سہولیات کی فراہمی کو بھی ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ کمشنر شعیب اقبال سید نے اے سی آفس کی مختلف برانچوں کا دورہ کیا، عملے کی حاضری چیک کی اور ریکارڈ روم میں ریکارڈ کو بہتر انداز میں رکھنے کیلئے نئے ریک اور الماریاں بنوانے کی بھی ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے اراضی ریکارڈ سنٹر کا بھی دورہ کیا اور سنٹر میں موجود سائلین سے فراہم کردہ سروسز بارے معلومات لیں۔ اراضی ریکارڈ سنٹر میں مختلف کاؤنٹرز پر پرچی دینے کے عمل کو بھی چیک کیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ فیسوں کی ادائیگی کی لسٹ دفتر میں نمایاں جگہ آویزاں کریں تاکہ فیس ادائیگی میں سائلین کو پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ کمشنر شعیب اقبال سید نے دیہی مراکز مال 149ای بی اور 147ای بی کا بھی دورہ کیا اور وہاں دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ ریونیو اہلکار عوام کے خادم ہیں اور ان کا رویہ بھی خدمت والا ہی ہونا چاہیے۔ دیہی مراکز مال میں عملے کی حاضری یقینی بنائی جائے تاکہ عوام کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

## سٹیپ آرگنائزیشن کے زیر اہتمام آگاہی سیشن تقریب کا اہتمام

### سی پی ڈی آئی اور سٹیپ آرگنائزیشن کے اشتراک سے آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سی پی ڈی آئی اور سٹیپ آرگنائزیشن کے اشتراک سے نیو عثمانیہ ہوٹل تحصیل چنیوٹ میں ایک مضبوط اور جامع کمیونٹی کے لیے سول رجسٹریشن (پیدائش، موت، شادی، طلاق اور CNIC) کو بہتر بنانے کے بارے میں آگاہی سیشن کے عنوان پر تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں سیکرٹری میونسپل کمیٹی انچارج ریکارڈ پیدائش اور اموات جاوید اقبال، نکاح رجسٹرار مولانا نعیم الدین، صدر پرنٹ میڈیا کلب چنیوٹ اقبال حسین پیرزادہ، پریس سیکرٹری پنجاب شیخ محمد عثمان بھراڑا، ایکس کونسلر غلام عباس ساقی، سٹیپ آرگنائزیشن کے فوکل پرسن محمد اقبال نے شرکا سے ایک مضبوط اور جامع کمیونٹی کے لیے سول رجسٹریشن (پیدائش، موت، شادی، طلاق اور CNIC) کو بہتر بنانے کے بارے میں تفصیل سے گفتگو کی اور بتایا کہ سول رجسٹریشن ہر پاکستانی کے لیے ایک اہم جزو ہے۔ تمام متعلقہ اداروں کو چاہیے کہ سول رجسٹریشن کے عمل کو بہتر بنانے کیلئے اقدامات کریں۔ اس موقع پر سٹیپ آرگنائزیشن فوکل پرسن محمد اقبال نے کہا کہ سول رجسٹریشن ایک بنیادی اور اہم چیز ہے جو ہر شہری پر لازم ہے۔ اس آگاہی سیشن میں افراد باہم معذوری سے تعلق رکھنے والے افراد، خواتین، خواجہ سرا اور مذہبی نمائندوں نے بھی بھرپور شرکت کی۔

ایڈیٹوریل DAILY QUWAT
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

# پی ٹی آئی کی قیادت انتشاری سیاست سے نکل کر اب قومی مفاہمت کی طرف آئے

وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ اسلام آباد میں تحریک انتشار نے فساد برپا کیا، ملک افراتفری اور خونریزی کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ فساد اور انتشار کی سیاست کی حوصلہ شکنی ناگزیر ہے، فسادیوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائیگا۔ گزشتہ روز وفاقی کابینہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ 9 مئی کے ملزموں کو عدالتیں بروقت سزائیں دیتیں تو ایسے واقعات دہرانے کا سوچنے کی بھی کسی کو جرات نہ ہوتی۔ انکے بقول سیاست میں فتنہ گری کی گنجائش نہیں ہوتی۔ ایک شخص نے اپنے مفاد کیلئے ملک کو داؤ پر لگا دیا۔ آج پہلی بار ہم اور فوج کے سپہ سالار یک جان دو قالب ہیں۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں نے بہترین حکمت عملی کے ذریعے انتشار پھیلانے کیلئے آنے والوں کو روکا اور عوام کو سکون میسر آیا۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ فساد کی وجہ سے پاکستان بھر بالخصوص اسلام آباد میں معیشت کو نقصان پہنچا۔ کاروبار اور دکانیں بند تھیں، تاجر دہائیاں دے رہے تھے، فیکٹری مالکان، دیہاڑی دار اور مزدور سب پریشان تھے، ہسپتالوں میں مریضوں کو مشکلات کا سامنا تھا اور نظام زندگی معطل ہو چکا تھا۔ وزیراعظم کے بقول ان فسادیوں کی وجہ سے سٹاک ایکسچینج میں ایک دن میں چار ہزار پوائنٹس کی کمی ہوئی۔ یہ ملک کی ترقی اور خوشحالی کے دشمن بن چکے ہیں۔ گزشتہ رات امن بحال ہونے کے بعد سٹاک ایکسچینج 99 ہزار تک پہنچ چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں شنگھائی تنظیم کے رکن ممالک کے سربراہان کی آمد اور پھر سعودی وفد کے دورے کے موقع پر اودھم مچایا گیا اور تخریب کاری کی گئی۔ یہ لوگ غیر ملکی اسلحہ لے کر آتے ہیں اور بے گناہ شہریوں کو ہلاک، زخمی اور شہید کرتے ہیں۔ حالیہ واقعات میں اسلام آباد پولیس کے اہلکار کو شہید کیا گیا اور بے شمار زخمی ہوئے۔ شہباز شریف نے باور کرایا کہ ہمیں باہمی مشاورت اور صلاح مشورے سے سخت فیصلے کرنا پڑیں گے۔ ہمیں پاکستان کی معیشت کو بچانا ہے، ترقی دینی ہے اور ملک کو خوشحال بنانا ہے۔ حکومت، مقننہ اور تمام اداروں کو مل کر فیصلہ کرنا ہے کہ ہمیں ان فسادیوں اور ملک دشمنوں کا ساتھ نہیں دینا چاہیے۔ انکے بقول ہر روز میدان جنگ لگے گا تو توانائی کہاں خرچ ہو گی۔ انہوں نے اسلام آباد پولیس، رینجرز، پنجاب پولیس اور سندھ پولیس سمیت قانون نافذ کرنے والے تمام اداروں کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے مل کر فسادیوں کے تازہ ترین حملے کو ناکام بنایا اور ان سے اسلام آباد خالی کرایا۔

بے شک آئین پاکستان کے بنیادی حقوق سے متعلق چیپٹر میں شہری آزادیوں کے تحفظ کی ضمانت دی گئی ہے۔ آئین میں اظہار رائے اور جماعت سازی کی آزادی بھی حاصل ہے، شہریوں کو اپنے مسائل کے حل کیلئے آواز اٹھانے کے معاملہ میں سڑکوں پر آنے کا حق بھی حاصل ہے اور اسی طرح بنیادی حقوق کے اس چیپٹر میں کاروبار کے تحفظ اور تعلیم، صحت، روزگار کی سہولتوں کے حصول کا حق بھی ودیعت کیا گیا ہے تاہم ہر آزادی اور کوئی بھی حق قانون کے دائرے میں رہ کر ہی استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اگر کسی شہری کے کسی اقدام سے دوسرے شہری کی آزادیاں اور حقوق متاثر ہوں تو لامحالہ ایسا اقدام قابل گرفت ٹھہرتا ہے۔ اسی طرح ریاست اور ریاستی اداروں کی توقیر کی پاسداری ہر شہری کی ذمہ داری ہے اور کسی شہری کے انفرادی فعل یا کسی گروہ اور جماعت کے پلیٹ فارم سے اٹھائے گئے کسی اقدام سے ملکی سلامتی اور قومی مفاد پر زد پڑتی ہو تو آئین و قانون کے تحت ایسے اقدامات قابل گردن زدنی ہوتے ہیں۔ آئین کی دفعہ 19 کے تحت اظہار رائے کی آزادی بھی شتر بے مہار نہیں ہو سکتی۔ اگر کسی معاشرے میں جس کی لاٹھی اس کی بھینس کا تصور راسخ ہو جائے تو اس معاشرے کا شیرازہ بکھرنے میں دیر نہیں لگتی۔ شیرازہ بندی کیلئے ہی تو قوانین وضع کئے جاتے ہیں جن کے ماتحت ملک و مملکت اور ریاستی انتظامی اداروں کے معاملات چلائے جاتے ہیں اور جو بھی قانون ہاتھ میں لینے کے جرم کا ارتکاب یا اسکی کوشش کرتا ہے تو اس کا قانون کی گرفت میں آنا لازمی تقاضا بن جاتا ہے۔

اس تناظر میں اگر ہم اپنی معاشرت کا جائزہ لیں تو یہاں پر زور آور طبقے یا شخص کے ہاتھوں قانون کی دھجیاں بکھرتی نظر آتی رہی ہیں۔ اگر یہاں ادارہ جاتی سطح پر ڈسپلن قائم ہوا ہوتا اور قومی سیاسی، دینی ادارہ جاتی قیادتوں نے آئین و قانون کی پاسداری کے معاملہ میں خود کو مثال بنایا ہوتا تو معاشرے میں کسی بدنظمی اور انتشار و خلفشار کا کہیں تصور تک نہ ہوتا۔ یہاں جب عوام کو ادارہ جاتی سطح پر اور قومی قیادتوں کی جانب سے آئین و قانون کی بے توقیری ہوتی نظر آتی ہے تو وہ بھی خود کو اسی کلچر میں ڈھالنے کی کوشش کرتے ہیں اور یہی آج کے نظر آتے انتشار و خلفشار کی اصل وجہ ہے۔

بدقسمتی سے گزشتہ ایک دہائی سے ہماری سیاست میں بلیم گیم اور بدتہذیبی کا کلچر در آیا ہے جس کا بانی پی ٹی آئی کے قائد عمران خان کو قرار دیا جائے تو غلط نہیں ہوگا۔ انکی 2011ء سے اب تک کی سیاست کا جائزہ لیا جائے تو اس میں تہذیب و شائستگی اور ادب آداب کا شائبہ بھی نظر نہیں آئیگا۔ اسکے برعکس اس پارٹی کے پلیٹ فارم پر ہر سیاسی مخالف کی جاہلانہ انداز میں پگڑی اچھالنا اور ادارہ جاتی سربراہوں کے نام بگاڑ کر ان سے مخاطب ہونا عوامی مقبولیت میں اضافے کی سیڑھی سمجھ لیا گیا جبکہ اس سیاست میں انتہا یہ ہوئی کہ عمران خان نے عدم اعتماد کی تحریک کے ذریعے اقتدار سے فارغ ہونے کے بعد ملک کی آزادی و خودمختاری اور اسکے تحفظ کے ذمہ دار اداروں کو بھی اپنی ذات سے ہیچ سمجھنا شروع کر دیا اور انکی پارٹی کے اندر بھی یہ چلن اختیار کر لیا گیا کہ اگر ہمارا قائد اقتدار میں نہیں تو پھر ہمارے لئے پاکستان اور اسکے اداروں کی بھی کوئی اہمیت نہیں جبکہ خود عمران خان نے بھی پاکستان اور اسکی فوج کے تین ٹکڑے ہونے کی بات کر کے اپنی ذات سے اوپر ہر چیز کی نفی کے راستے پر اپنے پارٹی ورکروں کو لگا دیا۔ گزشتہ سال 9 مئی کے واقعات اسی سوچ کا شاخسانہ تھے جبکہ پی ٹی آئی اب تک کی سیاست یہی گل کھلا رہی ہے جس میں پی ٹی آئی کے بانی قائد کی جانب سے 24 نومبر کی فائنل کال کو عملی جامہ پہنانے کیلئے پی ٹی آئی کے کارکن بالخصوص خیبر پی کے سے آنے والے جتھے جن میں افغان شہری بھی شامل تھے 9 مئی والے واقعات کو دہرانے کیلئے باقاعدہ اسلحہ، گولہ بارود، پتھروں، ڈنڈوں سے لیس ہو کر اسلام آباد پر دھاوا بولنے کی نیت سے آئے جس کی سیکورٹی اداروں نے بھی تصدیق کی اور سوشل میڈیا پر چلنے والی ویڈیو کلپس بھی اس مسلح جتھہ بندی کی گواہی دے رہی ہیں۔

---

# پیارے نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی پیاری پیاری باتیں!!!!!

عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا اپنے گھروں میں نماز پڑھو انہیں قبرستان نہ بناؤ۔ زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے مسجد میں چٹائی سے گھیر کر ایک کمرہ بنایا، تو آپ نے اس میں کئی راتیں نمازیں پڑھیں یہاں تک کہ لوگ آپ کے پاس جمع ہونے لگے، پھر ان لوگوں نے ایک رات آپ کی آواز نہیں سنی، وہ سمجھے کہ آپ سو گئے ہیں، تو ان میں سے کچھ لوگ کھکھارنے لگے، تاکہ آپ ان کی طرف نکلیں تو آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا میں نے تمہیں اس کام میں برابر لگا دیکھا تو ڈرا کہ کہیں وہ تم پر فرض نہ کر دی جائے، اور اگر وہ تم پر فرض کر دی گئی تو تم اسے ادا نہیں کر سکو گے، تو لوگو! تم اپنے گھروں میں نمازیں پڑھا کرو، کیونکہ آدمی کی سب سے افضل (بہترین) نماز وہ ہے جو اس کے گھر میں ہو سوائے فرض نماز کے۔ کعب بن عجرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے مغرب کی نماز قبیلہ بنی عبدالاشہل کی مسجد میں پڑھی، جب آپ پڑھ چکے تو کچھ لوگ کھڑے ہو کر سنت پڑھنے لگے، تو آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا: اس (سنت) نماز کو گھروں میں پڑھنے کی پابندی کرو۔

سعد بن ہشام سے روایت ہے کہ وہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ملے تو ان سے وتر کے متعلق پوچھا، تو انہوں نے کہا: کیا میں تمہیں اہل زمین میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی وتر کے بارے میں سب سے زیادہ جاننے والے کے بارے میں نہ بتاؤں؟ سعد نے کہا کیوں نہیں (ضرور بتائیے) تو انہوں نے کہا وہ ام المومنین عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ہیں، ان کے پاس جاؤ، اور ان سے سوال کرو، پھر میرے پاس لوٹ کر آؤ، اور وہ تمہیں جو جواب دیں اسے مجھے بتاؤ، چنانچہ میں حکیم بن افلح کے پاس آیا، اور ان سے میں نے اپنے ساتھ ام المومنین عائشہؓ کے پاس لے چلنے کے لیے کہا حکیم بن افلح میرے ساتھ آئے، چنانچہ وہ عائشہؓ کے گھر میں داخل ہوئے، تو انہوں نے حکیم سے کہا تمہارے ساتھ یہ کون ہیں؟ میں نے کہا سعد بن ہشام ہیں، تو انہوں نے کہا: کون ہشام؟ میں نے کہا عامر کے لڑکے، تو انہوں نے ان (عامر) کے لیے رحم کی دعا کی، اور کہا عامر کتنے اچھے آدمی تھے۔ سعد نے کہا ام المومنین! مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے اخلاق کے بارے میں بتائیے تو انہوں نے کہا کیا تم قرآن نہیں پڑھتے؟ میں نے کہا: کیوں نہیں، ضرور پڑھتا ہوں، تو انہوں نے کہا: نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے اخلاق سراپا قرآن تھے، پھر میں نے اٹھنے کا ارادہ کیا تو مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے قیام اللیل کے متعلق پوچھنے کا خیال آیا، تو میں نے کہا: ام المومنین! مجھے نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے قیام اللیل کے متعلق بتائیے، انہوں نے کہا کیا تم سورۃ المزمل نہیں پڑھتے؟ میں نے کہا کیوں نہیں، ضرور پڑھتا ہوں، تو انہوں نے کہا: اللہ تعالیٰ نے اس سورۃ کے شروع میں قیام اللیل کو فرض قرار دیا، تو نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور آپ کے صحابہ نے ایک سال تک قیام کیا یہاں تک کہ ان کے قدم سوج گئے، اللہ تعالیٰ نے اس سورۃ کی آخری آیتوں کو بارہ مہینے تک روکے رکھا

سائرن
محمد اکرم چوہدری
lahore1947@gmail.com

پھر اللہ تعالیٰ نے اس سورۃ کے آخری آیات نازل فرمائی، اور رات کا قیام اس کے بعد کہ وہ فرض تھا نفل ہو گیا، میں نے پھر اٹھنے کا ارادہ کیا، تو میرے دل میں یہ بات آئی کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی وتر کے متعلق بھی پوچھ لوں، تو میں نے کہا ام المومنین! مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی وتر کے بارے میں بھی بتائیے تو انہوں نے کہا ہم آپ کے لیے مسواک اور وضو کا پانی رکھ دیتے، تو اللہ تعالیٰ رات میں آپ کو جب اٹھانا چاہتا اٹھا دیتا تو آپ مسواک کرتے، اور وضو کرتے، اور آٹھ رکعتیں پڑھتے جن میں آپ صرف آٹھویں رکعت میں بیٹھتے، ذکر الٰہی کرتے، دعا کرتے، پھر سلام پھیرتے جو ہمیں سنائی دیتا، پھر سلام پھیرنے کے بعد آپ بیٹھے بیٹھے دو رکعتیں پڑھتے، پھر ایک رکعت پڑھتے تو اس طرح کل گیارہ رکعتیں ہوئیں۔ پھر جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم بوڑھے ہو گئے، اور جسم پر گوشت چڑھ گیا تو وتر کی سات رکعتیں پڑھنے لگے، اور سلام پھیرنے کے بعد بیٹھے بیٹھے دو رکعتیں پڑھتے، تو میرے بیٹے! اس طرح کل نو رکعتیں ہوئیں، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم جب کوئی نماز پڑھتے تو آپ کو یہ پسند ہوتا کہ اس پر مداومت کریں، اور جب آپ نیند، بیماری یا کسی تکلیف کی وجہ سے رات کا قیام نہیں کر پاتے تو آپ (اس کے بدلہ میں) دن میں بارہ رکعتیں پڑھتے تھے، اور میں نہیں جانتی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے پورا قرآن ایک رات میں پڑھا ہو، اور نہ ہی آپ پوری رات صبح تک قیام ہی کرتے، اور نہ ہی کسی مہینے کے پورے روزے رکھتے، سوائے رمضان کے، پھر میں ابن عباسؓ کے پاس آیا، اور میں نے ان سے ان کی یہ حدیث بیان کی، تو انہوں نے کہا: عائشہؓ نے سچ کہا، رہا میں تو اگر میں ان کے یہاں جاتا ہوتا تو میں ان کے پاس ضرور جاتا یہاں تک کہ وہ مجھ سے براہ راست بالمشافہ یہ حدیث بیان کرتیں۔ ابوعبدالرحمٰن (نسائی) کہتے ہیں: اسی طرح میری کتاب میں ہے، اور میں نہیں جانتا کہ کس شخص سے آپ کی وتر کی جگہ کے بارے میں غلطی ہوئی ہے۔

ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جو شخص رمضان میں ایمان کی حالت میں ثواب کی نیت سے (رات کا) قیام کرے گا، تو اس کے گناہ جو پہلے ہو چکے ہوں بخش دیے جائیں گے۔ ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جب مسلمان یا مومن بندہ وضو کرتا اور اپنا چہرہ دھوتا ہے تو پانی کے ساتھ یا پانی کے آخری قطرے کے ساتھ اس کے چہرے سے وہ تمام گناہ جھڑ جاتے ہیں جو اس کی آنکھوں نے کیے تھے یا اسی طرح کی کوئی اور بات فرمائی، پھر جب وہ اپنے ہاتھوں کو دھوتا ہے تو پانی کے ساتھ یا پانی کے آخری قطرے کے ساتھ وہ تمام گناہ جھڑ جاتے ہیں جو اس کے ہاتھوں سے ہوئے ہیں، یہاں تک کہ وہ گناہوں سے پاک و صاف ہو کر نکلتا ہے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی سنتوں پر عمل کرنے کی توفیق عطاء فرمائے۔ آمین

---

# صدیق اکبرؓ کا عشق رسول ﷺ

عبداللہ بن عمرو عاص سے کسی نے دریافت کیا کہ مشرکین مکہ نے رحمت دو جہاں ﷺ کے ساتھ سب سے سخت ترین بدسلوکی کی تھی وہ بتائیں تو انہوں نے کہا فخر دو جہاں ﷺ خانہ کعبہ حطیم میں نماز پڑھ رہے تھے کہ کافر عقبہ بن ابی معیط وہاں آ گیا۔ اس نے آتے ہی نبی کریم ﷺ کی گردن میں چادر کو بل دینے لگا وہ ظالم گلا گھونٹ کر کے نعوذ باللہ نبی کریم ﷺ کو مارنا چاہتا تھا کہ حضرت ابوبکر کے پاس یہ خبر پہنچی کہ اپنے ساتھی کو بچاؤ تو یار غار جلدی سے نکلے اور بھاگتے ہوئے نبی کریم ﷺ کے پاس پہنچے اور ظالم کو کندھوں سے پکڑ کر دھکا دیا اور نبی کریم ﷺ کو بچانے کی کوشش کرنے لگے اس دوران وہ روتے جاتے تھے اور کہتے جاتے تھے کیا تم لوگ ایک ایسے آدمی کو اس لیے قتل کر رہے ہو کہ وہ کہتا ہے میرا رب اللہ ہے یار غار کی کوشش سے کافر نبی کریم ﷺ سے دور ہو گیا۔ ابتدائے اسلام کے وقت جب کفار کے مظالم سے مسلمانوں پر زندگی تنگ ہو گئی تھی تو حضرت ابوبکر پوری کوشش کرتے کہ ابتدائی مسلمانوں کو کافروں کے مظالم سے بچایا جا سکے۔ شروع میں تو اسلام کی تبلیغ خفیہ طور پر جاری تھی۔ ایک دن حضرت ابوبکر رسول کریم ﷺ کی اجازت سے اعلانیہ دعوت اسلام کا ارادہ کیا تو ایک دن جب ساقی کوثر ﷺ دار ارقم سے نکل کر مسجد حرام میں تشریف لے گئے تو حضرت ابوبکر نے کھڑے ہو کر باآواز پکارا۔ اے قریش کے لوگوں سنو میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں میں تم سب کو دعوت دیتا ہوں کہ تم ان کے دین کو قبول کر لو بلاشبہ اسلام دین حق ہے تم اپنی آخرت کا خیال کرو اور اس خدائے واحد پر ایمان لے آؤ محمد ﷺ اس کے سچے نبی ہیں۔ یہ پہلا موقع تھا جب کسی نے سر عام اسلام کی دعوت دی مشرکین کے آباو اجداد کے دین کو باطل قرار دیا کفار مکہ تو پہلے ہی غصے میں تھے حضرت ابوبکر کی اس تقریر نے جلتی پر تیل کا کام کیا کیونکہ ان کے جھوٹے خداؤں کی تکذیب کی گئی تھی انہیں جھوٹا کہا گیا تھا۔ کفار غصے سے پاگل ہو کر اٹھے اور حضرت ابوبکر پر ٹوٹ پڑے اتنا مارا کہ زمین پر گرا دیا اور لاتوں اور ٹھوکروں سے مارنا شروع کر دیا اور بے دردی سے پاؤں تلے روندنا شروع کر دیا۔ ظالم عتبہ بن ربیعہ نے اس بے دردی سے یار غار کے چہرے پر ٹھوکریں ماریں کہ چہرہ مبارک اتنا سوج گیا کہ ناک تک ڈھک گیا۔ حضرت ابوبکر کے قبیلہ بنو تیم کو پتہ چلا تو وہ فوراً موقع پر آ گئے اور آپ کو کافروں کے نرغے سے نکال کر خون آلودہ کپڑوں سمیت ان کے گھر لے گئے آپ اس قدر زخمی اور نڈھال تھے سب یقین کر چکے تھے کہ آپ بچ نہیں پائیں گے کیونکہ آپ تقریباً بے جان اور بے حس حرکت نیم مردہ حالت تھے آپ کے قبیلہ والے جاتے جاتے یہ چیلنج بھر کر گئے کہ اگر ابوبکر زندہ نہ رہے تو ہبل کی قسم ہم عتبہ کو زندہ نہیں چھوڑیں گے۔ شام تک حضرت ابوبکر بے سدھ پڑے رہے جب آپ کو ہوش آیا تو کراہتے ہوئے بولے میرے محبوب ﷺ کا کیا حال ہے۔ اہل خاندان یہ سن کر دنگ رہ گئے کہ ہم تو اس فکر میں جمع ہیں کہ ابوبکر جانبر ہوتے ہیں کہ نہیں مگر یہاں تو معاملہ ہی الٹ ہے اس لیے قبیلہ والوں کو غصہ آ گیا اور ملامت کرتے ہوئے چل دیے کہ اس شخص کو زندگی کے لالے پڑے ہوئے ہیں یہ خود موت کے منہ میں ہے لیکن اسے اپنی کوئی فکر نہیں فکر ہے تو محمد ﷺ کی یہ کیسا عشق تھا یہ کون سا جذبہ اور عقیدت و احترام یا رشتہ ہے عقل و شعور سے ماورا تھا۔ آپ کی والدہ جو بیٹے کے غم میں نڈھال بیٹھی تھیں وہ بولیں بیٹا کچھ کھا لو یار غار بولے اماں پہلے یہ بتا شہنشاہ دو عالم ﷺ کا کیا حال ہے ماں بولی لات کی قسم تمہارے دوست ﷺ کا ہمیں کوئی پتہ نہیں تو حضرت ابوبکر نے التجا کرتے ہوئے کہا عمر کی بہن فاطمہ بنت خطاب سے چپکے سے پوچھو میرے محبوب رسول اللہ ﷺ کا کیا حال ہے۔ کیا عشق ہے خود موت کے منہ میں پڑے ہیں اور فکر اپنے محبوب کی ہے۔ بقول شاعر

بزم درویش
پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی
help@noorekhuda.org

پروانے کو چراغ ہے بلبل کو پھول بس
صدیق کے لیے خدا کا رسول ﷺ بس

حضرت فاطمہ بنت خطاب نے آ کر یار غار کو دیکھا تو تڑپ اٹھیں اور کہا اللہ کی قسم جن لوگوں نے آپ کے ساتھ یہ سلوک کیا وہ کافر ہیں فاسق ہیں ظالم اور جھوٹے ہیں اللہ تعالیٰ ان سے آپ کا انتقام ضرور لے گا۔ لیکن قربان حضرت ابوبکر پر انہوں نے حضرت فاطمہ بنت خطاب سے بھی وہی سوال دہرایا کہ آپ پہلے مجھے یہ بتا کہ رسول کریم ﷺ کیسے ہیں تو حضرت فاطمہ بنت خطاب نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ خدا کے فضل سے بالکل ٹھیک ہیں۔ یہ سن کر بھی حضرت ابوبکر کو چین نہیں آیا اور بولے اس وقت رسول اللہ ﷺ کہاں پر تشریف فرما ہیں آپ کی بے چینی اور بے قراری دیکھ کر حضرت فاطمہ بنت خطاب بولیں شہنشاہ دو عالم ﷺ ابن ارقم بن ارقم کے مکان پر تشریف فرما ہیں۔ آپ کی والدہ بضد تھیں کہ آپ بہت زیادہ نڈھال کمزور اور زخموں سے چور ہیں اس لیے وہ کچھ کھلانے پلانے پر بضد تھیں ماں پریشان کہ کھائے پیئے بغیر اگر آپ باہر چلے گئے تو چلنے پھرنے سے کہیں طبیعت اور نہ خراب ہو جائے یعنی آپ کے زخم اور چوٹیں اور شدید نہ ہو جائیں اس لیے ماں کھلانے پلانے پر بضد تھیں کہ حضرت ابوبکر صدیق کچھ کھا لیں تاکہ جسم میں طاقت آ جائے اور آپ خطرے سے باہر نکل آئیں۔ لیکن حضرت ابوبکر صدیق کو جو رسول اللہ ﷺ سے عشق و محبت تھی وہ لفظوں میں بیان نہیں کی جا سکتی۔ ایک بار شہنشاہ دو جہاں رحمت دو جہاں فخر دو عالم ﷺ اپنے پروانوں کے حلقہ میں جلوہ افروز تھے کہ حضرت ابو بکر صدیق تشریف لائے تو مالک دو جہاں ﷺ فرمانے لگے جو شخص آگ سے آزاد شخص کو دیکھنے کا خواہش مند ہو وہ ابوبکر کو دیکھ لے۔ حضرت ابوبکر کو نبی کریم ﷺ سے جو عشق تھا اس کے معترف نہ صرف مسلمان بلکہ اغیار بھی تھے۔ نور مجسم ﷺ جب معراج سے تشریف لائے تو کفار نے سوچا اب وہ ابوبکر کو نبی کریم ﷺ کے عشق سے دور کرنے میں کامیاب ہو جائیں گے ان کے پاس گئے اور کہا کیا تم اب بھی اپنے دوست کے عشق میں مبتلا رہو گے تمہارا دوست اب یہ کہتا ہے کہ وہ رات کو بیت المقدس گیا ہے تو حضرت ابوبکر فرمانے لگے اگر یہ بات رسول اللہ ﷺ نے فرمائی ہے تو یہ سچ ہے تو کفار بولے کیا یہ بات تمہاری عقل تسلیم کرتی ہے تو آپ فرمانے لگے اگر حضور ﷺ یہ کہیں کہ میں نے آسمانوں کو صبح سے شام تک طے کر لیا تو میں یہ بھی سچ مانوں گا کفار نا کام ہوئے اور عشق رسول ﷺ کامیاب ہو گیا۔ جب حضرت ابو بکر نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھنے کی بہت ضد کی تو دونوں خواتین حضرت ابوبکر کو اپنے کندھوں کا سہارا دے کر دار ارقم لے گئیں رحمت دو جہاں ﷺ نے جب اپنے دیوانے یار کو زخموں سے چور اس حالت میں دیکھا تو آپ ﷺ پر رقت طاری ہو گئی جبکہ ابوبکر نے جیسے ہی نور مجسم سرور کونین ﷺ کے چہرہ انور کو دیکھا تو آپ ﷺ سے خوشی سے لپٹ گئے اور دیوانہ وار بوسے لینے لگے۔ اور رسول کریم ﷺ کی خدمت اقدس میں عرض گزار ہوئے یا رسول اللہ ﷺ میرے ماں باپ آپ پر قربان مجھے کوئی خاص تکلیف نہیں ہے یہ میری والدہ اپنے بیٹے کے ساتھ حاضر ہیں ان کو دین کی دعوت دیں اور دعا فرما دیں کہ اللہ تعالیٰ ان کو آگ کے عذاب سے بچائے۔

---

# تلنگے انقلاب نہیں لایا کرتے

عاشقان عمران ان دنوں اس مشتعل شخص جیسا رویہ اختیار کئے ہوئے ہیں جو گدھے سے گرنے کا ذمہ دار کمہار کو ٹھہرا دیتا ہے۔ "انقلاب" برپا کرنے کی خاطر ان عاشقان کو 24 نومبر کے دن اسلام آباد محترمہ بشریٰ بی بی اور علی امین گنڈاپور لائے تھے۔ پنجاب کی حدود میں داخل ہوتے ہی "کاروان انقلاب" کا یہاں کی "پلس" سے مقابلہ شروع ہو گیا۔ میرے اور آپ کے دیے ٹیکسوں سے خریدے پنجاب کی پولیس نے پشاور سے آئے قافلے پر آنسو گیس کے شیل پھینکے تو کاروان میں گھسے صوبہ خیبرپختونخواہ کے پولیس اہلکاروں نے بھی جوابی شیلنگ کی۔ اینٹ کا جواب پتھر سے دیتے ہوئے بالآخر علی امین گنڈاپور اور بشریٰ بی بی اسلام آباد میں داخل ہو گئے۔ یہاں داخلے کے بعد ان کی منزل ریڈ زون میں واقع ڈی چوک تھی۔

ڈی چوک وہ مقام ہے جو ریاست اور حکومت پاکستان کی نمائندہ عمارتوں مثلاً پارلیمان، سپریم کورٹ اور ایوان صدر کے عین سامنے ہے۔ مظاہرین اس مقام پر جمع ہو کر درحقیقت ریاست و حکومت پاکستان کو للکارتے ہیں۔ 24 نومبر کی رات سے اسلام آباد داخلے کی کاوشوں میں مبتلا ہجوم کو یہاں پہنچ کر اس وقت تک دھرنا دئے رکھنا تھا جب تک ان کے قائد عمران خان کو اڈیالہ سے رہا نہیں کیا جاتا۔ ریاستی قوت کو مختصراً نیچا دکھانا مقصود تھا۔

پاکستان جیسے ملکوں میں اقتدار سے محروم ہوئے سیاستدانوں کی گرفتاری ان کے چاہنے والوں نے کبھی بھی واجب و جائز نہیں سمجھی۔ سیاست کا دیرینہ طالب علم ہوتے ہوئے میں بطور صحافی اس سوچ سے متفق ہوں کہ ہماری حکومتیں مقبول سیاستدانوں سے خوف کھاتی ہیں۔ ان کی کوشش ہوتی ہے کہ ایسے سیاستدانوں کو جائز و ناجائز مقدمات کی بدولت زیادہ سے زیادہ عرصہ تک جیل میں رکھا جائے۔ ہمارے کئی سیاستدانوں نے محض مقبول ہونے کے جرم میں اپنی زندگیاں جیلوں کی نذر کر دیں۔ انہیں اگرچہ دور حاضر کے انقلابی بھول بھال چکے ہیں۔

اپنی حکومتوں کے جابرانہ رویے کا شاہد ہونے کے باوجود میں اصرار کرتا رہا کہ عاشقان عمران کے انتہائی جذباتی ہجوم کو اسلام آباد کے ڈی چوک پہنچا کر بھی ریاست کو جھکایا نہیں جا سکتا۔ ہجوم سے دب جانے کے بجائے ریاست بلکہ ہجوم کے "زعم" کو مزید جبر سے کچلنے کو مصر ہو جاتی ہے۔

برملا
نصرت جاوید
nusrat.javeed@gmail.com

اس سوچ کا اظہار اس کالم اور سوشل میڈیا پر کیا تو عاشقان عمران کا غول میرے خلاف مغلظات سے بھری واہی تباہی بکنے لگا۔ بنیادی گناہ میرا یہ ٹھہرایا گیا کہ میں "بڈھا" ہو گیا ہوں۔ اپنے ذہن میں جمع ہوئے فرسودہ اور شکست خوردہ خیالات دہراتے رہنے کے بجائے مجھ "کاؤٹ" صحافی کو ریٹائر ہو جانا چاہیے۔ ریٹائر ہونے کا مشورہ دینے والے تاہم یہ سمجھا نہ پائے کہ صحافت چھوڑ دی تو گھر کا خرچ کیسے چلاؤں گا۔ فرض کیا میں جابر قوتوں کا "ٹماٹ" ہوں تب بھی وہ اسی صورت "چائے پانی" کے لئے کچھ رقم دیں گے اگر میں اپنی تحریروں اور ٹی وی کے علاوہ سوشل میڈیا پر ادا کئے کلمات کے ذریعے دور حاضر کے انقلابیوں کو گمراہ یا دل شکستہ کرنے کی کاوش میں مصروف رہوں گا۔

سوشل میڈیا پر چھائے دونمبر انقلابیوں کا غول مجھے ریٹائر ہونے کو مجبور نہ کر پایا تو نہایت رعونت سے بتانا شروع ہو گیا کہ میں تاریخ کی "غلط سمت" کھڑا ہوں۔ تاریخ کی غلط سمت "کھڑا ہونا" اپنے تئیں ایک فیشن ایبل مگر فرسودہ تصور ہے۔ مجھ بدنصیب نے جتنی تاریخ پڑھی ہے اس میں تاریخ بذات خود مظلوم نہیں بلکہ ہمیشہ ظالم کے ساتھ کھڑی نظر آئی۔

آج کی خبر نہیں مگر جن دنوں میں سکول میں تھا تو ہمیں نصاب میں جنگ پلاسی پڑھائی جاتی تھی۔ انگریزوں نے یہ جنگ بنگال کے نواب سراج الدولہ پر مسلط کی تھی۔ ہمیں یہ بھی پڑھایا گیا کہ اپنی دھرتی کو سامراج کی غلامی سے آزاد رکھنے کو ڈٹے نواب سراج الدولہ کو انگریز محض اس وجہ سے شکست دے پائے کیونکہ اس کا آرمی چیف۔ میر جعفر۔ "غدار" ہو کر دشمنوں سے مل گیا تھا۔ 1980 میں لندن گیا تو کئی دنوں تک روزانہ وہاں کی انڈیا آفس لائبریری جاتا رہا۔ وہاں بہت لگن سے میں نے ایسا مواد جمع کرنے کی کوشش کی جو سمجھا سکے کہ نواب سراج الدولہ کو شکست کیوں ہوئی تھی۔ میری تحقیق نے جو اجاگر کیا اسے لکھنے سے خوف آتا ہے۔ محض یہ کہتے ہوئے جند چھڑا لیتا ہوں کہ تاریخ نے اس وقت نواب سراج الدولہ کا ساتھ نہیں دیا تھا۔ جذباتی ذہن سے جانچنے کی کوشش کریں تو تاریخ اس وقت "درست" سمت کی جانب رواں نہیں تھی۔

کالم کی تنگ دامنی کی وجہ سے اپنی بات سمجھانے کے لئے مثالوں کا انبار لگا نہیں سکتا۔ فقط 1857ء یاد کر لیتے ہیں۔ انگریز اس برس میں جو ہوا اسے "غدر" اور ہم "جنگ آزادی" پکارتے ہیں۔ "جنگ آزادی" کے نام پر جو "مجاہدین" 1857ء کی دلی میں گھس آئے تھے انہیں وہاں کے رہائشی "تلنگے" پکارنا شروع ہو گئے۔ وہ کسی بھی گھر یا دوکان میں گھس کر اپنی جدوجہد کا "خراج" وصول کرنا شروع ہو جاتے۔ ان کے خوف سے مرزا غالب اپنے گھر میں محصور ہو گئے۔ خوش نصیب تھے کہ جس علاقے میں رہتے تھے وہاں مہاراجہ پٹیالہ کئی عمارتوں کا مالک تھا۔ ان کی نگہبانی کے لئے اس نے اپنے ہاں سے "مسٹنڈے" بھیج رکھے تھے۔ "غالب" لہٰذا محفوظ رہے۔ گھر سے نکل کر تاریخ کی "درست سمت" کھڑے ہونے کے بجائے وہ گھر بیٹھے ہی دوستوں کو چٹھیاں لکھتے رہے۔ ان کے لکھے خطوط پڑھنے کی بدولت ہی یہ قلم گھسیٹ اردو کے ایک دو فقرے لکھنے کے قابل ہوا ہے۔ کبھی کبھار سوچتا ہوں کہ غالب جوش میں اپنا گھر بار چھوڑ کر تلنگوں کے ساتھ "تاریخ کی درست سمت" کھڑے ہو جاتے تو مجھ جیسے سینکڑوں افراد اردو میں چند فقرے لکھنے کے قابل بھی ہوتے یا نہیں۔ "تاریخ" ہمیشہ جیتنے والی قوتوں نے لکھی ہے۔ اس نے "درست راہ" کبھی دکھائی نہیں اور تاریخ ہی نے بتایا ہے کہ "تلنگے" انقلاب نہیں لایا کرتے۔ جابر قوتوں کو بلکہ مزید جابر بنا دیتے ہیں۔

---

# "سپیڈ کی لائٹ" والا انقلاب

لیجئے جناب، پی ٹی آئی کے ایک سے دوسرے سرے تک کم از کم ایک بات پر اتفاق رائے تو ہو گیا۔ یہ کہ پارٹی کی پوری قیادت بک چکی ہے، غدار اور میر جعفر ہے، تنظیم سے ملی ہوئی ہے۔ زیادہ تر نے اپنے لیڈروں کیلئے "کمپرومائزڈ" کا لفظ استعمال کیا ہے۔ پی ٹی آئی کے بعض ٹی وی اینکرز اپنی گندمی اور نیم گندمی رنگت کے باوجود خود کو "انگریز" یا امریکی انگریز باور کرانے کی سعی میں زور لگاتے نظر آتے ہیں، ان کے الفاظ میں پارٹی لیڈر "کمام کمپرومائزڈ" ہے۔ بہرحال کمپرومائزڈ ہو یا کمپرومائزڈ، عوامی زبان میں معنے ایک ہی ہیں، بکی ہوئی قیادت۔

اور یہ بھی نہیں کہ قیادت کا بیشتر حصہ، پارٹی اتفاق رائے کے مطابق ساری کی ساری۔ پی ٹی آئی کا سوشل میڈیا سارے کا سارا یہی بیانیہ نشر کر رہا ہے۔ عوام الناس میں مشہور ہے کہ یہ دراصل "جھوٹ بریگیڈ" ہے۔ ہو گا، لیکن کم از کم اس کی تازہ ریسرچ تو سچ ہی لگتی ہے۔

قیادت اگر بکی ہے جو بیان کی گئی ہے تو پارٹی کیڈرز اور اس کے سوشل میڈیا کو مرشد کی بصیرت اور وژن کے قربان جانا چاہیے کہ:

تمہی کہو، یہ انتخاب کس کا تھا۔

یعنی کس نے چن چن کر یہ ہیرے موتی قیادت کی مسندوں پر بٹھائے۔ مرشد کی بصیرت اور بصارت کے کیا کہنے، وہ تو دیوار کے اس پار بھی دیکھ لیتے ہیں۔

پی ٹی آئی سوشل میڈیا کے ایک سے زیادہ آؤٹ لیٹس نے تو حد کر دی۔ خود مرشدانی جی پر سوال اٹھا دیا۔ کہا، اب پتہ چلا، اچانک ہی رہا کر کے کیوں پختونخوا جانے کی اجازت دے دی۔ پشاور کے سی ایم ہاؤس میں بیٹھ کر پارٹی پر نقب لگائی۔ سنگجانی جا کر دھرنا دینے کی ہدایت خود مرشد نے دی تھی، مرشدانی جی نے سبوتاژ کر دی، نتیجہ دیکھ لو۔ پارٹی ورکرز کا سارا حوصلہ جو چند روز پہلے تک اوج ثریا سے بھی اوپر محو پرواز تھا، اب پاتال کی گہرائیوں میں غوطہ زن ہے۔ ادھر پارٹی قیادت کے اجلاس میں بھی مرشدانی پر اعتراض ہوئے۔ اخباری رپورٹ کے مطابق شرکائے اجلاس میں کسی ایک نے بھی مرشدانی کا دفاع نہیں کیا۔ کاش اعتزاز احسن بھی اجلاس میں ہوتے اور صفائی دینے کا حق ادا کرتے۔

وغیرہ وغیرہ
عبداللہ طارق سہیل
atsohail@gmail.com

یاد آیا جب پارٹی کی حکومت تھی اور ہر شعبے میں تباہ کاری اور بربادی کے جھنڈے گاڑے جا رہے تھے تو پی ٹی آئی کے "نصب شدہ" اینکر پرسن مرشد کی صفائی ان الفاظ میں دیا کرتے تھے کہ مرشد تو بہت قابل، بہت ایماندار ہے لیکن وہ کیا کرے، اس کی پارٹی کے لیڈر، کابینہ کے ارکان نالائق اور کرپٹ ہیں۔ مرشد کا کوئی قصور نہیں۔

یہ "راز" ابھی دنوں تازہ تازہ کھلا تھا کہ مرشد تو دیوار کے پار بھی دیکھ لینے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

اور اب تو مرشدانی پر بھی اعتراض ہو گیا حالانکہ ابھی مرشدانی جی کے بارے میں کہا جاتا تھا کہ انہیں براہ راست آسمانوں سے کشف ہوتا ہے، وہ ڈیوائن ڈاکٹرائن لے کر آئی ہیں۔ ان کے موکل انہیں ہر شے کی حقیقت بتا دیتے ہیں، کل کیا ہو گا، یہ بھی بتا دیتے ہیں۔

حیرت ہے، موکلوں نے یہ نہیں بتایا کہ 26 نومبر کی رات انہیں ڈی چوک سے اس عالم میں بھاگنا پڑے گا کہ نہ ہاتھ باگ پر ہو گا نہ پا رکاب میں۔ گنڈاپور کے ہمراہ ایسے بندوق کی گولی کی طرح بھاگیں کہ سیدھے مانسہرہ جا کر دم لیا۔ گنڈاپور نے کچھ گھنٹے دم لینے کے بعد پریس کانفرنس بھی کر ڈالی، مرشدانی جی کو دم لینے میں ابھی کچھ دن لگیں گے۔ فی الوقت وہ خاموشی کا اعتکاف بیٹھ گئی ہیں۔

خبریں افواہوں کی صورت میں گرم ہیں کہ خیبر پی کے میں گورنر راج لگا دیا جائے گا۔ یعنی صوبے کی حکومت کنڈی کے سپرد ہو جائے گی۔

اس صورت میں گنڈاپور کا کیا بنے گا؟۔ شاید انہیں وفاق میں کوئی وزارت مل جائے۔ شاندار خدمات کے اعتراف میں۔ ایسا ہوا تو کون سا قلمدان ملے گا؟۔ شاید فروغ پیداوار اسلامی شہد کا نیا محکمہ بنایا جائے۔

پی ٹی آئی کے بہت سے سوشل میڈیا آؤٹ لیٹ دو دن سے جہاں پارٹی کی "کمام کمپرومائزڈ" قیادت کو توپ دم کیے ہوئے ہیں، وہاں پنجاب کو بھی نشانے پر رکھا ہوا ہے کہ یہاں سے کوئی نہیں نکلا۔ اسی سوشل میڈیا کی اطلاع تھی کہ پارٹی نے 35 ہزار جانباز کارکن پہلے ہی اسلام آباد پہنچا دیئے ہیں، جونہی کے پی والا جلوس اسلام آباد پہنچے گا، یہ 35 ہزار بھی اپنی کمین گاہوں سے برآمد ہوں گے اور پھر یوں چٹکی بجاتے انقلاب آ جائے گا۔

پی ٹی آئی والے پنجاب کو جتنی چاہے صلاحیاں سنا دیں، کوسنے دے دیں لیکن پہلے یہ عقدہ تو حل کریں کہ یہ 35 ہزار کہاں چھپے تھے۔ لگتا ہے جس کھوہ میں پناہ لی تھی، اس کے دہانے پر کوئی چٹان آ گری، باہر آنے کا راستہ بند ہو گیا، یہ 35 ہزار اس چٹان کو ہلاتے ہی رہ گئے اور انقلاب جلا ہوا کنٹینر چھوڑ کر واپس کے پی بھاگ نکلا۔

اے ایف پی عالمی خبر رساں ادارے اور الجزیرہ کے رپورٹروں کی رپورٹنگ کے مطابق اسلام آباد پہنچنے والے انقلابیوں کی تعداد دس ہزار تھی۔

کمال ہے، ہمیں تو بتایا گیا تھا کہ 25 ہزار ہیں۔ یعنی اعتماد کا خسارہ پورے پندرہ ہزار کا تھا؟۔

خیر، یہ پیشگی جا پہنچائے گئے 35 ہزار بھی کھوہ سے برآمد ہو جاتے تو یہ دس ہزار نہ رہتے، 45 ہزار ہو جاتے۔ برا ہو اس کھوہ کا جس نے انہیں باہر آنے ہی نہیں دیا۔ کھوہ تھی یا خلائی بلیک ہول کہ جو بھی اندر گیا، پھر باہر نہ آیا۔

پنجاب کی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے ایک بیان میں کہا ہے کہ تاریخ میں کوئی انقلاب اتنی تیزی سے نہیں بھاگا جتنا کل دیکھا۔ یہ بات سمجھ میں نہیں آ سکی کہ عظمیٰ بخاری حیرت ظاہر کر رہی ہیں یا انقلاب کی تیز رفتاری کا اعتراف کرتے ہوئے اسے خراج تحسین پیش کر رہی ہیں۔

دراصل مرشد کو تیز رفتاری بہت پسند ہے۔ جب وزیراعظم تھے تو "سپیڈ کی لائٹ" والی رفتار کو آئیڈیل قرار دیا کرتے تھے۔ شاید 26 مئی کے انقلاب کی تیز رفتاری میں مرشد کی اسی خواہش کے احترام کا عمل دخل ہو۔

بہرحال، یہ انقلاب "سپیڈ کی لائٹ" جتنا تیز رفتار تو بالکل نہیں تھا۔ میدان خالی کرتے کرتے پورے 20 منٹ لگے۔

---

# ایک نئی صبح کا آغاز!

ملک میں ایک طرف احتجاج اپنے زور پر ہے تو دوسری جانب مذاکرات کا بھی شور سنائی دے رہا ہے، لیکن کوئی ماننے کیلئے تیار نہیں ہے کہ کہیں مذاکرات ہو رہے ہیں، اگر مذاکرات نہیں ہو رہے تو پھر احتجاج ضرور ہو رہا ہے اور اس احتجاج میں کوئی نہیں جانتا کہ اپنی ساری کشتیاں جلا کر آنے والے کیا تحفہ دینے والے ہیں، اس احتجاج اور اسے روکنے کی کوشش میں کہیں کسی قسم کا جانی نقصان ہوتا ہے تو اس کے ملکی سیاست پر ایسے گہرے اور ناقابل علاج زخم آئیں گے کہ جن کا علاج کبھی نہیں ہو پائے گا۔

اس ملک کے ساتھ پہلے بھی ایسا ہی کچھ ہو چکا ہے اور اس بار بھی ویسا ہی کچھ کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے، حکومت اور اپوزیشن کو جہاں ہوش کے ناخن لینے چاہئے، وہیں مقتدرہ کو بھی اپنے کردار پر نظر ثانی کرنی چاہیے، اس حکومت کو کس طرح لایا گیا اور اب جس طرح سپورٹ کیا جا رہا ہے، کیا اس سے حالات میں بہتری آئی ہے، کیا اس سے ملک میں استحکام آیا ہے؟ بالکل نہیں آیا نہ ہی آئے گا، یہ حکومت گزرتے وقت کے ساتھ بوجھ بنتی جا رہی ہے، اس حکومت کے وزرا بیشتر ان معمولی سے معمولی مسئلہ بھی حل کرنے کی استطاعت نہیں رکھتے ہیں، مگر میڈیا پر اپنی منفی کارکردگی کو بھی حد درجہ مثبت بنا کر پیش کرتے رہتے ہیں، اس طرح حکومت چلتی ہے نہ ہی عوام کی حمایت حاصل ہوتی ہے، بلکہ اس کے خلاف نفرت بڑھتی چلی جاتی ہے۔


صدائے سحر
شاہد ندیم احمد
sadaaysehar@gmail.com

اس حکومت کی کارکردگی پر ہر محب وطن شخص نہ صرف پریشان ہے، بلکہ نوجوان نسل تو اب ملک سے بھاگنے کے علاوہ کچھ سوچ ہی نہیں رہی ہے، اس حوالے سے سینیٹر فیصل واوڈا کے بیانات کو جتنا مرضی پسند یا ناپسند کریں، مگر وہ بالکل درست کہتے ہیں کہ موجودہ حکومت ہر طرح سے بے شعور اور نااہل لوگوں کا ایک ہجوم ہے، اس سے کسی بہتری کی توقع کرنا، خود کو ہی دھوکہ دینے کے مترادف ہے، اس کے باوجود نہ صرف بھروسہ کیا جا رہا ہے، بلکہ سپورٹ بھی کیا جا رہا ہے، اور اس کا سارا خمیازہ ملک و عوام بھگت رہے ہیں، اس غلط فیصلے کو درست کرنا ہو گا، آزمائے سے اقتدار چھڑانا ہو گا، ایک آزادانہ منصفانہ الیکشن کرنا ہو گا اور عوام کے ہی فیصلے کو ماننا ہو گا، اس کے بغیر ملک کے حالات کو بہتر بنایا جا سکتا ہے نہ ہی ملک کو آگے چلایا جا سکتا ہے۔

اس وقت ہمارے سامنے ناموافق حالات بلا بن کر کھڑے ہیں، اس کا ادراک کرتے ہوئے تدارک کا کوئی موثر لائحہ عمل بنانے کے بجائے حکمران اپنے اقتدار کو بچانے اور اپنے مخالفین کو راستے سے ہٹانے میں ہی لگے ہوئے ہیں، ملک بارے کوئی سوچ رہا ہے نہ ہی عوام کا کوئی خیال کر رہا ہے، عوام مہنگائی، بے روزگاری کے بوجھ تلے مر رہے ہیں، لیکن حکومت کو اپنے ذاتی ایجنڈے کی تکمیل سے ہی فرصت نہیں ہے، اس پر حکومت کو کوئی پوچھ رہا ہے نہ ہی اس کا قبلہ درست کر رہا ہے، کیونکہ سارے ہی ایک دوسرے سے ملے ہوئے ہیں، ملک میں یک طرفہ ٹریفک چلائی جا رہی ہے، اس یک طرفہ ٹریفک کی پالیسی سے ملک کی معیشت، سیاست، سماج اور عزت کو انتہائی نقصان پہنچ رہا ہے، لیکن اس کی کوئی پرواہ کر رہا ہے نہ ہی قومی مفاد کا سوچ رہا ہے، ہر کوئی اپنی ذات کیلئے قومی مفاد کو داؤ پر لگائے جا رہا ہے۔

یہ سب کچھ ایسے ہی کب تک چلے گا اور کب تک طاقت کے زور پر عوام کو دبا کر خاموش کرا کر وقت گزارتے رہیں گے، ہم سپر پاور ہیں نہ ہی ہمارے حالات سپر پاور بننے والے رہے ہیں، لہٰذا ضروری ہو گیا ہے کہ اس ملک کا اصل مقتدر طبقہ اپنی بیرونی اور اندرونی حکمت عملی کا از سر نو جائزہ لیتے ہوئے اپنی پالیسیاں تبدیل کرے، اس ملک میں بڑھتی افراتفری اور انتشار کو روکے اور عوام کو آزادانہ حق رائے دہی کا موقع دے، عوام جو بھی فیصلہ کرے، اس فیصلے کو ہی مانا جائے، اس پر ہی عمل درآمد کرایا جائے، اس طرح ایک نئی صبح کا نہ صرف آغاز ہو گا، بلکہ ہم ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن بھی ہو پائیں گے، اگر ایسا نہ کیا گیا تو صرف ہمارے پاس پچھتاوے کے سوا کچھ نہیں بچے گا۔

بقول شاعر: دل کے پھپھولے جل
اٹھے سینے کے داغ سے
اس گھر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ
سے

---

# وزیراعظم یوتھ پروگرام کے احسن اقدامات!

تحریر
حیدر علی

وطن عزیز پاکستان میں اس وقت اڑھائی کروڑ کے قریب نوجوان تعلیمی اداروں اور کھیلوں سمیت ہر شعبہ میں نمایاں کردار ادا کر رہے ہیں۔ خصوصاً آئی ٹی کے شعبہ میں بھی پاکستانی نوجوانوں کی اکثریت نمایاں کردار ادا کر رہی ہے۔ اگر پاکستان کی تاریخ پر نظر دوڑائیں تو وطن عزیز پاکستان کیلئے نوجوان قیادت نے ہمیشہ صف اول کا کردار ادا کیا۔ شاعر مشرق حکیم الامت، ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کی شاعری کا مخاطب ہی نوجوان ہیں۔ بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح نے بھی ہمیشہ نوجوانوں کی اہمیت اور پاکستان کیلئے بنیادی اساس قرار دیا۔

قارئین کرام! اس وقت وطن عزیز پاکستان میں مسلم لیگ ن کی جمہوری حکومت قائم ہے۔ اور پاکستان کی تاریخ اٹھا کر دیکھ لیں نوجوانوں کیلئے جتنے اقدامات مسلم لیگ ن کے دور میں ہوئے ہیں شاید ہی کسی اور دور میں ہوئے ہوں۔ وزیراعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان محمد شہباز شریف کا دور وزارت اعلیٰ دیکھ لیں جتنے اقدامات نوجوانوں کیلئے کیے گئے وہ مثال ہیں خصوصاً لیپ ٹاپ سکیم ان میں سب سے زیادہ نمایاں ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے وزارت عظمیٰ کا قلمدان سنبھالنے کے بعد وزیراعظم یوتھ پروگرام کا اجراء کیے جس کے ثمرات آج پورے ملک کے نوجوانوں کو میسر ہو رہے ہیں۔ اس وقت وزیراعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان ہیں اور ان کی سربراہی میں اس وقت نوجوانوں کیلئے تعلیم، فنی تعلیم، کھیل اور کلچر سمیت دیگر شعبوں میں روزانہ کی بنیاد پر نئے حوالے شامل ہو رہے ہیں۔ گزشتہ روز وطن عزیز پاکستان میں وزیراعظم یوتھ پروگرام کے تحت 21 نومبر سے یونیورسٹی اولمپیاڈ کا انعقاد کیا جا رہا ہے جس کے حوالے سے پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیراعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان نے تفصیلاً بتایا کہ ہم ملک میں مثبت سرگرمیوں کے فروغ کیلئے کام کر رہے ہیں۔ کاپ 29 کانفرنس میں پاکستانی پویلین مرکز نگاہ ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی کاپ 29 کانفرنس میں شرکت کے موقع پر کئی اہم رہنماؤں سے ملاقاتیں ہوئیں، جس کی وجہ سے دنیا پاکستان کی طرف رخ کر رہی ہے، 14 ممالک سے 50 کھلاڑی ٹینس چیمپئن شپ میں شرکت کر رہے ہیں، 7 ممالک کے کھلاڑی سکواش کھیلنے آئے ہوئے ہیں، ہر ماہ بڑی تعداد میں سیاح، کھلاڑی اور سرمایہ کار پاکستان آ رہے ہیں۔ چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام نے کہا کہ یونیورسٹی اولمپیاڈ 21 نومبر سے 23 نومبر تک لیاقت جمنیزیم میں کھیلی جائے گی جس میں ملک بھر سے 30 ہزار ایتھلیٹس حصہ لے رہے ہیں۔ وزارت اطلاعات و نشریات و ثقافتی ورثہ، وزارت بین الصوبائی رابطہ، ایچ ای سی، اسلام آباد انتظامیہ اور پولیس کی جانب سے تعاون پر ان کے مشکور ہیں۔ ان کے مشترکہ تعاون سے ملک کا مثبت تشخص اجاگر ہو رہا ہے۔ یونیورسٹی اولمپیاڈ میں 10 کھیل شامل ہیں۔ ان مقابلوں میں شرکت کیلئے تمام ممالک کے سفیروں، متعلقہ فریقوں، ترقیاتی شراکت داروں اور کھیلوں کی تنظیموں کو دعوت دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس میگا ایونٹ میں شریک باصلاحیت کھلاڑیوں کو ہمیں سپورٹ کرنی چاہیے اور ان کا خیر مقدم کرنا چاہیے۔ وطن عزیز پاکستان اس وقت دنیا میں اپنا نمایاں کردار ثابت کر رہا ہے معیشت ہو یا فلسطین یا کشمیر کے مظلوم مسلمان۔ پاکستان کا ہمیشہ واضح اور دوٹوک موقف رہا ہے۔ حکومت پاکستان ملک کے مضبوط مستقبل کیلئے کام کر رہی ہے۔ اگر بغور جائزہ لیا جائے تو گزشتہ چند سالوں میں ایک نوجوانوں کے ٹولے کو جو ایک سیاسی جماعت کی جانب سے تربیت دی گئی ہے وہ سوائے بدتمیزی اور جاہلانہ حرکات کے کچھ نہیں۔ ایک طرف حکومت نوجوانوں کیلئے مثبت سرگرمیوں کے حوالے سے اقدامات کر رہی ہے تو دوسری جانب ایک سیاسی بونوں کی جماعت کی جانب سے وفاق پر چڑھائی کا درس دیا جا رہا ہے۔ ایس سی او میں شریک ممالک پاکستان کی ترقی میں شمولیت کے لئے آ رہے تھے لیکن اس موقع پر بھی سیاسی بونوں کی جماعت نے احتجاج کیا جس کا کوئی جواز نہیں بنتا تھا۔ اس جماعت کے دور میں پاکستان میں کوئی سرمایہ کاری نہیں آئی اور اب بھی وہ چاہتے ہیں کہ پاکستان میں کوئی سرمایہ کاری نہ آئے۔ لیکن یہ سیاسی بونے یاد رکھیں کہ پاکستانی قوم نے ان کا بیانیہ ہمیشہ مسترد کر دیا ہے۔ خوشحال مستقبل پاکستانی نوجوانوں کا حق ہے اور یقیناً حکومت کی جانب سے یونیورسٹی اولمپیاڈ کا کامیابی سے انعقاد ہو گا۔

قوت
SPORTS
PAKISTAN

# چیمپئنز ٹرافی
# پاکستان اپنے سخت موقف پر قائم، آئی سی سی اجلاس کل تک ملتوی

## بی سی سی آئی حکام نے بھی اپنے مؤقف سے دیگر ممبران کو آگاہ کیا۔ قبل ازیں، چیمپئنز ٹرافی بچانے کے لیے پاکستان اور بھارت کے لیے خصوصی ہائبرڈ ماڈل پیش کیا گیا تھا

لاہور (شہروز میاں سے) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کے چیمپئنز ٹرافی کے انعقاد کے حوالے سے منعقدہ اجلاس میں پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) ایک بار پھر اپنے مؤقف پر سختی سے قائم رہا، ہر طرف سے تجاویز اور بحث کے بعد اجلاس کل تک کے لیے ملتوی کر دیا گیا۔ ذرائع نے بتایا کہ پاکستان کرکٹ بورڈ آج ہونے والی میٹنگ میں ایک بار پھر اپنے موقف پر سختی سے قائم رہا، پی سی بی نے آج اجلاس میں کسی بھی قسم کا کوئی ہائبرڈ ماڈل قبول نہ کرنے کے حوالے سے بورڈ ممبران اور آئی سی سی کو آگاہ کیا۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ پاکستان کے بے لچک مؤقف کی وجہ سے اجلاس کل تک کے لیے ملتوی کر دیا گیا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ بی سی سی آئی حکام نے بھی اپنے مؤقف سے دیگر ممبران کو آگاہ کیا۔ قبل ازیں، چیمپئنز ٹرافی بچانے کے لیے پاکستان اور بھارت کے لیے خصوصی ہائبرڈ ماڈل پیش کیا گیا تھا، آئی سی سی نے اہم بورڈ اجلاس میں خصوصی ہائبرڈ ماڈل کے تحت پیشکش کی کہ بھارت، پاکستان جائے نہ پاکستان، بھارت جا کر کھیلے۔

## جونیئر ہاکی ایشیا کپ: پاکستان نے بنگلادیش کو ہرا کر ایونٹ میں مسلسل دوسری فتح حاصل کر لی

HOCKEY OMAN

مسقط (سپورٹس ڈیسک) پاکستان نے جونیئر ہاکی ایشیا کپ میں بنگلادیش کو 0-6 سے شکست دے کر ایونٹ میں مسلسل دوسری کامیابی حاصل کر لی۔ پاکستان کے اس دوسرے گروپ میچ میں سفیان خان نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 3 گول اسکور کیے اور ہیٹ ٹرک مکمل کی جبکہ محمد عماد، رانا ولید اور ذکریا حیات نے ایک، ایک گول اسکور کیا۔ پاکستان کی جانب سے پہلا گول 23 ویں منٹ میں سفیان خان نے پنالٹی کارنر پر اسکور کیا اور محمد عماد نے چند ہی لمحوں بعد پاکستان کی برتری 0-2 کر دی۔ میچ کے 32 ویں اور 43 ویں منٹ میں سفیان خان نے 2 مزید گول داغے، جبکہ رانا ولید نے 51 ویں منٹ میں اور ذکریا حیات نے 60 ویں منٹ میں ایک، ایک گول اسکور کیا۔ میچ کے بہترین کھلاڑی کا اعزاز محمد عماد کو دیا گیا۔ عمان میں جاری جونیئر ہاکی ایشیا کپ میں پاکستان نے اس سے قبل اپنے پہلے میچ میں چین کو 2-7 سے شکست دی تھی۔

## پونے میں کرکٹ میچ میں بیٹر دل کا دورہ پڑنے سے چل بسے

### گروارے اسٹیڈیم میں میچ کے دوران 35 سالہ کھلاڑی کو دل کا دورہ پڑا جس سے ان کی موت واقع ہوگئی

پونے (این این آئی) بھارتی شہر پونے میں کرکٹ میچ کے دوران ایک کھلاڑی دل کا دورہ پڑنے سے چل بسے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق جمعرات کو گروارے اسٹیڈیم میں میچ کے دوران 35 سالہ کھلاڑی کو دل کا دورہ پڑا جس سے ان کی موت واقع ہوگئی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق 35 سالہ عمران پٹیل نامی بیٹر اننگ کا آغاز کرنے کے لیے گراؤنڈ میں بیٹنگ کے لیے آئے جس کے تھوڑی دیر بعد انہوں نے سینے اور ہاتھ میں درد کی شکایت کی۔ بیٹر نے تھوڑی دیر بعد امپائر کو اپنی حالت کے بارے میں بتایا جس کے بعد انہیں پویلین میں جانے کی اجازت دے دی گئی تاہم واپس جاتے ہوئے وہ گراؤنڈ میں ہی گر گئے۔ گراؤنڈ میں موجود تمام کھلاڑی عمران پٹیل کی جانب دوڑے اور انہیں اسپتال منتقل کیا جہاں ڈاکٹرز نے ان کی موت کی تصدیق کر دی۔

## ورلڈ ٹیم اسکواش چیمپئن شپ، پاکستان کی چار رکنی ٹیم کا اعلان

لاہور (شہروز میاں سے) ورلڈ ٹیم اسکواش چیمپئن شپ کیلئے پاکستان کی چار رکنی ٹیم کا اعلان کر دیا گیا۔ ایونٹ 9 سے 15 دسمبر تک ہانگ کانگ میں ہوگا۔ پاکستان اسکواش فیڈریشن کے مطابق ورلڈ ٹیم اسکواش چیمپئن شپ کیلئے پاکستان اسکواش ٹیم میں ناصر اقبال، عاصم خان، نور زمان اور عبداللہ نواز شامل ہیں۔ دوسری جانب ورلڈ اسکواش فیڈریشن نے ایونٹ کے ڈراز کا اعلان بھی کر دیا ہے، جس کے مطابق 26 ٹیموں کو 8 گروپس میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پاکستان کو گروپ ایچ میں رکھا گیا ہے جہاں اس کا مقابلہ میزبان ہانگ کانگ، پیرو اور اٹلی سے ہوگا۔ ہر گروپ سے دو بہترین ٹیمیں ناک آؤٹ راؤنڈ کیلئے کوالیفائی کریں گی۔ واضح رہے کہ پاکستان اب تک 6 مرتبہ ورلڈ ٹیم اسکواش چیمپئن شپ جیت چکا ہے۔

## کھیل ایک ایسی چیز ہے جو آپ کو منشیات سے دور رکھتی ہے، شاہین آفریدی

پشاور (این این آئی) پاکستانی فاسٹ بولر شاہین شاہ آفریدی نے کہا ہے کہ کھیل ایک ایسی چیز ہے جو آپ کو منشیات سے دور رکھتی ہے۔ یہاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ڈی ایچ اے میں اسپورٹس فیسیلیٹی میں کرکٹ اکیڈمی قائم کی جائے گی، کرکٹ اکیڈمی میں سافٹ اور ہارڈ بال کرکٹ کی تربیت دی جائے گی۔ شاہین شاہ آفریدی نے کہا کہ صوبے میں کھیلنے کے مواقع کم ہیں، اسپورٹس اکیڈمیوں کے قیام سے کھیلنے کے مواقع فراہم ہوں گے، ڈی ایچ اے میں ٹینس کورٹ، سوئمنگ پول اور جاگنگ ٹریک بھی ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ جو اچھا کھیلتا ہے وہ جیتتا بھی ہے، کرکٹ اکیڈمی میں پروفیشنل کوچز ہوں گے، بچوں کے لیے کھیلنے کی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔

## گوجرانوالہ میں کھیلتا پنجاب گیمز کے انٹر ڈسٹرکٹ مقابلوں کا آغاز

KHELTA
PUNJAB

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) محکمہ سپورٹس کے زیر اہتمام گوجرانوالہ میں کھیلتا پنجاب گیمز کے انٹر ڈسٹرکٹ مقابلوں آغاز ہوگیا۔ کمشنر گوجرانوالہ نوید حیدر شیرازی اور ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے مقابلوں کا افتتاح کیا، 6 اضلاع کے کھلاڑیوں میں میٹ ریسلنگ، تائیکوانڈو، والی بال کے مقابلے ہوئے، ان مقابلوں کے لیے کھلاڑیوں نے خوب محنت کر رکھی تھی۔ میٹ ریسلنگ میں کھلاڑی ایک دوسرے کو چت کرنے کے لیے خوب داؤ پیچ کا استعمال کرتے رہے جبکہ تائیکوانڈو کے مقابلوں میں کھلاڑی لڑکیوں نے بھی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا، ایونٹ کے انعقاد سے کھلاڑی بہت خوش دکھائی دیئے۔ ان مقابلوں میں تین ہزار سے زائد کھلاڑیوں پر مشتمل لڑکے اور لڑکیوں کی ٹیموں کے درمیان الگ الگ بارہ مختلف کھیلیں ہونگی، ڈویژنل سپورٹس آفیسر نے کھیلتا پنجاب گیمز کو ابھرتے ہوئے ٹیلنٹ کے لیے خوش آئند قرار دیا ہے۔

## 22 گرینڈ سلیم ٹائٹل جیتنے والے رافیل نڈال کا کیریئر شکست کیساتھ اختتام پذیر

میڈرڈ (ویب ڈیسک) ٹینس کی دنیا کے نامور اسٹار اور کلے کورٹ کے کنگ سپین کے رافیل نڈال کا انٹرنیشنل کیریئر اختتام پذیر ہو گیا۔ 22 گرینڈ سلیم، اولمپکس میں سونے کا تمغہ اور 92 اے ٹی پی ٹائٹل سمیت بے شمار اعزاز اپنے نام کرنے والے سپینش سٹار کو آخری میچ میں شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ منگل کو کیریئر کے آخری میچ میں نڈال کو ڈیوس کپ ٹائی کے سنگلز میں ہالینڈ کے حریف نے سٹریٹ سیٹس میں شکست دی۔ اپنے کیریئر کے آخری میچ کے بعد ٹینس کورٹ کو خیر باد کہتے ہوئے نڈال تھوڑے جذباتی بھی دکھائی دیے، الوداعی میچ کے بعد ٹینس ایریا میں نڈال کے شاندار کیریئر کی جھلکیاں بھی دکھائی گئیں، راجر فیڈرر، نوواک جوکووچ، سرینا ولیمز سمیت دنیا کے نامور کھلاڑیوں نے رافیل نڈال کو خراج تحسین پیش کیا۔

لاہور: سپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے زیر اہتمام نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس کے نیشنل ہاکی اسٹیڈیم میں کھیلتا پنجاب گیمز 2024ء کے ڈویژنل سطح کے مقابلوں کے موقع پر بوائز ہاکی میچ کا منظر۔

## بنگلادیش میں آئرش ویمن ٹیم کی سائیکل رکشہ پر سیر

Bangladesh Cricket Board

ڈھاکہ (سپورٹس ڈیسک) آئرلینڈ ویمن کرکٹ ٹیم کی کھلاڑیوں نے اپنے دورہ بنگلادیش کے دوران سائیکل رکشہ پر سیر کی۔ میرپور ڈھاکا کرکٹ اسٹیڈیم میں آئرش ویمن نے سائیکل رکشہ پر سیر کی، سواری سے خوب لطف اندوز ہوئیں۔ آئرش ویمن کرکٹ ٹیم ان دنوں بنگلادیش میں موجود ہے، سائیکل رکشہ میزبان ملک کی ثقافت کا حصہ ہے۔

## میرے لیے یہ اہم ہے محنت کرتا رہوں، اس کا صلہ ملے گا، کامران غلام

بولاوایو (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے بیٹر اور تیسرے ون ڈے کے سنچورین کامران غلام نے کہا ہے کہ میرا کام پرفارم کرنا ہے، میرے لیے یہ اہم ہے کہ محنت کرتا رہوں، اس کا صلہ ملے گا۔ بلاوایو میں زمبابوے کے خلاف پاکستان کی تیسرے ون ڈے اور سیریز میں کامیابی کے بعد پریس کانفرنس کرتے ہوئے کامران غلام کا کہنا تھا کہ انگلینڈ کے خلاف ڈیبیو پر سنچری سے مجھے کافی اعتماد ملا تھا۔ انہوں نے کہا کہ زمبابوے کیخلاف ون ڈے کی سنچری سے مجھے مزید اعتماد ملے گا۔ پہلے پاکستان شاہینز کے ساتھ زمبابوے کا دورہ کر چکا تھا اس لیے کنڈیشنز کا اندازہ تھا۔ انکا کہنا تھا کہ آسٹریلیا کیخلاف جیت کا بھی ہمیں اعتماد ملا تھا، مجھ پر پریشر نہیں تھا۔

## ہاکی جونیئر ایشیا کپ' پاکستان کی مسلسل دوسری کامیابی، بنگلادیش کو 0-6 سے شکست

کراچی (این این آئی) ہاکی جونیئر ایشیا کپ میں پاکستان نے مسلسل دوسری فتح سمیٹ لی۔ قومی ٹیم نے اپنے دوسرے گروپ میچ میں بنگلادیش کو 0-6 سے شکست دے دی۔ پاکستان کے سفیان خان نے تین گول کر کے ہیٹ ٹرک مکمل کی۔ محمد عماد، رانا ولید اور ذکریا حیات نے ایک، ایک گول اسکور کیا۔ سفیان نے 23 ویں منٹ میں پنالٹی کارنر پر گول کر کے پاکستان کو برتری دلائی جبکہ چند لمحوں بعد عماد نے اسکور 0-2 کر دیا۔ 32 ویں اور 43 ویں منٹ میں سفیان نے یکے بعد دیگرے دو گول داغے اور برتری کو مزید بڑھاتے ہوئے 0-4 کی لیڈ لے لی۔ رانا ولید نے میچ کے 51 ویں منٹ میں گول کیا جبکہ ذکریا نے 60 ویں منٹ میں گول کر کے اسکور 0-6 کر دیا۔ خیال رہے کہ پاکستان نے اس سے قبل پہلے میچ میں چین کو 2-7 سے شکست دی تھی۔ قومی ٹیم ایونٹ میں اپنا اگلا میچ 30 نومبر کو عمان کے خلاف کھیلے گی۔

## ملتان میں 52 ویں نیشنل اتھلیٹکس چیمپئن شپ 2025 کا آغاز

### چیمپئن شپ میں ملک بھر سے مرد اور خواتین کی ٹیمیں حصہ لیں گی

ملتان (سپورٹس ڈیسک) 52 ویں نیشنل اتھلیٹکس چیمپئن شپ 2025 کا آغاز ہوگیا۔ 52 ویں نیشنل اتھلیٹکس چیمپئن شپ ایوب سٹیڈیم ملتان میں منعقد ہورہی ہے جس میں چاروں صوبوں اور ڈیپارٹمنٹس کی ٹیمیں شرکت کر رہی ہیں، جیولین چیمپئن ارشد ندیم فلیگ ہوسٹنگ کر رہے ہیں۔ چیمپئن شپ میں ملک بھر سے مرد اور خواتین کی ٹیمیں حصہ لیں گی جن میں پاکستان آرمی، پاکستان ایئر فورس، پاکستان نیوی، پاکستان واپڈا، پاکستان ریلوے، پاکستان پولیس، ہائر ایجوکیشن کمیشن، پنجاب، خیبر پختونخوا، سندھ، بلوچستان، اسلام آباد، گلگت بلتستان، آزاد جموں وکشمیر شامل ہیں، چیمپئن شپ میں مردوں کے 23 اور خواتین کے 21 ایونٹس منعقد ہونگے۔

SHOWBIZ
قوت

## ریما خان کی شادی کی 13 ویں سالگرہ پر واشنگٹن میں رنگارنگ تقریب

### ریما خان ڈاکٹر شہاب کے ساتھ 2011 میں رشتہ ازدواج میں منسلک ہوئی تھیں

واشنگٹن (این این آئی) معروف پاکستانی اداکارہ ریما خان اور ڈاکٹر طارق طارق شہاب کو رشتہ ازدواج میں منسلک ہوئے 13 برس مکمل ہو گئے۔ اداکارہ ریما خان اور ڈاکٹر طارق شہاب کی شادی کی 13 ویں سالگرہ کے موقع پر واشنگٹن میں رنگارنگ تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں پاکستانی سفیر سمیت مختلف اہم شخصیات نے شرکت کی۔ ریما خان کی سالگرہ کی تقریب میں شرکت کے لیے خصوصی طور پر بھارت کے شہر حیدرآباد سے اُن کے خاندانی رشتے دار شہنور خان اپنی فیملی کے ہمراہ تقریب میں شریک ہوئے۔ ڈاکٹر طارق شہاب نے ریما کے بارے میں بات کرتے ہوئے کہا کہ ریما ایک عظیم انسان ہیں اور میں ریما کو اپنی زندگی میں پا کر خود کو بہت خوش قسمت سمجھتا ہوں، ریما خان عجز و انکساری کا پیکر ہیں۔ ریما خان نے شوہر سے متعلق کہا کہ میں طارق کو اپنی زندگی میں پا کر خود کو بہت خوش قسمت محسوس کرتی ہوں، جب طارق نے کووڈ کے دوران اور پچھلے سال ہارٹ سرجری کے دوران والد کی دیکھ بھال کی تو وہ طارق کی تعریفیں کرتے نہیں تھکتے تھے اور اُنہیں خوب دعائیں دیتے تھے۔ خیال رہے کہ ریما خان ڈاکٹر شہاب کے ساتھ 2011 میں رشتہ ازدواج میں منسلک ہوئی تھیں۔

## اے آر رحمان اور سائرہ بانو کے درمیان مفاہمت خارج از امکان نہیں، وکیل

ممبئی (این این آئی) نامور بھارتی گلوکار و موسیقار اے آر رحمان اور اہلیہ سائرہ بانو کے درمیان طلاق کے بعد مزید قانونی کارروائی کے دوران کئی سوالات نے جنم لے لیا جبکہ وکیل کا کہنا ہے کہ مفاہمت خارج از امکان نہیں ہے۔ ایک یوٹیوب چینل سے گفتگو کرتے ہوئے وکیل وندانا شاہ نے دونوں کے تین بچوں کی کسٹڈی کے بارے میں کھل کر بات کی جس نے مداحوں کو چونکا دیا۔ انٹرویو کے دوران جب وکیل سے پوچھا گیا کہ اس کیس میں بچے کہاں جا رہے ہیں تو وکیل وندانا شاہ نے کا کہنا تھا کہ اس کا فیصلہ ابھی نہیں ہوا، اس کا فیصلہ بھی ہونا ہے۔ تاہم ان میں سے زیادہ تر بالغ ہیں، لہٰذا وہ یہ فیصلہ کرنے میں آزاد ہیں کہ وہ والد یا والدہ میں سے کس کے پاس رہنا چاہتے ہیں۔ جب ان سے پوچھا گیا کہ اس معاملے میں کوئی زر و زمین کا معاملہ شامل ہے، اس پر وندانا نے سائرہ بانو کا دفاع کرتے ہوئے کہا کہ وہ پیسے کے پیچھے بھاگنے والی خاتون نہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ وندانا نے دونوں کے درمیان مفاہمت کا امکان بھی ظاہر کیا، اور کہا کہ میں نے یہ نہیں کہا کہ مفاہمت ممکن نہیں ہے۔ میں ایک امید پرست ہوں اور میں ہمیشہ محبت اور رومانس کے بارے میں بات کرتی ہوں۔

## سینئر اداکارہ سویرا ندیم کی والدہ دارِ فانی سے کوچ کر گئیں

لاہور (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی سینئر اداکارہ سویرا ندیم کی والدہ دار فانی سے کوچ کر گئیں۔ سویرا ندیم نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اپنے مداحوں کو اپنی والدہ کے انتقال کی اطلاع دی ہے۔ انہوں نے اپنی پوسٹ میں لکھا ہے کہ ہماری زندگی کی خوشی اور فخر، میری والدہ اس دنیا کو چھوڑ کر دوسرے بہترین جہاں رخصت ہوگئیں۔ اداکارہ نے لکھا ہے کہ جس سے بھی وہ اپنی زندگی میں ملیں وہ ہر شخص ان سے بہت محبت کرتا تھا اور اُنہیں یاد کرتا تھا، اُنہیں کبھی بھلایا نہیں جاسکتا۔ انہوں نے لکھا ہے کہ والدہ مشکل وقت کا سامنا کرنے کی بھرپور ہمت رکھتی تھیں، وہ ہمدردی، طاقت اور مسلسل حوصلہ افزائی کی ایک شاندار مثال تھیں۔

## ناگ ارجن نے اپنے چھوٹے بیٹے اکھل اکی نینی کی منگنی کا اعلان کر دیا

ممبئی (این این آئی) بھارتی فلم انڈسٹری کے مشہور اداکار ناگ ارجن نے اپنے چھوٹے بیٹے اکھل اکی نینی کی منگنی کا اعلان کر دیا۔ یہ خوشخبری انہوں نے اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر شیئر کی، جہاں انہوں نے اپنی ہونے والی بہو زینب راوڈجی کو اپنے خاندان میں خوش آمدید کہا۔ ناگ ارجن نے پلیٹ فارم X (سابقہ ٹوئٹر) پر لکھا: ہمیں یہ اعلان کرتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے کہ ہمارے بیٹے کی منگنی زینب راوڈجی سے ہوگئی ہے۔ ہم زینب کو اپنے خاندان میں خوش آمدید کہتے ہیں اور آپ سب سے دعاؤں اور محبت بھرے پیغامات کی درخواست کرتے ہیں۔ اداکار اکھل اکی نینی نے بھی انسٹاگرام پر اپنی اور زینب کی تصویریں شیئر کرتے ہوئے کہا کہ مجھے اپنی ہمیشہ کے لیے ساتھی مل گئی۔

## ایشوریا رائے کی ایک حالیہ ویڈیو نے سوشل میڈیا پر نئی بحث چھیڑ دی

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ سپر اسٹار ایشوریا رائے کی ایک حالیہ ویڈیو نے سوشل میڈیا پر نئی بحث چھیڑ دی۔ سپر اسٹار ایشوریہ رائے بچن نے حال ہی میں دبئی میں گلوبل ویمنز فورم کی تقریب میں شرکت کی جہاں انہوں نے خواتین کو بااختیار بنانے کے حوالے سے جذباتی انداز میں خطاب کیا۔ ایونٹ کے آفیشل انسٹاگرام پیج نے ایشوریا کی ایک ویڈیو شیئر کی جس میں دیکھا جاسکتا ہے کہ جب ایشوریا نے اسٹیج پر قدم رکھا تو پس منظر میں ایک بڑی اسکرین پر ان کا نام لکھا تھا ایشوریا رائے، انٹرنیشنل اسٹار۔ اداکارہ کے نام کے ساتھ بچن نہ لگائے جانے پر سوشل میڈیا صارفین نے اس خیال کا اظہار کیا کہ ایشوریا نے باضابطہ طور پر بچن اپنے نام سے ہٹا دیا ہے۔

## ماہرہ خان نے دنیا میں محبت کی موجودگی کا اشارہ ملنے کا منظر مداحوں کے ساتھ شیئر کر دیا

کراچی (این این آئی) پاکستانی سپر اسٹار ماہرہ خان نے دنیا میں محبت کی موجودگی کا اشارہ ملنے کا منظر مداحوں کے ساتھ شیئر کر دیا۔ ماہرہ خان پاکستانی شوبز انڈسٹری کی ایک ایسی اداکارہ ہیں جنہوں نے اپنی اداکاری اور خوبصورتی سے پاکستان کے ساتھ دنیا بھر میں لاکھوں دل جیتے ہیں۔ پاکستان اور بھارت میں یکساں مقبولیت کی حامل اداکارہ ماہرہ خان اپنی اداکاری، حسن اور فیشن سینس کے علاوہ اپنی دلچسپ باتوں اور اپنے لب و لہجے کے سبب بھی مداحوں کے دلوں پر راج کرتی ہیں۔ ماہرہ خان کی اداکاری کا آغاز 2006 میں ہوا، مگر ان کے حصے میں بڑی کامیابی ڈرامہ سیریل 'ہمسفر' میں خرد کا کردار ادا کرنے کی صورت میں آئی۔ ماہرہ خان کے انٹرویوز کے علاوہ ان کے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز بھی انکی سادگی پسند سوچ کی عکاسی کرتے ہیں۔ وہ کبھی اپنی نانی کے قصے سناتی ہیں تو کبھی نئے دوستوں کے ساتھ گزارے یادگار لمحات کو تفصیلی طور پر بیان کرتے ہیں۔ ماہرہ خان نے حال ہی میں فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر ایک پوسٹ شیئر کی جس میں انکی خود کی تصویر نہیں بلکہ ایک سڑک کا منظر ہے۔ تصویر میں ایک ٹو وے روڈ پر ایک موٹر بائیک پر دو شخص سوار ہیں جن میں سے پیچھے بیٹھے شخص کے پاس تقریباً 18 دل کی شکل والے سرخ غبارے ہیں۔

## پاکستانی شوبز انڈسٹری میں اداکاروں کی کیٹیگریز نہیں بنائی گئیں، اداکار نیئر اعجاز

### پہلی بار میری آواز کی وجہ سے پروڈیوسر و ڈائریکٹر ظفر معراج نے کوئٹہ میں ڈرامے میں کام کی پیشکش کی



لاہور (این این آئی) ورسٹائل اداکار نیئر اعجاز نے کہا ہے کہ ماضی میں جو لوگ کوششوں کے باوجود اداکار نہ بن سکے، انہوں نے کاسٹنگ کوچ کا شعبہ سنبھال کر اپنے جیسے اداکاروں کو کاسٹ کرنا شروع کیا، جس وجہ سے انڈسٹری زوال پذیری کا شکار ہے۔ نیئر اعجاز نے ایک پوڈ کاسٹ انٹرویو میں بتایا کہ ان کی پیدائش پنجابی خاندان میں بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ میں ہوئی، انہوں نے وہیں سے ابتدائی تعلیم حاصل کی اور وہیں سے کیریئر کا آغاز کیا۔ ان کے مطابق انہوں نے شروع میں وفاقی حکومت میں ملازمت بھی اختیار کی اور 9 سال تک ملازمت کی، جس کے بعد وہ لاہور منتقل ہو گئے، جہاں سے انہوں نے مکمل طور پر اداکاری کا آغاز کیا۔ نیئر اعجاز کا کہنا تھا کہ انہیں پہلی بار ان کی آواز کی وجہ سے اداکاری کی پیشکش کی گئی، اس وقت پاکستان ٹیلی وژن (پی ٹی وی) کے پروڈیوسر و ڈائریکٹر ظفر معراج نے کوئٹہ میں ان کی آواز سنی تو انہیں ڈرامے میں کام کی پیشکش کی۔

## فلم ''پشپا'' کے گانے میں رشمیکا مندانا کے زخمی ہونے کا انکشاف

ممبئی (این این آئی) اداکارہ جلد فلم 'پشپا 2'' میں نظر آئیں گی۔ رشمیکا مندانا اپنی دلکشی، ورسٹائلٹی اور فن کے حوالے سے اپنی لگن کے لیے مشہور ہیں، پشپا: دی رائز میں ان کے کردار نے ان کے کیریئر کو ایک اہم سنگ میل تک پہنچا دیا اور انہیں ایک خطے کی اسٹار سے انڈین سینسیشن بنا ڈالا۔ پشپا کی سب سے بڑی جھلکیوں میں سے ایک چارٹ بسٹر گانا سامی سامی تھا، جس میں رشمیکا کے پرجوش رقص اور تاثرات نے دیرپا تاثر چھوڑا، گانے سے ان کا سگنیچر اسٹیپ ایک وائرل ٹرینڈ بن گیا۔ ذرائع نے حال ہی میں انکشاف کیا ہے کہ پہلی فلم پشپا کے دوران سامی سامی کی شوٹنگ کے دوران، انہیں پاؤں میں معمولی موچ آگئی تھی تاہم اداکارہ نے اس کے باوجود فلم بندی جاری رکھی۔ انڈسٹری کے ذرائع کے مطابق سامی سامی کی شوٹنگ کے دوران رشمیکا کو معمولی موچ آئی اور اس موچ کے باوجود انہوں نے گانے کی شوٹنگ مکمل کی اور یہ انٹرٹینمنٹ کے سب سے مشہور گانوں میں سے ایک بن گیا۔ یہ اپ ڈیٹ اس کے فوراً بعد سامنے آئی ہے جب رشمیکا نے انکشاف کیا کہ پشپا 2 کے سیٹ پر ان کا آخری دن جذباتی تھا۔ انہوں نے اپنے انسٹاگرام اسٹوریز پر 'ڈیئر ڈائری' کے عنوان سے ایک نوٹ شیئر کیا اور سیٹ پر اپنے آخری دن کے بارے میں اپنے خیالات لکھے۔ رشمیکا نے فلم کے پانچ سال کے سفر پر نظر ڈالی اور اعتراف کیا کہ جب وہ شوٹنگ سمیٹ رہی تھیں تو وہ رو پڑی تھیں۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

# صنعت وتجارت نیوز

# معیشت نامہ

## پاکستان اسٹاک ایکسچینج آج پھر بلندی پر؛ انڈیکس 101000 پوائنٹس کی سطح عبور کرگیا

### مارکیٹ 813 پوائنٹس کی تیزی کے ساتھ ایک لاکھ 082 پوائنٹس پر پر بند ہوئی

کراچی(شہروزمیاں سے) پاکستان اسٹاک ایکسچینج آج پھر بلندی پر رہی، جس کے نتیجے میں 100 انڈیکس 1 0 0 انڈیکس بڑھ کر 101357 پوائنٹس کی نئی بلند سطح پر بند ہوا۔ گزشتہ روز پی ایس ایکس میں ریکارڈ ساز تیزی دیکھی گئی، جس سے کے ایس ای 100 انڈیکس نے تاریخی سنگ میل عبور کرتے ہوئے ایک لاکھ پوائنٹس کی سطح عبور کرلی تھی اور مارکیٹ 813 پوائنٹس کی تیزی کے ساتھ ایک لاکھ 082 پوائنٹس پر پر بند ہوئی۔ آج کاروباری ہفتے کے آخری دن بھی ابتدا ہی سے بازار حصص میں تیزی کا رجحان رہا جب 445 پوائنٹس کی تیزی کے ساتھ کے ایس ای 100 انڈیکس بڑھ کر 101357 پوائنٹس کی نئی بلند سطح پر پہنچ گیا۔

## زرمبادلہ کی دونوں مارکیٹوں میں روپے کے مقابلے میں ڈالر کی قدر مستحکم

### زرمبادلہ کی دونوں مارکیٹوں میں ڈالر کی نسبت روپے کی قدر مستحکم رہی

کراچی(شہروزمیاں سے) زرمبادلہ کی دونوں مارکیٹوں میں جمعے کو روپے کے مقابلے میں امریکی کرنسی کی قدر مستحکم رہی۔ ایس آئی ایف سی پلیٹ فارم سے معدنیات، زراعت سمیت مختلف شعبوں کے منصوبوں پر عمل درآمد کے آغاز، فیوچر اکنامک انڈیکیٹرز میں بہتری کے آثار نظر آنے اور ایشیائی ترقیاتی بینک کی جانب سے 500 ملین ڈالر موصول ہونے سے زرمبادلہ کے سرکاری ذخائر 11 ارب ڈالر 10 کروڑ ڈالر سے متجاوز ہونے جیسے عوامل کے باعث زرمبادلہ کی دونوں مارکیٹوں میں جمعہ کو ڈالر کی نسبت روپے کی قدر مستحکم رہی۔ ماہرین کے مطابق دسمبر کی نئی مانیٹری پالیسی میں شرح سود میں نمایاں کمی کی توقعات، معیشت میں زرمبادلہ کی طلب بڑھنے سے ڈالر کی قدر میں بتدریج اضافے کا خدشہ ہے۔ ایشیائی ترقیاتی بینک کی جانب سے 50 کروڑ ڈالر موصول ہونے، دوست ممالک و دیگر عالمی مالیاتی اداروں سے وعدوں کے مطابق انفلوز ملنے کی توقعات پر انٹربینک مارکیٹ میں کاروباری دورانیے کے دوران ڈالر کی قدر میں ایک موقع پر 04 پیسے کی کمی سے 278 روپے کی سطح پر بھی آگئی تھی۔

## سیوریج کے نظام کی اپ گریڈیشن کے منصوبے پر تیزی سے کام جاری

### ڈرین کی تعمیر کا منصوبے کی فزیکل پراگریس 45 فیصد مکمل ہوچکی



ڈسکہ(تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی)ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ محمد ذوالقرنین لنگڑیال نے کہا ہے کہ ڈسکہ سٹی میں سیوریج کے نظام کی اپ گریڈیشن کے منصوبے پر تیزی سے کام جاری ہے، پنجاب سٹیز ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت بارشی پانی کے نکاس کیلئے 77 کروڑ روپے کی لاگت سے ڈرین کی تعمیر کا منصوبے کی فزیکل پراگریس 45 فیصد مکمل ہوچکی ہے اور یہ منصوبہ فروری 2025 میں مکمل کرلیا جائے گا اس منصوبے کی تکمیل سے ڈسکہ سٹی میں اربن فلڈنگ کے دیرینہ مسئلہ حل ہوگا۔ یہ بات انہوں نے آج ڈسکہ سٹی میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر جاری کا جائزہ لینے کے دوران کیا۔ اسٹنٹ کمشنر ڈسکہ ماہم مشتاق بھی ان کے ہمراہ تھیں ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین لنگڑیال نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں میں معیار کو یقینی بنایا جائے اور مفاد عامہ میں ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ ٹائم لائن کے اندر مکمل کریں ڈسکہ سٹی میں اس وقت بھی ایک ڈویلپمنٹ منصوبوں پر کام جاری ہے ڈسٹرکٹ اور تحصیل ایڈمنسٹریشن کی جانب سے ان منصوبوں کی مسلسل نگرانی کی جارہی ہے قبل ازیں ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین لنگڑیال نے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال ڈسکہ کے اچانک دورہ کے دوران ہسپتال کی ایمرجینسی، او پی ڈی اور فارمیسی سمیت مختلف حصوں اور شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کیا اور علاج کی غرض سے آئے ہوئے مریضوں کی عیادت کی ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین لنگڑیال نے قائد اعظم ڈویژنل پبلک سکول جیسروالہ کا دورہ کیا اور طالبات سے متعلقہ مضامین کی بارے میں سوالات کئے

## پاکستان ریلوے کی آمدنی تاریخ کی بلند ترین سطح پر، پانچ ماہ میں 33 ارب روپے کما لیے

لاہور(شہروز میاں سے پاکستان ریلوے کی آمدنی تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی ہے۔ اس حوالے سے لاہور سے چیف ایگزیکٹو آفیسر (سی ای او) پاکستان ریلوے عامر علی بلوچ کے مطابق ریلوے نے 5 ماہ میں مسافر ٹرینوں اور مال گاڑیوں سے 33 ارب روپے کمائے۔ سی ای او پاکستان ریلوے نے بتایا کہ پچھلے سال اسی دورانیہ میں 29 ارب آمدن ہوئی تھی۔ انھوں نے کہا کہ مارچ 2025 تک ایم ایل ون پر گراؤنڈ ورک شروع ہونے کا امکان ہے۔

## ایف بی آر نے نومبر میں 770 ارب کا ٹیکس جمع کرلیا

کراچی(ویب ڈیسک)فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے ماہ نومبر 2024ء میں آج تک 770 ارب روپے کے محصولات جمع کرلیے ہیں۔ ذرائع کے مطابق نومبر میں ایف بی آر کے محصولات اکٹھا کرنے کاہدف 1 ہزار 3 ارب روپے تھا، یوں ایف بی آر کو 1 ماہ کے دوران 233 ارب روپے کے شارٹ فال کا سامنا ہے۔ ایف بی آر ذرائع کے مطابق کل کے روز 70 سے 80 ارب روپے کے مزید محصولات جمع کرلیے جائیں گے، محکمے کی پوری کوشش ہے کہ ماہ نومبر میں 850 ارب جمع ہوجائیں۔ ذرائع کے مطابق پھر بھی ایف بی آر کو نومبر میں ریونیو میں 150 ارب تک شارٹ فال ہوگا جبکہ محکمے کو رواں مالی سال کے پہلے 5 ماہ 345 ارب روپے کا شارٹ فال کا سامنا ہوگا۔

## ڈی پی او نارووال ملک نوید احمد نے دو ایس ایچ او کے تبادلے کردیے

شکرگڑھ(عمران عارف سے) ڈی پی او نارووال ملک نوید احمد دو ایس ایچ او کے تبادلے کردیے۔ ایس ایچ او تھانہ سٹی شکرگڑھ اعتزاز بشیر کیانی کی جگہ سب انسپکٹر جنید الرحمان کو اضافی چارج سونپ دیا گیا جبکہ ایس ایچ او ظفروال حافظ عاصم کی جگہ سب انسپکٹر آصف نوید کو تعینات کردیا۔

## اکیلا طیب ارگان عالم اسلام کی کشتی کو بھنور سے نہیں نکال سکتے، خواجہ جمیل ایڈووکیٹ

وزیرآباد(نامہ نگار) عالم اسلام کو اس وقت شاہ فیصل مرحوم اور مہاتیر محمد جیسی قیادت کی ضرورت ہے، اکیلا طیب ارگان عالم اسلام کی کشتی کو بھنور سے نہیں نکال سکتے۔ ان خیالات کا اظہار سابق چیئرمین بلدیہ و معروف قانون دان خواجہ محمد جمیل ایڈووکیٹ، مرکزی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات پاکستان شریعت کونسل پروفیسر حافظ منیر احمد نے اسلامک سنٹر قدرت آباد میں نماز جمعہ کے بعد معززین شہر سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ قیصر انور بٹ غزہ کو اس صدی کا سب سے بڑا قبرستان بنادیا گیا ہے عالمی اشرافیہ خون مسلم کو محض کھیل تماشہ قرار دے رہے ہیں۔

## کئی ماہ سے چارج رکھنے والے نصیر بھٹو نے سخاوت کے رکارڈ توڑ دیئے

### کروڑوں روپے کی پیشگی ٹھیکیداروں کا جاری کرنے کا انکشاف

جیکب آباد(رپورٹ منظور احمد گورچانی) جیکب آباد میں سرکاری فنڈز پر بیک وقت ایکسین ہائی وے اور بلڈنگس کی کئی ماہ سے چارج رکھنے والے نصیر بھٹو نے سخاوت کے رکارڈ توڑ دیئے میں کروڑوں روپے کی پیشگی ٹھیکیداروں کا جاری کرنے کا انکشاف ہوا ہے ملنے والی معلومات کے مطابق صرف نومبر میں ہائی وے نے 4 کروڑ 18 لاکھ 46 ہزار اور بلڈنگس کے منصوبوں پر 5 کروڑ 54 لاکھ 11 ہزار جاری کئے گئے ہیں دونوں محکموں کی رقم کل ملا کر 9 کروڑ 72 لاکھ 57 ہزار سے زائد بنتی ہے شہر کے وسط سے گذرنے والی راج واہ نہر کے دو مقامات پر پلوں کی تعمیر کے لئے ایکسین بلڈنگس نے بھاری رشوت کے عیوض ٹھیکیدار کو 36 لاکھ 64 ہزار سے زائد رقم پیشگی جاری کی جو کہ دونوں منصوبوں کی کل لاگت کی آدھی رقم ہے گی۔

## پریس کلب عارفوالا رجسٹرڈ کا ماہانہ اجلاس، حاجی محمد اعجاز نے صدارت کی

### ایجنڈا میں پریس کلب کے الیکشن 262025 سمیت دیگر پریس کلب کے قوانین بارے بتایا گیا

عارفوالا(نامہ نگار نصراللہ سے)پریس کلب عارفوالا رجسٹرڈ کا ماہانہ اجلاس زیرصدارت صدرچوہدری حاجی محمد اعجاز بلڈنگ پریس کلب میں انعقاد پذیر ہوا اجلاس میں جنرل سیکرٹری میاں عمران علی جوئیہ نے باقاعدہ کاروائی کا آغاز تلاوت قرآن پاک اور نعت رسول مقبولؐ سے کروایا اور تمام ممبران کی موجودگی میں سابقہ اور موجودہ ایجنڈا پڑھ کر سنایا گیا اور ایجنڈا میں پریس کلب کے الیکشن 2025_26 سمیت دیگر پریس کلب کے قوانین بارے بتایا گیا جس پر اپوزیشن لیڈر و دیگر کابینہ کے ممبران سے مشاورت کے بعد فیصلہ کرنے پر تجویز دی گئی بعدازاں مشاورت تمام اختیارات صدر چوہدری حاجی محمد اعجاز و کابینہ کے پاس ہیں علاوہ ازیں پریس کلب کی تعزین و آرائش اور پریس کلب کی بہترین کاوشوں اور بحالی بارے ممبران پریس کلب نے سراہتے ہوئے صدر حاجی محمد اعجاز کو خراج تحسین پیش کیا اس موقع پر صدر چوہدری حاجی محمد اعجاز نے کہا کہ صحافیوں کی فلاح و بہبود اور پریس کلب میں قانون سازی کے عمل کو عملی جامعہ پہنایا گیا جبکہ اس موقع پر صدر چوہدری حاجی محمد اعجاز نے اجلاس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پریس کلب عارفوالا رجسٹرڈ کو پنجاب بھر میں مثالی پریس کلب بنانا میرا خواب تھا جو اب تعبیر بن چکا ہے پریس کلب میں تمام بنیادی سہولتوں کی فراہمی کو یقینی بنایا جارہا ہے جب تک صدر رہوں گا صحافیوں اور پریس کلب کی بہتری کیلئے کام کرتا رہوں گا میری کابینہ کے تمام عہدیداران چیئرمین عابد کمبوہ، سینئر نائب صدر غلام علی، ایڈیشنل سیکرٹری حافظ خالد امین اور فنانس سیکرٹری چوہدری ڈاکٹر قدرت اللہ میرے ساتھ شانہ بشانہ ہیں اور پریس کلب کے اپوزیشن لیڈر سمیت تمام ممبران کا شکر گزار ہوں جنہوں نے میری قیادت پر اعتماد کرتے ہوئے پریس کلب کے تمام معاملات میں ساتھ دینے کی یقین دہانی کروائی اجلاس میں ممبران پریس کلب عارفوالا نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

## ہیومن رائٹس اینڈ ویلفیئر کونسل رجسٹرڈ کے وفد کا الفت ویلفیئر ٹرسٹ چنیوٹ کا دورہ

### ہسپتال کی ایمرجنسی روم جنرل وارڈ، فارمیسی، لیبارٹری کا دورہ کیا



چنیوٹ ( ڈسٹرکٹ رپورٹر) ہیومن رائٹس اینڈ ویلفیئر کونسل رجسٹرڈ چنیوٹ کے صدر شوکت علی آزاد ایڈووکیٹ کی قیادت میں وفد کا الفت ویلفیئر ٹرسٹ چنیوٹ کا دورہ اس موقع پر ہسپتال کی ایمرجنسی روم جنرل وارڈ، فارمیسی، لیبارٹری کا دورہ کیا اس موقع پر الفت ویلفیئر ٹرسٹ کے ایڈمن حاجی محمد خالد نے ہیومن رائٹس اینڈ ویلفیئر کونسل کے اراکین کا استقبال کیا وفد میں جنرل سیکرٹری ہیومن رائٹس اینڈ ویلفیئر کونسل ڈاکٹر خالد یاسین فنانس سیکرٹری راجہ ریاض احمد خان ایگزیکٹو ممبران اقبال حسین پیرزادہ شاہد علی شامل تھے الفت ویلفیئر ٹرسٹ کے ایڈمن حاجی محمد خالد کے ہمراہ عہدیداران نے ہسپتال کا مکمل دورہ کیا اور تسلی بخش انتظامات پر انتظامیہ کو مبارکباد پیش کی الفت ویلفیئر ٹرسٹ کے ایڈمن حاجی محمد خالد نے بتایا کہ الفت ویلفیئر ٹرسٹ کے قیام سے علاقہ بھر کے لوگوں کا مفت علاج معالجہ ہو رہا ہے مستند اور تجربہ کار ڈاکٹر مریضوں کا چیک اپ کرتے ہیں جدید لیبارٹری بھی قائم ہے جس میں ہر طرح کے ٹیسٹ کئے جاتے ہیں کچھ مخیر حضرات کے تعاون سے ہمارا ادارہ چل رہا ہے ہمارا وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے مطالبہ ہے کہ وہ ہسپتال سے ملحقہ 47 کنال اراضی جو کہ سرکاری ہے پڑی ہے وہ ہسپتال کو دی جائے تاکہ مزید ہسپتال کو اپ گریڈ کر کے بنایا جائے اور اس کے ساتھ ہی ووکیشنل انسی ٹیوٹ کا قیام بھی عمل میں لایا جا رہا ہے ہمارا مقصد دکھی انسانیت کی خدمت کرنا ہے۔

## کوٹ رادھا کشن حادثہ مٹی کے تودے کے نیچے چار مزدور دب گئے

کوٹ رادھا کشن (نامہ نگار)تفصیلات کے مطابق، ترقیاتی کام سیوریج لائن کی کھدائی کے دوران مٹی کا تودا گرنے سے چار مزدور ملبے کے نیچے دب گے۔ حادثہ گنڈھیاں روڈ بھٹی ٹاؤن میں پیش آیا۔ لوگوں نے اپنی مدد آپ کے تحت تودے کے نیچے مزدوروں کو باہر نکالا۔ ملبے کے نیچے دبے مزدوروں عظیم، کاشف، ریحان، ندیم، کی حالت غیر ہونے پر ریسکیو 1122 ٹیم نے انہیں ٹی ایچ کیو ہسپتال شفٹ کیا۔

## تحریک خلافت، تحریک آزادی میں علی گڑھ کے گریجویٹس نے ہراول دستہ کا کردار ادا کیا، بابو واجد رضا بٹ



وزیرآباد(نامہ نگار) چیئرمین نظریہ پاکستان فاؤنڈیشن بابو محمد عامر رضا بٹ اور سابق سٹی ناظم بابو واجد رضا بٹ نے کہا ہے کہ تحریک خلافت، تحریک آزادی میں علی گڑھ کے گریجویٹس نے ہراول دستہ کا کردار ادا کیا اور اسکے سرخیل ظفر علی خان نے انکے زمیندار کی سرخی سے فرنگی اور ہندو بنئے کی نیندیں حرام ہوجاتی تھیں اس لئے 54 سال پابند سلاسل رہ کر قلم کی آبرو کو بچا کر قوم کو آزادی کی نعمت دلوا کر اور قادر الکلام شاعر صحافی عاشق رسول کا ٹائٹل لیکر دنیا سے رخصت ہوگئے نا فرنگی کو معاف کیا نہ ہندو بنئے کی کوئی چال کامیاب ہونے دی نہ قادیانیت کے فتنہ کو معاف کیا بلکہ حرمت رسول کو یہ کہہ کر چار چاند لگا دیئے نا جب تک کٹ مروں میں خواجہ یثرب کی عزت پر خدا شاہد کامل میرا ایمان ہو نہیں سکتا۔

## کارپوریشن کنورژن و بلڈنگ فیس اور دوکانوں کے کرایوں کی وصولی بہتر کرے، اسسٹنٹ کمشنر ساہیوال

ساہیوال ( مہر اے ڈی نسیم سپرا سے ) میونسپل کارپوریشن اپنے مالی وسائل میں اضافے کے لئے کنورژن و بلڈنگ فیس اور دوکانوں کے کرایوں کی وصولی بہتر کرے تاکہ انہیں عوام کو شہری سہولیات کی فراہمی پر خرچ کیا جاسکے، دوکانوں سے کرایوں کے بقایا جات کی وصولی کے لئے اسٹنٹ کمشنر ساہیوال کی خدمات بھی حاصل کی جائیں، کمشنر کی ہدایت۔ وہ یہاں اپنے دفتر میں میونسپل کارپوریشن اور پسپ پروگرام کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔ انہوں نے پسپ پروگرام کے تحت ڈی پی او چوک کی ری ماڈلنگ کے ڈیزائن کے دوبارہ جائزہ کی ہدایت کی اور کہا کہ اہم چوراہوں کی ری ماڈلنگ ٹریفک میں بہتری کے لئے ہو تاں کہ عوام کے لئے مزید پریشانی کا باعث۔ انہوں نے پاکپتن چوک سے سرکٹ ہاؤس چوک تک راجباہ نوابل کے کنارے واکنگ ٹریک کی تکمیل پر اطمینان کا اظہار کیا۔

## سیالکوٹ ڈسکہ روڈ پر مخالف سمت سے آنیوالی کرین سے موٹر سائیکل کی ٹکر

### ایک نوجوان جاں بحق دوسرا زخمی حالت میں اسپتال منتقل

سیالکوٹ(خواجہ عامر جاوید سے)سیالکوٹ ڈسکہ روڈ پر افسوس ناک حادثہ میں ایک نوجوان لڑکا موقع پر جاں بحق اور ایک شدید زخمی ہوگیا۔ سیالکوٹ ڈسکہ روڈ اڈا گھوئینکی کے قریب موٹر سائیکل پر دو لڑکے سیالکوٹ سے ڈسکہ کی طرف جارہے تھے اچانک سامنے سے غلط سائیڈ پر آنے والی کرین کے ڈرائیور کی سنگین غفلت کے باعث کرین کے ساتھ ٹکراتے سے 18 سالہ عمر ولد محمد جاوید موقع پر جاں بحق اور 18 سالہ علی حیدر ولد محمد ظفر کو زخمی حالت میں ریسکیو سروسز 1122 نے گورنمنٹ علامہ اقبال ٹیچنگ اسپتال سیالکوٹ شفٹ کردیا گیا جہاں اسکی حالت تشویشناک بتائی جارہی ہے جبکہ کرین ڈرائیور موقع سے فرار ہوگیا۔

## ٹریفک حادثہ میں جاں بحق باپ بیٹے کی نماز جنازہ ادا

### رقت آمیز مناظر دونوں باپ بیٹے کی حادثہ میں اچانک اموات پر علاقہ بھر کی فضا سوگوار

وزیرآباد (نامہ نگار) ٹریفک حادثہ میں جاں بحق باپ بیٹے کی نماز جنازہ ادا رقت آمیز مناظر دونوں باپ بیٹے کی حادثہ میں اچانک اموات پر علاقہ بھر کی فضا سوگوار لواحقین دھاڑیں مار مار کر روتے رہے کوسٹر ڈرائیور کے خلاف مقدمہ درج۔ وزیرآباد سیالکوٹ روڈ چک ستیہ کے قریب وزیرآباد سے سیالکوٹ جاتے ہوئے منی بس (فلائنگ کوچ) کی زد میں آکر اللہ جوایا کالونی وزیرآباد کے رہائشی باپ بیٹے زین یوسف اور محمد یوسف حادثہ میں جاں بحق ہو گئے مرحومین کی نماز جنازہ اعواناں والی جنازہ گاہ دھونکل روڈ میں قاری عمران کیلانی کی اقتداء میں ادا کردی گئی دونوں باپ بیٹے کی اچانک حادثہ میں اموات پر علاقہ بھر کی فضا سوگوار رہی تدفین کے وقت رقت آمیز مناظر لواحقین دھاڑیں مار مار کر روتے رہے۔ منی بس کے ڈرائیور محمد نواز سکنہ سیالکوٹ روڈ گوجرانوالہ کے خلاف مرحوم محمد یوسف کے بیٹے اور زین یوسف مرحوم کے بھائی فیضان یوسف کی مدعیت میں مقدمہ درج کرلیا گیا ڈرائیور موقع سے فرار جبکہ حادثہ کا سبب بننے والی منی بس کو پولیس تھانہ سوہدرہ نے اپنے قبضہ میں لے لیا حادثہ میں جاں بحق ہونے والے دونوں مرحومین باپ بیٹے کو ان کے آبائی گاؤں ملکپور کلاں گجرات میں والدین کے پہلو میں سپرد خاک کردیا گیا۔

## انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات میاں فاروق نذیر کا سنٹرل جیل کا دورہ

### جیل آمد پر انہیں چاک وچوبند دستے نے سلامی دی، آئی جی نے پریڈ کا معائنہ کیا

ساہیوال ( مہر اے ڈی نسیم سپرا سے ) انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات میاں فاروق نذیر کا سنٹرل جیل کا دورہ، ڈپٹی انسپکٹر جنرل ساہیوال ریجن شوکت فیروز بھی ان کے ہمراہ تھے، جیل آمد پر انہیں چاک و چوبند دستے نے سلامی دی، آئی جی نے پریڈ کا معائنہ کیا اور فورس کے نظم و ضبط اور پریڈ کے عالی معیار کو سراہتے ہوئے ملازمین کے لئے کیش ایوارڈ کا اعلان کیا۔ بعد ازاں انہوں نے ویٹنگ شیڈ اور ملاقات بیرون شیڈ کا تفصیلی دورہ کیا، اسیران کے لواحقین کے مسائل کو سنا اور ان کے حل کے احکامات صادر کئے اور نئے تعمیر شدہ کورٹ روم اور ڈے کیئر سنٹر کا بھی افتتاح کیا۔ انہوں نے خواتین وارڈ کا بھی دورہ کیا اور خواتین اور بچوں میں تحائف تقسیم کئے۔ آئی جی جیل خانہ جات میاں فاروق نذیر نے جیل کے مختلف حصے کچن، نوعمر وارڈ، سرچ ٹاور، حوالاتی بارک، منشیات وارڈ اور سزائے موت اسیران کا معائنہ کیا، ان کے مسائل سنے اور حل کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے جیل کی فیکٹری کا بھی دورہ کیا اور گارمنٹس یونٹ، ایل ای ڈی مرمت یونٹ، ٹریکٹر ورکشاپ، موٹر سائیکل کی تربیتی کلاس، فیکٹری میں کمبل اور قالین شیڈ ز کا معائنہ کیا۔ انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات میاں فاروق نذیر کا سنٹرل جیل کا دورہ، ڈپٹی انسپکٹر جنرل ساہیوال ریجن شوکت فیروز بھی ان کے ہمراہ تھے، جیل آمد پر انہیں چاک و چوبند دستے نے سلامی دی، آئی جی نے پریڈ کا معائنہ کیا اور فورس کے نظم و ضبط اور پریڈ کے عالی معیار کو سراہتے ہوئے ملازمین کے لئے کیش ایوارڈ کا اعلان کیا۔

CRIME
& COURT
جرم و سزا

## اوکاڑہ خدمت مرکز ویری فیکیشن، اشتہاری ملزم گرفتار

### پولیس نے ملزم کو گرفتار کرکے مقامی پولیس کے حوالے کردیا

اوکاڑہ(راؤ اکرام ربانی/قوت)اوکاڑہ خدمت مرکز ویری فیکیشن، اشتہاری ملزم گرفتار۔ ملزم نے بیرون ملک سعودی عرب جانے کیلئے کریکٹر سرٹیفکیٹ بنوانے کے لیے پولیس خدمت مرکز اوکاڑہ آیا۔ سسٹم میں انٹری کرنے پر ملزم مقدمہ نمبر 1618/24 مورخہ 2024_07_13 جرم 489F ت پ تھانہ بٹالہ کالونی ضلع فیصل آباد میں مجرم اشتہاری پایا گیا۔ پولیس نے ملزم کو گرفتار کرکے مقامی پولیس کے حوالے کر دیا۔ ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت نے خدمت مرکز ٹیم کی کارکردگی کو سراہا۔

## پنجاب پولیس کے سب انسپکٹر ارشد کے خلاف تھانہ نارنگ میں مقدمہ درج

### پولیس اہلکار نے اختیارات کا ناجائز استعمال کرتے ہوئے مال مسروقہ بدل کر جرم کا ارتکاب کیا

نارنگ منڈی(نمائندہ خصوصی) چوری کا برآمد شدہ مال خردبرد کرنے پر پنجاب پولیس کے سب انسپکٹر ارشد کے خلاف تھانہ نارنگ میں مقدمہ درج 2020 میں تھانہ نارنگ میں دو چکیاں چوری ہوئیں سب انسپکٹر ارشد علی تھانہ نارنگ میں تعینات تھا اس نے اصل مال مسروقہ کی بجائے کوئی اور چکیاں پولیس مال خانہ میں جمع کروائیں اختیارات کا ناجائز استعمال کرنے پر لاہور ہائی کورٹ کے حکم پر تھانہ نارنگ کے سب انسپکٹر سیف اللہ کی مدعیت میں دفعات 420 اور 155C کے تحت مقدمہ درج کرکے محکمانہ کارروائی کا آغاز کردیا گیا ہے مقدمہ میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ سب انسپکٹر ارشد علی نے دھوکہ دہی سے اختیارات کا ناجائز استعمال کرتے ہوئے مال مسروقہ بدل کر جرم کا ارتکاب کیا ہے۔

## تھانہ چوآسیدن شاہ پولیس چوکی بشارت کی کاروائیاں

### راشد شریف ولد محمد شریف کے قبضہ سے اسلحہ ناجائز رائفل 12 بور اور 02 رونڈ برآمد

چوآسیدن شاہ(ایم ایوب سلطانی) تھانہ چوآسیدن شاہ پولیس چوکی بشارت کی کاروائیاں۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال لیفٹیننٹ ریٹائرڈ احمد محی الدین کی زیر نگرانی ایس ڈی پی او چوآسرکل کی سربراہی میں ایس ایچ او تھانہ چوآسیدن شاہ سب انسپکٹر محمد آصف اور انکی ٹیم میں انچارج پولیس چوکی بشارت نے کاروائیاں کرتے ہوئے درج ذیل ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ راشد شریف ولد محمد شریف کے قبضہ سے اسلحہ ناجائز رائفل 12 بور اور 02 رونڈ برآمد کرکے مقدمہ درج ملزم گرفتار۔ زوار حسین ولد دلدار حسین کے قبضہ سے اسلحہ ناجائز رائفل 12 بور معہ 02 رونڈ برآمد کرکے مقدمہ درج، ملزم گرفتار۔

## کرین اور موٹر سائیکل کے تصادم میں 18 سالہ نوجوان موقع پر جاں بحق

### عمر ولد جاوید موقع پر جاں بحق جبکہ علی حیدر شدید زخمی ہوگیا، تشویشناک حالت میں ہسپتال داخل

ڈسکہ(تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) کرین اور موٹر سائیکل کے تصادم میں 18 سالہ نوجوان موقع پر جاں بحق دوسرا دوست شدید زخمی، کرین ڈرائیور گرفتار تھانہ موترہ کے علاقہ گھوئینکی اڈہ کے قریب دو نوجوان عمر جاوید اور علی حیدر موٹر سائیکل پر ڈسکہ سے سیالکوٹ جارہے تھے کہ اچانک غلط سائیڈ سے آنے والی کرین نے دونوں موٹر سائیکل سوار نوجوانوں کو روند ڈالا جس کے نتیجہ میں عمر ولد جاوید موقع پر جاں بحق جبکہ علی حیدر شدید زخمی ہوگیا جسکو تشویشناک حالت میں سول ہسپتال سیالکوٹ داخل کروا دیا گیا جبکہ کرین کا ڈرائیور کو کرین سمیت موترہ پولیس نے گرفتار کرکے تفتیش شروع کردی ہے۔

## ڈسکہ کے موضع رنجھائی کے قریب ٹریکٹر ٹرالی کے کچلنے سے موٹر سائیکل سوار دو دوست جاں بحق

ڈسکہ(تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی)ڈسکہ کے موضع رنجھائی کے قریب ٹریکٹر ٹرالی کے کچلنے سے موٹر سائیکل سوار دو دوست جاں بحق ہو گئے ڈسکہ کلاں کے رہائشی دوست اریز اور ارباب گوجرانوالہ سے ڈسکہ آرہے تھے کہ ڈسکہ گوجرانوالہ روڈ پر رنجھائی کے قریب تیز رفتار ٹریکٹر ٹرالی نے دونوں کو کچل دیا جس کے نتیجہ میں 22 سالہ ارباب موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا جبکہ 22 سالہ اریز زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے سول ہسپتال میں دم توڑ گیا جبکہ ٹریکٹر ٹرالی سمیت ڈرائیور موقع سے فرار ہوگیا یاد رہے کہ روڈ زیر تعمیر ہونے کی وجہ سے آئے روز ہونے والے حادثات کی وجہ سے متعدد اموات ہوچکی ہیں شہریوں نے روڈ کی جلد تعمیر کا مطالبہ کیا ہے

## بلاجواز گرفتاریوں اور رشوت طلب کرنے پر پولیس تھانہ حجرہ شاہ مقیم کے خلاف ڈی پی او آفس کے سامنے احتجاج

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) بلاجواز گرفتاریوں اور رشوت طلب کرنے پر پولیس تھانہ حجرہ شاہ مقیم کے خلاف ڈی پی او آفس کے سامنے احتجاج۔ تھانہ حجرہ شاہ مقیم کی پولیس کے مبینہ رویے کے خلاف 27 ٹو آر کے رہائشیوں نے ڈی پی او آفس کے سامنے بھرپور احتجاج کیا۔ مظاہرین نے پولیس پر سنگین الزامات عائد کرتے ہوئے نعرے بازی کی اور انصاف کا مطالبہ کیا۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ پولیس نے شک کی بنیاد پر ان کے بیٹوں کو حراست میں لیا اور چار دن سے غیر قانونی طور پر حراست میں رکھا ہوا ہے۔ متاثرین نے الزام عائد کیا کہ پولیس نے ان کے بچوں پر شدید تشدد کیا اور اب ان کی رہائی کے لیے دس لاکھ روپے رشوت طلب کی جا رہی ہے۔ مظاہرین نے کہا کہ ہم مزدور پیشہ اور غریب لوگ ہیں، اتنی بڑی رقم کہاں سے دیں؟ ہمارے ساتھ ظلم ہوا ہے اور ہمیں انصاف فراہم کیا جائے۔ مظاہرین نے ڈی پی او اور آر پی او سے اپیل کی کہ وہ اس معاملے کی شفاف تحقیقات کریں اور بے گناہ افراد کو رہا کیا جائے۔ احتجاج کے دوران مظاہرین نے بار بار دہائی دی کہ ان کے بیٹے بے گناہ ہیں اور پولیس انہیں بلاوجہ نشانہ بنا رہی ہے۔

## دوخواتین سمیت پانچ ملزمان کا خاتون پر تشدد

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) دوخواتین سمیت پانچ ملزمان کا خاتون پر تشدد تھانہ صدر کے علاقہ راجہ گھمان کی خاتون خالدہ بی بی کی بھانجی کو ملزمان ریاض، نور، صفیہ اور عاصمہ نے تشدد کرکے زخمی کردیا وجہ عناد یہ بتائی جاتی ہے ملزم ریاض ان کی جگہ پر قبضہ کرکے تعمیر کررہا تھا جس کو منع کیا گیا تھا پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے

## کام چور پولیس ملازمین ڈی پی او جھنگ کی تعیناتی سے خوفزدہ

### تھانوں میں ڈیوٹی کی بجائے پولیس لائن یا دوسرے ضلع جانے کے خواہشمند

جھنگ (بیورو رپورٹ) روایتی تھانہ کلچر کا خاتمہ اور لوگوں کو انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانے کے احکامات پر کام چور پولیس ملازمین ڈی پی او جھنگ کی تعیناتی سے خوفزدہ ہو گئے ہیں مختلف حیلوں بہانوں سے تھانوں میں ڈیوٹی کی بجائے پولیس لائن اور کبھی ایک دوسرے اضلاع میں ڈیوٹی دینے کے لیے خواہشمند ہو رہے ہیں ذرائع کے مطابق ڈی پی او جھنگ کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کی تعیناتی کے بعد کام چور پولیس ملازمین میں کھلبلی مچ گئی ہے جس کے باعث ڈی پی او کی جانب سے کسی بھی سرزنش سے بچنے کے لیے پولیس لائن میں ڈیوٹی سرانجام دینے کو ترجیح دے رہے ہیں اس ضمن میں ذرائع نے مزید بتایا کہ عوام دوست ڈی پی او جھنگ کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے جملہ انسپکٹرز صاحبان اور تمام ماتحت عملہ پر واضح کر دیا ہے کہ لوگوں کو انصاف کی فراہمی میں کوئی رکاوٹ برداشت نہ کی جائے گی لہذا کام چور ملازمین اپنا قبلہ درست کرلیں اگر اس حوالہ سے کوئی بھی ماتحت ملازم قصوروار پایا گیا تو ان کے خلاف سخت محکمانہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

## چوآسیدن شاہ! آئیسکو کی بڑی کاروائی، بجلی چوری کی ایف آئی آر درج

### ملک خورشید پاکستان تحریک انصاف یونین سلوئی کے جنرل سیکرٹری ہیں

چکوال (ایم ایوب سلطانی) چوآسیدن شاہ! آئیسکو کی بڑی کاروائی، وٹلی میں ماہانہ لاکھوں روپے بجلی چوری کی ایف آئی آر درج۔ نامزد ملک خورشید نامی ملزم نے واٹر سپلائی کا میٹر اتار کر گھر رکھا ہوا تھا موصوف پاکستان تحریک انصاف یونین کونسل سلوئی کے جنرل سیکرٹری بھی ہیں، چوآسیدن شاہ کے نواحی قصبہ وٹلی میں ایس ڈی او واپڈا کی زیر نگرانی کی گئی کاروائی میں واٹر سپلائی وٹلی کے نام پر کی جانے والی بجلی چوری پکڑی گئی جس پر ایس ڈی او شہروز ارشاد کی مدعیت میں ملک خورشید احمد ولد ملک عبدالرحمن چیئرمین واٹر سپلائی کیخلاف پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے ملک خورشید پاکستان تحریک انصاف یونین سلوئی کے جنرل سیکرٹری ہیں جبکہ اطلاعات کیمطابق صارفین سے فی کس ایک ہزار روپیہ ماہانہ پانی کا بل بھی وصول کیا جاتا ہے۔

## نارنگ منڈی: فرخندہ آباد کے قریب ڈاکوؤں کا ناکہ لوٹ مار

### 2 موٹرسائیکلیں ہزاروں روپے نقدی اور نصف درجن سے زائد موبائل فونز سمیت دیگر سامان لوٹ لیا

### نارنگ منڈی پولیس نے مقدمات درج کرکے تفتیش شروع کردی

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) فرخندہ آباد کے قریب ڈاکوؤں کا ناکہ لوٹ مار 2 موٹرسائیکلیں ہزاروں روپے نقدی اور نصف درجن سے زائد موبائل فونز سمیت دیگر سامان لوٹ لیا کھیتوں سے لاکھ روپے سے زائد مالیت کی موٹر چوری بوچھ گاؤں میں عبدالرحمان کی دوکان کے سامنے کھڑی ہنڈا 70 موٹر سائیکل چوری ہوگئی گھڑیال کلاں میں حماد کی حویلی میں کھڑے ٹریکٹر کی بیٹری غائب بتایا گیا ہے کہ فرخندہ آباد کے قریب ڈاکوؤں نے ناکہ لگا کر لوٹ مار کی بلال احمد سے 20 ہزار روپے نقدی موبائل فون اور ہنڈا 70 موٹر سائیکل افتخار سے ہنڈا 70 موٹر سائیکل 2 موبائل فونز اور 40 ہزار روپے نقدی ابرار سے موبائل فون اور 10 ہزار روپے نقدی افضل سے موبائل 4 ہزار روپے نقدی اور کپڑوں والا بیگ ثاقب اور ذوالقرنین سے نقدی اور موبائل فونز سمیت ضروری کاغذات چھین لیے ڈالہ وا ہگہ میں آفتاب کے کھیتوں سے 1 لاکھ 20 ہزار روپے مالیت کی موٹر چوری ہوگئی شہر میں چوروں اور ڈاکوؤں کے کارے وار جاری ہیں نارنگ منڈی پولیس نے مقدمات درج کرکے تفتیش شروع کردی ہے عرصہ دراز سے روزانہ کی بنیاد پر ہونے والی سینکڑوں وارداتوں کا ایک بھی ملزم گرفتار نہیں ہوسکا اہل علاقہ نے شدید احتجاج کرتے ہوئے آئی جی پنجاب سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

## لوڈر رکشہ پر سوار ڈرائیور کی چادر چین میں آنے سے بائیس سالہ ڈرائیور جاں بحق ہوگیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) لوڈر رکشہ پر سوار ڈرائیور کی چادر چین میں آنے سے بائیس سالہ ڈرائیور جاں بحق ہوگیا تفصیلات کے مطابق جھنگ روڈ جانی شاہ کے قریب چین میں چادر آنے سے رکشہ ڈرائیور بائیس سالہ محمد تنویر ولد ظفر سکنہ بھٹو کالونی شدید زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے موقع پر چل بسا جبکہ مپال بھی شدید زخمی ہوگیا وقوعہ کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیمیں جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور زخمی کو فوری طبی امداد دیتے ہوئے ہسپتال منتقل کردیا۔

## ایڈیشنل سیشن جج اوکاڑہ کی عدالت نے منشیات فروشی کے مقدمے میں ملزم کو 10 سال قید کی سزا



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایڈیشنل سیشن جج اوکاڑہ کی عدالت نے منشیات فروشی کے مقدمے میں ملزم کو 10 سال قید کی سزا اور 100000 روپے جرمانے کی سزا سنائی۔ ایڈیشنل سیشن جج کی عدالت کے جج نے منشیات فروشی کے مقدمہ میں شہباز کو جرم ثابت ہونے پر مجرم کو 10 سال قید اور 100000 روپے جرمانے کی سزا سنائی۔ تھانہ بی ڈویژن اوکاڑہ پولیس نے 2023 میں ملزم کے خلاف مقدمہ درج کیا تھا۔

## پولیس کے سینکڑوں اہلکار غیرضروری افراد کی حفاظت پر مامور

جیکب آباد (رپورٹ منظور احمد گورچانی) جیکب آباد میں شہری لٹنے لگے، پولیس کے سینکڑوں اہلکار غیرضروری افراد کی حفاظت پر مامور، شہر میں نفری ناپید، ضلع کونسل روڈ سے مسلح افراد سی ڈی موٹر سائیکل اور تین موبائل فون چھین کر آسانی سے فرار تفصیلات کے مطابق جیکب آباد میں شہریوں کو سرعام لوٹا جانے لگا ہے جبکہ سینکڑوں پولیس اہلکار عوام کی حفاظت کے بجائے غیرضروری افراد کی حفاظت مامور کیے گئے ہیں گزشتہ شب سول لائن تھانہ کی حدود ضلع کونسل روڈ پر پولیس مددگار سینٹر کے دفتر کے قریب موٹر سائیکل سوار دو مسلح افراد روبن، مندیپ اور اوم سے سی ڈی موٹر سائیکل اور تین موبائل فون چھین کر آسانی سے فرار ہوگئے کیونکہ شہر میں کہیں بھی پولیس کی نفری تعینات نہیں تھی شہریوں کا کہنا ہے کہ فرضی چوکیاں بنا کر غیرضروری افراد کو سینکڑوں پولیس اہلکاروں سے نوازنا زیادتی ہے۔

## ڈسکہ: اوباش ملزم کی آٹھ سالہ بچے کیساتھ بدفعلی، مقدمہ درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) اوباش ملزم کی آٹھ سالہ بچے کیساتھ بدفعلی تھانہ موترہ کے علاقہ گھوئینکی کی خاتون فرح کا آٹھ سالہ بیٹا سٹی ہاؤسنگ میں بکریاں چرانے گیا تو وہاں پر موجود اوباش ملزم عبدالرحمن نے اس کے بیٹے کیساتھ زبردستی بدفعلی کرڈالی پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے

## اساتذہ انسانیت کی خدمت کا درس دیتے ہیں، شیخ ثناء اللہ

### استاد ایک معمار کی طرح طالب علم کی عملی زندگی کی عمارت کو مضبوط بنیادوں پر استوار کرتا ہے

Native School System
Paris Campus

وزیرآباد (نامہ نگار) استاد اپنے کردار و عمل سے قوم کے بچوں کی جو تربیت کرتا ہے اس سے طالب علم اپنی عملی زندگی میں ملک و قوم کی تعمیر و ترقی میں اپنا کردار ادا کرنے کے قابل ہوتا ہے اساتذہ ہی علم کے ساتھ ساتھ طالب علم کی کردار سازی اور انسانیت کی خدمت کا درس دیتے ہیں، استاد ایک معمار کی طرح طالب علم کی عملی زندگی کی عمارت کو مضبوط بنیادوں پر استوار کرتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار پرنسپل گورنمنٹ مولانا ظفر علی خان پوسٹ گریجو ایٹ کالج وزیرآباد شیخ ثناء اللہ نے دی نیٹو سکول پیرس کیمپس کے وزٹ کے موقع پر کیا اس موقع پر پروفیسر محمد ارشد بخاری، پروفیسر محمد آصف، پروفیسر محمد اختر ساجد مسعود چیمہ، پروفیسر سید جنید الحسن بخاری، پروفیسر ملک خالد حیات بلوچ، پروفیسر عبدالشکور، معاذ ارشد بخاری، ڈاکٹر خالد محمود، صوفی محمد اشرف نثار بھی ہمراہ تھے۔ انہوں نے کہا کہ ماں کی گود پہلی درسگاہ اور تعلیمی درس گاہوں میں استاد ایک رہبر و راہنما بن کر اپنے کردار کے ذریعے تعلیم کے زیور سے آراستہ کرکے ایک طالب علم کی مثالی تربیت کرکے اس کو معاشرے اور خاندانوں میں شعور و آگاہی فراہم کرنے کا ذریعہ بناتے ہیں، استاد کی قدر و منزلت مذہب و نسل سے بالاتر ہوتی ہے۔ پرائیویٹ تعلیمی ادارے شرح خواندگی بڑھانے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔

## سردار گل نواز بلوچ کے والد کی قل خوانی کا ختم کل ہوگا

### ختم پاک اڈا مدھانی جٹ چک نمبر 215 بہادری دی جھوک میں پڑھا یا جائے گا

جھنگ (بیورو رپورٹ) ریڈر ٹو ڈی ایس پی شورکوٹ سرکل سردار گل نواز بلوچ کے والد محترم انتقال کر گئے تھے مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کے لیے قل خوانی کا ختم شریف کل بروز اتوار بوقت 1 بجے دن ان کے آبائی گاؤں فیصل آباد روڈ پر اڈا مدھانی جٹ چک نمبر 215 بہادری دی جھوک میں پڑھا جائے گا دریں اثنا مرحوم کی وفات پر حبیب اللہ قریشی ڈی ایس پی انچارج سیف سٹی پراجیکٹ لاہور، علمدار حسین پاتو آنہ ریڈر ٹو ڈی پی او جھنگ، ملک لیاقت علی انجم صدر پریس کلب جھنگ، فیصل رزاق کاہلوں ایس ایچ او تھانہ سٹیلائٹ ٹاؤن جھنگ، عنصر عباس سپرا ایس ایچ او تھانہ موچیوالا جھنگ، شاہد امیر لدھیانہ ایس ایچ او تھانہ سٹی جھنگ، محمد اسلم نول ایس ایچ او تھانہ کوٹ شاکر جھنگ، تنویر عباس اے ایس آئی پی ایس او ٹو ڈی ایس پی سٹی سرکل جھنگ، تیمور خان ریڈر ٹو ڈی ایس پی سٹی سرکل جھنگ، حسن ڈب پی ایس او ٹو ڈی ایس پی سٹی سرکل جھنگ، سردار اظہر عباس سیال آفیسر سپیشل برانچ جھنگ، ملک لیاقت علی کھوکھر انچارج چوکی سٹی چک جھمرہ فیصل آباد عمر دراز خان وی آر او تھانہ موچیوالا جھنگ اور صحافی اصغر بھٹی نے گہرے دکھ و رنج کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور بلندی درجات کے لیے دعا کی ہے۔

## فیصل ٹاؤن میں پرانی رنجش کی بنا پر مخالفین میں جھگڑا ہوگیا

### یسین سنوکر کلب کے سامنے پیش آیا جھگڑے میں ایک شخص قتل جبکہ دوسرا زخمی

مانانوالہ (سید علی عباس گیلانی سے) فیصل ٹاؤن میں پرانی رنجش کی بنا پر مخالفین میں جھگڑا ہوگیا جھگڑا یسین سنوکر کلب کے سامنے پیش آیا جھگڑے میں ایک شخص قتل جبکہ دوسرا زخمی ہوگیا قتل ہونے والے شخص کی شناخت ملک شاہد عرف شدا کے نام سے ہوئی بتایا جا رہا ہے کہ ملک شاہد اپنے چچا زاد بھائی کی لڑائی میں مدد کرنے آیا تھا کہ مخالفین کی گولیوں کا نشانہ بن گیا ملک شاہد چھ بچوں کا باپ گھر کا واحد کفیل تھا ملزمان موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے جبکہ مانانوالہ پولیس اور فرانزک ٹیموں نے جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کرلئے ہیں مقدمہ ملک شاہد کے بھائی کی مدعیت میں مقدمہ درج کرلیا گیا پولیس نے تفتیش کا آغاز کردیا گیا ہے۔

"قوت" کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

گمشدگی کاغذات

میری اپلائیڈ فار ہنڈا CD70 موٹر سائیکل کا لیٹر، انجن نمبر P245968 چیسز نمبر HA845963 مورخہ 20-11-2024 کو علاقہ سانڈہ خورد میں گم ہو گئے ہیں۔ جس کو ملے نیچے دیئے گئے نمبر پر اطلاع دیں۔

المشتہر: محمد الیاس اسلم ولد محمد اسلم سکنہ مکان 16 گلی 20 خالد سٹریٹ بنک سٹاپ سانڈہ خورد لاہور

رابطہ نمبر: 0320-2744335

### بقیہ جات 1

تفصیلات وزارت داخلہ جاری کرے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ غیر ملکی شہریوں کی پاکستانی سیاسی احتجاجات میں شرکت مکمل غیر قانونی ہے، تمام غیر ملکیوں سے کہیں گے کہ پاکستان کے سیاست معاملات سے دور رہیں۔ ترجمان نے بتایا کہ بیلاروس کے صدر نے وزیر اعظم کی دعوت پر دورہ کیا جس میں دوطرفہ تعلقات پر بات چیت ہوئی، فریقین نے علاقائی اور عالمی صورتحال پر بات چیت کی، اس موقع پر متعدد معاہدوں اور ایم او یوز پر دستخط بھی ہوئے۔ ترجمان نے بتایا کہ بیلاروسی وفد کے دورے میں 2025-2027 کی مدت کے لیے جامع تعاون کے روڈ میپ پر بھی دستخط کیے گئے۔ ممتاز زہرا بلوچ نے بتایا کہ قومی اسمبلی کے سپیکر ایاز صادق اس وقت روس کے سرکاری دورے پر ہیں، ایاز صادق وہاں پر دوطرفہ ملاقاتیں کریں گے جبکہ پارلیمانی تعاون کو مضبوط بنانے کے لیے ایم او یو پر دستخط بھی کیا جائے گا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ پاکستان لبنان میں جنگ بندی معاہدے کا خیر مقدم کرتا ہے، ہم لبنان کی خود مختاری کی حمایت کرتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ وزیر خارجہ اسحاق ڈار 2 تا 3 دسمبر ایران کا دورہ کریں گے جہاں وہ ای سی او کے وزرائے خارجہ کے اجلاس میں شریک ہوں گے۔ پاکستان غزہ میں نسل کشی کی مذمت کرتا ہے۔

### بقیہ جات 2

سے یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں، فلسطینی عوام کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان ہمیشہ سے فلسطینی عوام کے حق خودارادیت کا حامی رہا ہے اور رہے گا، پاکستان کا ہر شہری فلسطینیوں کے دکھ میں برابر کا شریک ہے، عالمی برادری کو نہتے فلسطینیوں، بچوں اور خواتین کے قتل عام پر جاگنا ہوگا۔

### بقیہ جات 3

حکام کی رپورٹ کے مطابق 139 عارضی تجاوزات ختم کردی گئیں، 5 صنعتی یونٹس کو سیل کرتے ہوئے ان پر 3 لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا گیا جبکہ سموگ رولز کی خلاف ورزی پر 40 دھواں دیتی گاڑیوں کے چالان کیے گئے۔ ان میں سے 7 گاڑیاں ضبط کرلی گئیں اور ان پر 80,000 روپے جرمانہ بھی عائد کیا گیا۔ علاوہ ازیں 3 ملبہ ویسٹ سائٹس کا چالان کرتے ہوئے 12,000 روپے جرمانہ وصول کیا گیا۔ شہر کی سڑکوں پر پانی کا چھڑکاؤ اور ویسٹ سویپنگ کا عمل جاری ہے، جبکہ لاہور کے داخلی راستوں پر دھواں دینے والی ہیوی ٹریفک کے داخلے پر مکمل پابندی عائد کردی گئی ہے۔ اسکواڈز مسلسل سرویلنس کر رہے ہیں تاکہ خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف فوری کارروائی کی جا سکے۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا کہ حکومت آلودگی اور تجاوزات کے خاتمے پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گی۔

### بقیہ جات 4

چھڑک کر سرخ کیا ہوا ہے، یہ لوگ اپنے ساتھ وہ دہشت گرد لائے تھے جو کبھی اسلام آباد کے قلب میں پہنچنے کا تصور بھی نہیں کر سکتے تھے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کا شوق پورا نہیں ہوا تو وہ ایک اور کال دے کر شوق پورا کرلیں۔ ان کا کہنا تھا کہ اسلام آباد کو بہت بڑی تباہی سے بچالیا گیا ہے، اب دھرنوں کی سیاست کا وقت ختم ہوچکا، کسی کے خلاف بھی جھوٹا مقدمہ نہیں بننا چاہیے۔ احسن اقبال نے کہا کہ حقیقت یہ ہے کہ یہ لوگ مسلح ہو کر اسلام آباد آئے، ان کا مقصد پارلیمنٹ پر قبضہ کرنا تھا۔ انہوں نے کہا کہ علی امین گنڈاپور پارٹی اور حکومت کی دو کشتیوں کے سوار ہیں۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ علی امین کو باقاعدہ سیاست کرنی چاہیے، شکر ہے قبضہ ختم کرایا گیا، ورنہ دہشتگرد اسلام آباد کے دل تک پہنچ چکے تھے، گرفتار غیر ملکیوں کے بارے میں معلومات جاری کی گئی ہیں۔

### بقیہ جات 5

جماعت کو اسلام آباد میں احتجاج کی اجازت نہیں دی تھی۔ قرارداد کے متن میں کہا گیا کہ انتشاری ٹولے نے اعلیٰ عدلیہ کے فیصلوں کو بھی ماننے سے انکار کر کے یہ ثابت کر دیا کہ یہ جماعت کسی بھی ادارے کی عزت نہیں کرتی ہے۔ قبل ازیں بلوچستان اسمبلی نے پی ٹی آئی پر پابندی کی قرارداد منظور کرلی تھی۔ قرارداد میں کہا گیا کہ پی ٹی آئی سیاسی انتشاری ٹولے کی شکل اختیار کر چکی ہے۔ قرارداد پر اپوزیشن جماعتوں نے ایوان سے واک آؤٹ کیا۔

### بقیہ جات 6

100 انڈیکس میں 294 پوائنٹس کا اضافہ ہوا ہے جس کے بعد انڈیکس 1 لاکھ 377 پوائنٹس کی سطح پر پہنچ گیا۔ اب تک کے کاروبار کے دوران 100 انڈیکس نے بلند ترین سطح 1 لاکھ 653 پوائنٹس بھی عبور کی۔ گزشتہ روز کاروبار کے اختتام پر انڈیکس 1 لاکھ 82 پوائنٹس پر بند ہوا تھا۔ ماہرین کے مطابق مارکیٹ میں یہ تیزی سرمایہ کاروں کے بڑھتے ہوئے اعتماد کو ظاہر کرتی ہے۔

### بقیہ جات 7

اسٹاک مارکیٹ ایک لاکھ کی سطح سے اوپر گئی۔ انہوں نے کہا کہ دشمنان پاکستان اگر اس صورتحال کو خراب کرنا چاہتے ہیں تو کیا ہم انہیں ایسا کرنے دیں، ہمیں ہر چیز وہ کرنی چاہیے جس سے ہم دشمنان پاکستان کے ہاتھ نہ صرف روکیں بلکہ ان کو توڑ دیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسے مواقع بار بار نہیں ملتے، اللہ نے ہمیں موقع دیا ہے، اس پر ہمیں پوری سنجیدہ سوچ اور عمل کے ساتھ آگے بڑھنا ہے کہ کس طرح ہم نے خیبر پختونخوا حکومت کی جو دن رات کی سازشیں ہیں، انہیں کوئی پروا نہیں کہ حالات بہتر ہو رہے ہیں، ان کا ایک ہی ایجنڈا ہے کہ ہر چیز کو تہہ وبالا کردو، ہر چیز کو برباد کردو۔ وزیر اعظم نے کہا کہ میں سمجھتا ہوں کہ یہاں وفاقی حکومت کے سینئرز بیٹھے ہیں، آرمی چیف بیٹھے ہیں، ان کی پوری ٹیم بیٹھی ہے، سب نے مل کر بڑی کاوش کی، میں آپ سب کا دل کی اتھاہ گہرائیوں سے شکر گزار ہوں، اللہ نے ہمیں موقع دیا ہے، اس کے لیے ہم نے آگے بڑھنا ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ یہ ایک سیاسی جماعت نہیں ہے، یہ ایک فتنہ ہے اور تخریب کاری کا ایک جتھہ اور گروہ ہے، اس کے لیے اب ہمیں آگے بڑھنا ہے، جتنے بھی تخریب کار ہیں، ان سب کے خلاف ایف آئی آرز کاٹی جائیں، ان کے خلاف ٹھوس بنیادوں پر قانونی کارروائی کی جائے۔

### بقیہ جات 8

اربن فلڈنگ دریائی سیلاب اور رود کوہی سے نمٹنے کے لئے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ موٹرویز، ہائی ویز اور ریلوے ٹریک کے نیچے سیلابی راستوں کی صفائی کی ہدایت کی گئی۔ روڈز سے بارش کے پانی کا نکاس یقینی بنانے کے لئے گرین بیلٹ کا لیول نیچے کرنے کے منصوبے کی منظوری دی گئی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے سیلابی نالوں کی بروقت صفائی اور بحالی یقینی بنانے اور فلڈنگ کے سدباب کے لئے قوانین کے نفاذ کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں اربن فلڈنگ سے متاثرہ شہروں میں سٹوریج ٹینک بنانے کی تجویز پر اتفاق کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ شہروں میں راستے ڈوب جاتے ہیں، سیوریج کا انتظام بہتر بنانا ہوگا۔ لوگوں کی تکالیف کے پیش نظر سیوریج سسٹم کی بحالی اور بہتری کی ترجیحات کا تعین کیا جائے۔

### بقیہ جات 9

سنگجانی میں دھرنے پر راضی نہیں ہوئے۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے شیر افضل مروت نے کہا کہ ابتدائی فیصلہ یہی تھا کہ ڈی چوک ہی جانا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ علی امین گنڈاپور تو چھبیس نمبر چونگی سے بھی آگے نہیں جانا چاہتے تھے، وہ پریشان تھے، ڈی چوک نہیں جانا چاہتے تھے۔ شیر افضل مروت کے مطابق علی امین گنڈاپور دو بار بشریٰ بی بی کی گاڑی میں بھی گئے، مگر ان کی بشریٰ بی بی سے تکرار کا مجھے علم نہیں۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ قائدین کے کنٹینر کی بجلی کاٹی گئی، ان کے پاس ٹیکنیکل لوگ بھی نہیں تھے جو کنٹینر کو ریچارج کر دیتے، میں نے بھی دیکھا کہ وہاں کسی کی ڈیوٹی نہیں لگائی گئی تھی کہ کارکنوں کو کیا ہدایات دینی ہیں۔

### بقیہ جات 10

پارٹی قیادت نہیں تھی، جو بھی ہوا اس کا احتساب اور جواب طلبی بانی پی ٹی آئی کریں گے۔ مشال یوسفزئی نے کہا کہ بشریٰ بی بی نے پولیٹیکل کمیٹی کی میٹنگ کی صدارت کی نہ ہی شرکت کی۔ اس سے قبل بشریٰ بی بی کی بہن مریم ریاض وٹو نے کہا تھا کہ کل کی پریس کانفرنس کا بشریٰ بی بی کو بتایا نہیں گیا، انہوں نے پریس کانفرنس سے اتفاق نہیں کیا تھا۔ مریم ریاض وٹو نے نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کے دوران کہا کہ کل شام کو بات ہوئی تو بشریٰ بی بی کا اپنا فون نہیں چل رہا تھا، بات ہوئی تو بشریٰ بی بی نے کہا کہ ان کا فون ان کے پاس نہیں ہے۔ مریم ریاض نے کہا کہ سیاسی کمیٹی میں بشریٰ بی بی آئیں لیکن انہیں مدعو نہیں کیا گیا تھا، بشریٰ بی بی غصے میں نہیں مایوسی کی کیفیت میں تھیں۔

### بقیہ جات 11

جسمانی ریمانڈ کے خلاف درخواست پر سماعت آج ہی ہو، آج سماعت نہ ہوئی تو ہماری درخواست غیر موثر ہو جائے گی۔ گزشتہ روز انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت نے مطیع اللہ جان کو دو روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کر دیا تھا۔ گزشتہ روز سینئر صحافی اور اینکر مطیع اللہ جان کے خلاف اسلام آباد کے تھانہ مارگلہ میں مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق پولیس نے مطیع اللہ جان کو ای نائن چیک پوسٹ سے گرفتار کیا تھا، گاڑی کو پولیس نے گزشتہ رات ناکے پر رکنے کا اشارہ کیا تھا۔ مقدمے میں کہا گیا ہے کہ مطیع اللہ جان نے گاڑی روکنے کے بجائے پولیس پر چڑھا دی، گاڑی کی ٹکر سے ڈیوٹی پر مامور کانسٹیبل مدثر زخمی ہو گیا تھا۔

### بقیہ جات 12

پنجاب کی ہدایت پر جیل ریفارمز ایجنڈا کے تحت پنجاب بھر کی جیلوں میں سینئر اور جونیئر سائیکالوجسٹ تعینات کیے گئے ہیں، ہر جیل میں ذہنی صحت مرکز قائم کیا جائیگا جہاں قیدیوں کی ذہنی صحت کی جانچ، تشخیص اور مشاورت ہوگی۔ یونیفارم پالیسی کے تحت کارکردگی جانچنے کیلئے ایس او پیز کے مطابق جیل آمد کے 24 گھنٹوں میں سائیکالوجسٹ ہر قیدی کا معائنہ کریگا اور ہر قیدی کے جرم، کریمنل ہسٹری اور شخصیت کے مطابق اس کی کیٹگری کا تعین دیئے گئے پیرامیٹرز کے مطابق کرے گا۔ قیدیوں کو ذہنی تناؤ اور خودکشی کے رجحانات سے بچاؤ کے علاوہ منشیات کے عادی یا نفسیاتی مسائل کے شکار قیدیوں کی بحالی کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ ایس او پیز کے تحت جیل سائیکالوجسٹ کو پیرول بورڈ کا ممبر بھی بنایا گیا جو قیدی کی پیرول پر رہائی کے حوالے سے رسک اسیسمنٹ رپورٹ دیگا۔ پرتشدد رویے کے حامل اسیران کی کاؤنسلنگ، ہر ماہ ہر قیدی کا معائنہ اور کاؤنسلنگ کی فائل اپڈیٹ کرنا اور ذہنی تناؤ کے شکار قیدیوں سے بہتر رویئے کیلئے جیل عملے کی تربیت بھی سائیکالوجسٹ کے کام کا حصہ ہوگا۔

### بقیہ جات 13

پنجاب ہاؤسنگ اینڈ ٹاؤن پلاننگ ایجنسی نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی "اپنی چھت اپنا گھر" اسکیم سے مستفید افراد کے اعداد و شمار جاری کر دیے ہیں، ڈی جی پھاٹا سیف انور جپہ کے مطابق اب تک 1121 افراد نے اپنی چھت اپنا گھر اسکیم کے تحت قرضہ حاصل کر کے مکانات کی تعمیر شروع کر دی ہے، زیر تعمیر مکانات کے مالکان کو جلد دوسری قسط کی ادائیگی کی جائے گی، 1121 درخواست دہندگان کو گھروں کی تعمیر کیلئے 878 ملین روپے سے زائد رقم ادا کی جاچکی ہے سال 2024 کے اختتام تک مزید 6000 افراد کو قرض فراہم کردیا جائے گا، اس ضمن میں 3 مائیکرو فنانس ادارے 1 لاکھ 30 ہزار درخواست گزاروں کو قرض فراہمی کیلئے جانچ کر رہے ہیں، سیف انور جپہ نے واضح کیا کہ رواں مالی سال کے اختتام تک درخواست دینے والے 40 ہزار افراد کو قرض فراہم کیا جائے گا۔

### بقیہ جات 14

جرمانہ عائد ہوگا۔ پہلے ایل پی جی قوانین کی خلاف ورزی پر 3 ہزار روپے جرمانہ تھا جسے بڑھا کر کم سے کم 10 لاکھ روپے سے ایک کروڑ روپے تک کرنے کی تجویز ہے۔ اوگرا ذرائع کا کہنا ہے کہ قوانین کی خلاف ورزی پر سزا بھی 6 ماہ سے بڑھا کر 10 سال ناقابل ضمانت کی تجویز دی گئی ہے۔ اب ایل پی جی کے قوانین پر عمل نہ ہوا تو 10 سال کی سزا ہوگی۔ ملک بھر میں ایل پی جی کے استعمال میں تیزی سے اضافے کے باعث یہ فیصلے کیے گئے ہیں۔ غیر معیاری اور کم گیس فروخت کرنے والے بچ نہیں سکیں گے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اوگرا کے نئے قوانین کی سمری حتمی منظوری کے لیے حکومت کو بھجوا دی ہے۔ انسانی جانوں کو بچانے کے لیے قوانین میں تبدیلی لا رہے ہیں۔

### بقیہ جات 15

ضمانت کی معیاد ختم ہونے پر امتیاز محمود شیخ عدالت میں پیش ہوئے، جے آئی ٹی نے امتیاز محمود شیخ کو عسکری ٹاور حملہ کیس میں گناہگار قرار دے دیا۔ عدالت نے احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عسکری ٹاور حملہ کیس میں تفتیش مکمل ہے، وکیل اپنے دلائل مکمل کریں، جے آئی ٹی کے رکن ڈی ایس پی جاوید آصف اور تفتیشی انسپکٹر اسلم پیش ہوئے۔ معاون وکیل نے استدعا کی کہ ہمارے وکیل آج دستیاب نہیں ہیں مہلت دی جائے جس عدالت نے ریمارکس دیئے کہ ضمانت پر دلائل کیلئے آخری موقع دیا جارہا ہے۔ جے آئی ٹی رپورٹ کے مطابق ملزم پولیس کی گاڑیاں جلانے کے 2 مقدمات میں شامل تفتیش نہیں ہوا۔ ایڈمن جج منظر علی گل نے کہا ملزم کو ان 2 مقدمات میں شامل تفتیش ہونے کا آخری موقع دے رہا ہوں، اگر ملزم شامل تفتیش نہ ہوا ریکارڈ دیکھ کر عبوری ضمانت کا فیصلہ کر دیں گے۔ بعد ازاں عدالت نے دلائل سننے کے بعد امتیاز محمود شیخ کی عبوری ضمانت میں 6 دسمبر تک توسیع کر دی۔

### بقیہ جات 16

ہونے والی تقریبات سے ویڈیو لنک کے ذریعے خطاب کریں گے۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے ویڈیو لنک خطاب سے قبل کوئٹہ میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، جامشورو میں وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ، پشاور میں گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی اور ملتان میں گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر کا خطاب ہوگا۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے ویڈیو لنک خطاب سے قبل حیدرآباد میں سید قائم علی شاہ، گوجرانوالہ میں اعتزاز احسن، راولپنڈی میں راجہ پرویز اشرف اور سانگھڑ میں شازیہ مری کا خطاب ہوگا۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے ویڈیو لنک خطاب سے قبل مخدوم احمد محمود رحیم یار خان، نثار کھوڑو اور سعید غنی کراچی، خورشید شاہ سکھر، قمر زمان کائرہ اٹک، جمیل سومرو لاڑکانہ اور چوہدری منظور احمد فیصل آباد میں خطاب کریں گے۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے ویڈیو لنک خطاب سے قبل لاہور میں حسن مرتضیٰ، نواب شاہ میں ناصر شاہ اور ضیاء لنجار، چکوال میں سینیٹر پلوشہ خان، جیکب آباد میں اعجاز جکھرانی، سرگودھا میں ندیم افضل چن، میرپور خاص میں شرجیل میمن، ساہیوال میں شہزاد سعید چیمہ، گلگت شہر میں امجد ایڈووکیٹ اور مظفر آباد میں چوہدری یاسین یوم تاسیس کی تقریبات سے خطاب کریں گے۔

### بقیہ جات 17

افضل مروت کی درخواست پر سماعت کی، شیر افضل مروت اپنے وکیل ریاست علی آزاد اور اسامہ طارق کے ساتھ عدالت میں پیش ہوئے۔ عدالت نے پی ٹی آئی رہنما کی کسی بھی نامعلوم مقدمے میں گرفتاری سے روکتے ہوئے سیکرٹری وزارت داخلہ، آئی جی، ایف آئی اے کو نوٹس جاری کر دیئے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ نے سیکریٹری داخلہ، آئی جی اسلام آباد اور ایف آئی اے کو ایک ہفتے میں شیر افضل مروت کے خلاف درج مقدمات کی رپورٹ فراہم کرنے کی ہدایت کردی۔ بعد ازاں اسلام آباد ہائی کورٹ نے ڈی چوک احتجاج پر شیر افضل مروت کیخلاف درج مقدمات کی تفصیلات فراہمی کی درخواست پر سماعت اگلے جمعہ تک ملتوی کردی۔

### بقیہ جات 18

کرتے ہوئے موقف اختیار کیا گیا ہے کہ مطیع اللہ جان کو جھوٹے اور من گھڑت مقدمے میں گرفتار کیا گیا ہے۔ دریں اثنا اسلام آباد ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن نے صحافی مطیع اللہ جان کے اغوا اور ان کے خلاف جھوٹی فرسٹ انفارمیشن رپورٹ (ایف آئی آر) کے اندراج کی مذمت کردی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن نے مطیع اللہ جان کے خلاف درج ایف آئی آر کو مضحکہ خیز اور جھوٹا قرار دے دیا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن کی جانب سے جاری کردہ اعلامیے میں کہا گیا کہ صحافی مطیع اللہ جان کی گرفتاری آزادی صحافت پر حملہ ہے، بار ایسوسی ایشن مطالبہ کرتی ہے کہ معاملے کی عدالتی تحقیقات کروائی جائے۔

### بقیہ جات 19

خاطر تعلیمی اصلاحات کی فوری ضرورت پر زور دیا گیا۔ اجلاس میں وفاقی وزارت تعلیم کے سیکریٹری، ایڈیشنل سیکریٹری اور دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ وفاقی وزیر کو نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ایکسیلینس ان ٹیچر ایجوکیشن (NIETE) اور لمز سکول آف ایجوکیشن کے اشتراک سے جاری اساتذہ کے تربیتی منصوبے پر بریفنگ دی گئی۔ پروفیسر احسن اقبال نے تجویز کردہ تعلیمی اصلاحات پر بات کرتے ہوئے اخلاقی بنیادوں کی بحالی اور نوجوانوں میں عالمی تناظر کو فروغ دینے کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے تعلیمی نظام کو ٹیم ورک، تعاون اور اجتماعی کامیابیوں پر توجہ مرکوز کرنی چاہیے۔ وزیر نے اساتذہ کے کردار کو "معلم کے "مینٹور" کے طور پر اجاگر کیا اور کہا کہ وہ مستقبل کے لیڈرز کو زندگی کی مہارتوں اور مضبوط سماجی شعور سے لیس کریں۔

### بقیہ جات 20

کیس کی سماعت کی۔ عمران خان اور بشریٰ بی بی کیخلاف توشہ خانہ ٹو کیس کی سماعت بغیر کسی کارروائی کے 3 دسمبر تک ملتوی کردی گئی، عدالت نے آج ملزمان کو فرد جرم عائد کرنے کیلئے طلب کر رکھا تھا۔

### بقیہ جات 21

ہیں۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ ایک ماہ کے دوران ریکارڈ توڑ اسموگ سے متاثر ہونے والے صوبہ پنجاب میں 20 لاکھ لوگوں نے ہسپتالوں اور صحت مراکز میں جا کر سانس لینے میں دشواری اور امراض تنفس کے حوالے سے علاج کے لیے ڈاکٹرز کی خدمات حاصل کیں۔ واضح رہے کہ گزشتہ مہینے صوبہ پنجاب میں اسموگ کی صورتحال بگڑنے کی وجہ سے پنجاب میں اسے 'آفت' قرار دیا گیا تھا، انٹرنیشنل ایئر کوالٹی انڈیکس کے انڈیکس اسکیل کے مطابق 300 یا اس سے زائد کی ایئر کوالٹی انڈیکس کی پیمائش صحت کے لیے نقصان دہ ہے، جب کہ پاکستان میں مستقل طور پر یہ سطح ایک ہزار انڈیکس سے بلند رہی ہے۔ اپسوس سروے کا عنوان 'پاکستان میں اسموگ، آگاہی، تصورات اور طرز عمل' تھا جو 26 نومبر کو جاری کیا گیا، یہ سروے 18 سے 22 نومبر کے دوران کیا گیا تھا، اس میں کمپیوٹر، ٹیلی فون کالز کے ذریعے پنجاب بھر اور اسلام آباد سے ایک ہزار افراد کے انٹرویوز کیے گئے تھے۔ عوامی آگاہی اور ان کے تجربے سے متعلق سروے کے پہلے حصے کے اعداد و شمار سے معلوم ہوتا ہے کہ 79 فیصد لوگوں (ہر 10 میں سے 8 افراد) نے گزشتہ مہینے اسموگ کا سامنا کیا جبکہ لاہور میں رہنے والے تمام لوگوں کو اسموگ کا سامنا کرنا پڑا، یہ اعداد و شمار ظاہر کرتے ہیں کہ اسموگ کا سامنا کرنے والے 68 فیصد لوگوں کو اس سے متعلقہ صحت کے مسائل در پیش آئے، شہروں میں بسنے والے 71 جبکہ دیہی علاقوں کے 67 فیصد لوگوں نے صحت کے مسائل کا سامنا کیا۔ سروے میں روز مرہ زندگی پر اسموگ کی وجہ سے پڑنے والے اثرات سے متعلق کہا گیا کہ ایک تہائی پاکستانیوں نے کہا کہ اسموگ کی وجہ سے ان کی روز مرہ کی گھریلو مصروفیات، ملازمت یا کام، اور سماجی ایونٹس متاثر ہوئے، سروے میں کہا گیا کہ اسموگ سے پنجاب تمام صوبوں کی نسبت سب سے زیادہ متاثر ہوا، سب سے زیادہ متاثر ہونے والے شہر لاہور اور راولپنڈی رہے۔

### بقیہ جات 22

ملاقات کی۔ پنجاب میں چینی کمپنیوں کی سرمایہ کاری، چینی سرمایہ کاروں کی سکیورٹی اور اگلے ماہ پنجاب کے اعلیٰ سطحی وفد کے دورہ چین پر بات چیت ہوئی۔ ملاقات میں پنجاب تیانجن یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی کے معاہدے کی تجدید پر بھی بات چیت کی گئی۔ چینی قونصل جنرل نے پنجاب میں سرمایہ کاری بڑھانے کا عندیہ دے دیا۔ ملاقات میں چین اور پنجاب کے مابین زراعت، توانائی، ٹیکنیکل ایجوکیشن، ٹیکسٹائل اور دیگر شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ چین کی متعدد کمپنیوں نے پنجاب میں بڑی سرمایہ کاری کر رکھی ہے، چین کی مزید سرمایہ کاری کا خیر مقدم کریں گے۔ چین کے سرمایہ کاروں کے تحفظ کے لئے سیکیورٹی کے بہترین انتظامات کئے گئے ہیں، انہوں نے بتایا کہ چین کی متعدد سرمایہ کار کمپنیوں سے ملاقاتیں کر چکا ہوں۔ چین کی آنکو کمپنی کے ساتھ پنجاب میں سولر پینلز کی اسمبلنگ اور مینوفیکچرنگ پلانٹ لگانے کا معاہدہ ہو چکا ہے۔ چوہدری شافع حسین نے کہا کہ پنجاب حکومت کا الیکٹرک وہیکلز کے فروغ پر فوکس ہے جبکہ پنجاب الیکٹرک وہیکلز کی اسمبلنگ اور مینوفیکچرنگ پلانٹ لگانے کے حوالے سے چین کی کمپنی سے بات چیت جاری ہے۔

### بقیہ جات 23

یکم دسمبر 2024 سے پیٹرول کی قیمت میں 3 روپے فی لیٹر اور ڈیزل کی قیمت میں 2.87 فی لیٹر اضافے کا امکان ہے۔ تاہم متعلقہ حکام اسرائیل حزب اللہ کی جنگ بندی کی وجہ سے آج یا کل سے عالمی منڈیوں میں پی او ایل کی قیمتوں میں کمی کی توقع کر رہے ہیں جس کی وجہ سے پی او ایل کی قیمتیں غیر تبدیل شدہ رہ سکتی ہیں۔ برینٹ کروڈ فیوچرز 2 سینٹ بڑھ کر 72.83 ڈالر فی بیرل پر طے ہوا جبکہ یو ایس ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ کروڈ کی قیمت 5 سینٹ کم ہو کر 68.72 ڈالر ہو گئی۔ موجودہ 15 دن کے 12 دنوں پر جی کام کے مطابق پیٹرول کی قیمت میں 3 روپے فی لیٹر اضافے پر کام کیا گیا ہے اور یہ موجودہ قیمت 248.38 روپے فی لیٹر سے 251.38 روپے فی لیٹر کی نئی قیمت پر طے ہو سکتی ہے۔

### بقیہ جات 24

میں گرفتار ملزمان محمد جاوید اور گل نساء سے تفتیش کی جائے گی۔ محکمہ داخلہ سندھ نے جے آئی ٹی کے قیام کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈی آئی جی سی ٹی ڈی کو جے آئی ٹی کا چیئرمین مقرر کیا گیا ہے، اور اس میں تینوں حساس اداروں اور رینجرز کے افسران شامل ہوں گے۔ اسپیشل برانچ، کراچی پولیس، اور ایف آئی اے کے افسران بھی اس جے آئی ٹی کا حصہ ہیں۔ جے آئی ٹی کو کسی بھی تحقیقاتی ادارے سے مدد حاصل کرنے کی اجازت ہوگی۔ ملزمان سے تفتیش کے بعد رپورٹ محکمہ داخلہ کو پیش کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

### بقیہ جات 25

جنجال گوٹھ میں تیز رفتار 2 موٹر سائیکلیں ٹکرا گئیں جس سے موٹر سائیکل پر سوار 6 افراد زخمی ہو گئے۔ دونوں موٹر سائیکلوں پر 6 افراد سوار تھے، زخمیوں کو عباسی شہید اسپتال منتقل کیا گیا جہاں پر 1 شخص دوران علاج دم توڑ گیا جس کی شناخت 18 سالہ راجو سے ہوئی۔ حادثے کے دیگر 5 زخمیوں میں ساگر 15 سال، اجے 18 سال، کرن 15 سال، ارشد 40 سال، حمزہ 18 سالہ شامل ہیں۔ پولیس واقعہ کی مزید تحقیقات کر رہی ہے۔

### بقیہ جات 26

فوری استعفیٰ دیں، 26 نومبر کی رات ہونے والے واقعہ کی تحقیقات کے لیے بااختیار اور بااعتماد جوڈیشل کمیشن بنایا جائے، حکومت ایک طرف عوام پر گولیاں چلا رہی ہے دوسری جانب میڈیا پر پابندی عائد ہے۔ صحافی مطیع اللہ جان اور شاکر محمود اعوان پر جھوٹے مقدمات ختم کر کے انہیں فوری رہا کیا جائے، آزادی اظہار پر جو پابندی آج ہے مارشل لاء کے ادوار میں بھی نہیں تھی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منصورہ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سیکرٹری جنرل امیر العظیم، نائب امیر ڈاکٹر اسامہ رضی، سیکرٹری اطلاعات قیصر شریف اور امیر لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ بھی اس موقع پر موجود تھے۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ ڈی چوک پر حکومت نے سفاکیت کا مظاہرہ کیا، گولیاں چلا کر قوم کو پیغام دیا گیا کہ کوئی فارم 47 کی جعلی حکومت کے خلاف احتجاج کی جرات نہ کرے، یہ قابل قبول نہیں، شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، قوم کو سیاسی اعتبار سے بانجھ کیا جائے گا تو ٹھیک نہیں ہوگا۔

### بقیہ جات 27

وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ پاکستان کے خلاف سوشل میڈیا پر سازش کی جارہی ہے اور طلبہ نے اس جھوٹے پروپیگنڈے کو روکنا ہے کیونکہ طلبہ سمیت نئی نسل کی مدد کے بغیر یہ مقابلہ ممکن نہیں۔ سرفراز بگٹی نے کہا کہ آج صوبے میں میرٹ پر بھرتیاں کی جا رہی ہیں اور آپ آگے بڑھیں گے تو یہاں سے کرپشن کا خاتمہ کریں گے، ہم مل کر بلوچستان کو آگے لے کر جائیں گے۔ اسکوٹیاں تقسیم کرنے سے متعلق انہوں نے کہا کہ میں نے جو آپ سے وعدہ کیا تھا وہ ایک ہفتے میں پورا کیا، یہ سلسلہ یہاں تک نہیں بلکہ خواہش ہے کہ تمام کالجز میں فراہم کریں۔ کالج میں میڈم ناظمہ طاہر بلاک بھی بنایا جا رہا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ جب تک خواتین معاشرے میں مثبت کردار ادا نہیں کریں گے یہ معاشرہ ترقی نہیں کرسکتا، 5 خواتین ڈی سی صوبے میں خدمات دے رہی ہیں۔ قبل ازیں، وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کالج کی 45 طالبات میں پنک اسکوٹیز تقسیم کیں۔ تقریب میں وزیر تعلیم راحیلہ درانی، صوبائی وزراء، چیف سیکریٹری اور دیگر شریک ہوئے۔

### بقیہ جات 28

کی۔ عدالت نے کیس کی کارروائی کے بغیر ہی سماعت کو 3 دسمبر تک ملتوی کر دیا۔

### بقیہ جات 29

جس پر جسٹس سردار اعجاز اسحاق نے کلائیو سمتھ سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ انٹرنیٹ سلو ہے آپ کی آواز نہیں آرہی۔ جسٹس سردار اعجاز اسحاق خان نے اہم ریمارکس دیے کہ اب کیا پی ٹی اے کو نوٹس کر دوں کہ عدالت میں بھی انٹرنیٹ ٹھیک کام نہیں کر رہا، کیا پی ٹی اے بتائے گا کہ موبائل فون کے بعد اب انٹرنیٹ بھی بند کیا گیا ہے۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل صاحب آپ کچھ کہیں گے انٹرنیٹ کیوں سست روی کا شکار ہے۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے بتایا کہ موبائل انٹرنیٹ کا مسئلہ ہے دیگر انٹرنیٹ کا مسئلہ نہیں ہے۔ جسٹس سردار اعجاز اسحاق خان نے ریمارکس دیے کہ چلیں چیئرمین پی ٹی اے کچھ لکھ دیں گے کہ کیا مسئلہ ہے۔

### بقیہ جات 30

ہے۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ بانی پی ٹی آئی نے 24 نومبر کیلئے پرامن احتجاج کی کال دی، شہریوں کی احتجاج میں شرکت روکنے کیلئے حکومت نے سڑکیں بند کر دیں، سڑکیں اور موٹرویز بند ہونے سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے۔ درخواست میں مزید کہا گیا کہ سڑکوں کی بندش سے سکول، ادارے اور بسیں بند ہو گئیں، سڑکوں اور موٹر ویز کی بندش سے ناقابل تلافی نقصان ہو رہا ہے، عدالت حکومت کو سڑکیں اور موٹرویز کھولنے کا حکم دے۔ دوران سماعت ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے درخواست کی مخالفت کرتے ہوئے عدالت کو بتایا کہ اس وقت کوئی سڑک اور موٹروے بند نہیں ہے۔ بعد ازاں عدالت عالیہ نے سڑکوں اور موٹر ویز کی بندش کے خلاف درخواست غیر موثر قرار دیتے ہوئے نمٹادی۔

### بقیہ جات 31

اطلاعات بیرسٹر سیف نے کہا کہ جعلی وزارت کی داستان چھپانے کے لیے پریس کانفرنس پر کانفرنس کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پریس کانفرنسز کے ذریعے اسلام آباد کے اسپتالوں کا ڈیٹا چھپانے کی کوشش کی جارہی ہے۔ صحافی مطیع اللہ جان کا جرم بھی صرف یہی ہے کہ ان کے پاس اسپتالوں کا ڈیٹا ہے۔ بیرسٹر سیف نے بیان میں مزید کہا کہ مطیع اللہ جان کو جھوٹے کیس میں پھنسانا قابل مذمت ہے۔ امیر مقام بھی شاہ سے زیادہ شاہ کی وفاداری میں لگے ہوئے ہیں۔ وہ 8 فروری کو لاشیں گرا کر فارم 47 کے سہارے پارلیمنٹ پہنچے۔ لاشوں پر سیاست ان کا پسندیدہ مشغلہ ہے۔ درباری امیر مقام کے کرپشن قصے زبان زد عام ہیں۔

### بقیہ جات 32

کی فوری رہائی کا مطالبہ کیا ہے اور کہا کہ وفاقی پارلیمانی نظام کی اصل روح جمہوری اداروں کو مضبوط بنانا ہے۔ پی پی پی رہنما نے بتایا کہ وفاقی پارلیمانی نظام کی اصل روح سول حکمرانی کی بالادستی، قانون کی حکمرانی اور مکالمے کو فروغ دینا ہے۔ سابق چیئرمین سینیٹ کے مطابق اظہار رائے اور احتجاج آئین میں فراہم کردہ ایک بنیادی حق ہے، لیکن احتجاج قانون کے دائرے میں رہ کر ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ یہ حق سیاسی ایجنڈے کو آگے بڑھانے کے لیے تشدد کا جواز نہیں بن سکتا، ریاست کی رٹ نافذ کرنے کے بعد حکومت کو سیاسی مذاکرات کی طرف بڑھنا چاہیے۔ سابق چیئرمین سینیٹ نے کہا ہے کہ گورنر راج کا نفاذ کوئی حل نہیں۔ اس کے لیے آئین کے آرٹیکل 232 یا 234 کے تقاضے پورے نہیں ہو رہے، گورنر راج سیاسی طور پر دانشمندانہ فیصلہ نہیں ہوگا، اس سے پولرائزیشن بڑھے گی۔ رضا ربانی نے کہا کہ ایک ایسے صوبے میں سیاسی عدم استحکام میں اضافہ ہوگا جہاں دہشت گردی بڑھ رہی ہے۔ انہوں نے سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ ہمیں تاریخ سے سبق سیکھنا چاہیے، نیشنل عوامی پارٹی اور کمیونسٹ پارٹی آف پاکستان پر پابندی لگائی گئی، اس کے نتائج کیا نکلے؟ انہوں نے کہا کہ کسی سیاسی جماعت پر پابندی لگانا بھی کوئی حل نہیں، وہ سیاسی جماعت کسی اور نام سے دوبارہ وجود میں آجاتی ہے۔

### بقیہ جات 33

بتاتے ہوئے کہا ہے کہ جو آرمی چیف ان کی مرضی کا ہو، انہیں اقتدار میں رکھے وہ پی ٹی آئی کا باپ ہوتا ہے۔ خواجہ آصف نے ایکس پر بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی والے ذاتی و سیاسی مفادات کیلئے وطن فروشی کر رہے ہیں۔ وزیر دفاع نے کہا کہ جب آرمی چیف پاکستان کی حفاظت کرے اس کے خلاف امریکا میں مظاہرہ کر رہے ہیں، جب مذاکرات کی بات ہوتی ہے تو مذاکرات صرف اسٹیبلشمنٹ سے! آرمی چیف کے آگے سجدہ ریز ہونے کو تیار ہو، پوچھیں کیا کیا کرنے کو تیار ہو جاؤ، پر جب بات نہ بنے تو پھر دوبارہ 9 مئی کی کوشش اور امریکی غلامی منظور ہی منظور۔ خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ جو آرمی چیف ان کی مرضی کا ہو اور انہیں اقتدار میں رکھے وہ پی ٹی آئی کا باپ ہوتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کو دوہری شہریت ختم کرنی چاہیے، بیشتر ممالک نے یہ سہولت ختم کردی ہے اور سمندر پار پاکستان کے مفادات کے خلاف کام کرنے والوں کو اس کی قیمت ادا کرنی چاہیے، یہ امریکا میں فلسطین کے حق میں آواز نہیں اٹھائیں گے، فلسطین کی نسل کشی پہ خاموش رہیں گے اور آئی ایم ایف کو پاکستان کے خلاف آمادہ کرنے کی کوشش کریں گے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ سیاست کرنا چاہتے ہیں تو پاکستان آئیں آٹے دال کا بھاؤ معلوم ہو جائے گا، سوشل میڈیا پہ جنگ نہ لڑیں آئیں پاکستان میں اپنی خواہشات کی تکمیل کے لیے قیمت ادا کریں۔

### بقیہ جات 34

ایڈیشنل سیکرٹری ٹیکنیکل ڈاکٹر محمد وسیم، ڈاکٹر مسفر اح، ڈاکٹر زبیر اکرم، ڈاکٹر عاصم جاوید و دیگر افسران نے بھی شرکت کی۔ سٹیئرنگ کمیٹی کے ممبران نے اجلاس کے دوران مختلف ایجنڈاز پر اہم فیصلے کئے۔ اجلاس کے دوران نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی سرگودھا کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ اجلاس کے دوران پنجاب میں کارڈیو وسکولر بیماریوں کا شکار مریضوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کیلئے مختلف اقدامات کا جائزہ لیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صوبہ بھر کے کارڈیالوجی ہسپتالوں کی صلاحیت میں واضح بہتری لانا چاہتی ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کے کارڈیک پروگرام کو انشاء اللہ کامیاب بنائیں گے۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ چیف منسٹرز چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام کے عوام کو الحمد للہ بہترین ثمرات حاصل ہو رہے ہیں۔ کارڈیو وسکولر بیماریوں کا شکار مریضوں کو جدید علاج و معالجہ کی سہولیات فراہم کرنے کیلئے ماہرین کی مختلف تجاویز کا بھی جائزہ لیا جارہا ہے۔

### بقیہ جات 35

مقدمات میں قید کرنے کے حکومتی ہتھکنڈوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ اسلام آباد میں خون ریزی پر جوڈیشل کمیشن بنایا جائے اور شفاف تحقیقات کی جائیں۔ احتجاج روکنے کیلئے حکومت نے جس فسطائیت کا مظاہرہ کر کے 25 کروڑ عوام کو جو پیغام دینے کی کوشش کی ہے جماعت اسلامی اسے کسی صورت قبول نہیں کرے گی اس کی پرزور مذمت کرتے ہیں۔ ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے مزید کہا کہ پاکستان کی معیشت، سیاست اور امن و امان کی خراب صورتحال ملکی سلامتی کیلئے خطرہ بن سکتی ہے۔ ملک کو بند گلی سے نکالنے کے لیے قومی ڈائیلاگ شروع کیا جائے۔ جمہوریت کے تسلسل کے لیے ضروری ہے کہ مسائل کا سیاسی و آئینی حل تلاش کیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ملکی موجودہ سیاسی صورتحال پر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔

### بقیہ جات 36

ایمانوئیل اطہر، بابا فیلبوس کرسٹوفر، شکیلہ آرتھر، پارلیمانی سیکریٹری برائے انسانی حقوق و اقلیتی امور سونیا آشر بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران بورڈ آف ریونیو کے نمائندگان نے صوبائی وزیر کو پنجاب اربن لینڈ سسٹم اینہانسمنٹ پروجیکٹ کے بارے میں بریفنگ دی۔ اس پروجیکٹ کے تحت صوبہ بھر میں اقلیتوں کے لیے اراضی کے حقوق کے تحفظ کی کوششیں کی جارہی ہیں۔ حالیہ دنوں میں حافظ آباد اور لودھراں میں سروے مکمل کیے گئے ہیں اور پنجاب کے مختلف علاقوں میں مزید سروے کیے جائیں گے تاکہ اقلیتوں کو اراضی کے حقوق کے حوالے سے مکمل دستاویزات فراہم کی جا سکیں۔ اس موقع پر ممبران پنجاب اسمبلی کو یہ بھی بتایا گیا کہ ایک نیا لینڈ ٹرانسفر سسٹم متعارف کرایا جا رہا ہے، جس کا مقصد اقلیتوں کے اراضی کے حقوق کا تحفظ اور نظام کو مزید شفاف بنانا ہے۔ صوبائی وزیر رمیش سنگھ اروڑہ نے حکومت پنجاب کی جانب سے اقلیتوں کے اراضی کے حقوق کے تحفظ کے عزم کا اعادہ کیا اور بتایا کہ محکمہ انسانی حقوق و اقلیتی امور ایک جامع پانچ سالہ اسٹریٹجک پلان تشکیل دے رہا ہے، جس کا مقصد اقلیتوں کے اراضی کے حقوق کو محفوظ بنانا ہے اور اس کے ذریعے موجودہ چیلنجز کو حل کرنا ہے۔ صوبائی وزیر نے عوامی آگاہی کے پروگرامز اور معلوماتی مہمات کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اقلیتوں کو اپنے حقوق اور اراضی کی رجسٹریشن کے عمل سے آگاہ کیا جائے۔

### بقیہ جات 37

گرلز پوسٹ گریجویٹ ڈگری کالج میں پنک اسکوٹی تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے قرعہ اندازی کے ذریعے 50 طالبات کو پنک اسکوٹیز دیں۔ اس موقع پر صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، صوبائی وزیر برائے کیپٹن میر صادق عمرانی، صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم کھوسہ بھی موجود تھے۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کی ہر باصلاحیت اور پوزیشن ہولڈر طالبہ کو پنک اسکوٹی دیں گے، طالبات کے لئے جامع پنک اسکوٹی اسکیم متعارف کرا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں خواتین کو بااختیار دیکھنا چاہتے ہیں بلوچستان میں 5 خواتین ڈپٹی کمشنر 30 مرد ڈی سیز سے اچھا کام کر رہی ہیں۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان کے خلاف منظم سازشیں ہو رہی ہیں، غیر متوازن ترقی کو لیکر ریاست کے خلاف نوجوانوں کی ذہن سازی کی جا رہی ہے نوجوان جھوٹے پروپیگنڈوں کو اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹس سمیت عملی اقدامات کے ذریعے مسترد کردیں۔ انہوں نے کہا کہ مختلف ممالک سے منظم سازش کے تحت آرٹیفیشل انٹیلی جنس کے ذریعے نوجوانوں کی منفی ذہن سازی کی جارہی ہے۔

### بقیہ جات 38

کاٹنے کی بات درست ہوئی تو ذمہ داروں کے خلاف مقدمہ درج کرایا جائے گا، عدالت نے اس سلسلے میں سیکرٹری ٹرانسپورٹ پنجاب کو طلب کر لیا۔ ٹولنٹن مارکیٹ میں ایکشن پر توہین عدالت کی درخواست دائر کی گئی، عدالت نے کمیشن ممبران کو درخواست میں فریق بنانے پر اظہار ناراضگی کرتے ہوئے کہا کہ پٹیشن واپس لیں ورنہ درخواست گزار کو اندر کردیں گے، عدالت نے 50 ہزار روپے جرمانہ کرتے ہوئے درخواست خارج کردی۔ عدالت نے کہا کہ جب تک ڈپٹی کمشنرز کے تبادلے نہیں کریں گے معاملات درست نہیں ہوں گے، ٹرانسپورٹ کی جانچ پڑتال کے حوالے سے پالیسی بنائی جائے جس میں تمام ڈیٹا موجود ہو۔ عدالت نے اپنے حکم میں مزید کہا کہ سکولوں اور دفاتر کے لیے ورک فرام ہوم پالیسی بنائیں، تعمیرات کا کام شروع نہیں ہونا چاہیے۔ بعد ازاں لاہور ہائی کورٹ نے سموگ تدارک کیس کی مزید سماعت 3 دسمبر تک ملتوی کردی۔

### بقیہ جات 39

سے پاکستانیوں کو بیرون ملک تعلیم اور نوکریوں کے حصول میں مشکلات تھیں لہٰذا پانچ سال کلرک شپ کا ہوگا جس کے بعد ایک سالہ ہاؤس جاب ہوگی۔ ترجمان کے مطابق پی ڈی ایس 5 سالہ کرنے کا فیصلہ سیشن 2024-25 سے نافذ العمل ہوگا۔

### بقیہ جات 40

دفتر میں بیرون ملک مقیم پاکستانی اپنے حقوق کے تحفظ، قانونی معاملات، جائیداد کے مسائل اور دیگر متعلقہ امور کے بارے میں ہمہ وقت معاونت حاصل کر سکتے ہیں۔ حکومت پاکستان اور حکومت پنجاب اپنے غیر ملکی شہریوں کو بہتر خدمات فراہم کرنے اور ان کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے میں بہت سنجیدہ ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے بیرون ملک پاکستانی اپنے مسائل کو فوری طور پر حل کروا سکیں اور انہیں حکومت سے براہ راست مدد ملے۔ بیرسٹر امجد ملک نے کہا کہ پنجاب حکومت کی ترجیح ہے کہ وہ اس دفتر کی مدد سے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو ایک ہی جگہ پر مختلف خدمات فراہم کرے، جس میں آن لائن اور براہ راست ملاقات دونوں طریقوں سے معاونت شامل ہے۔ یہ دفتر ان مسائل کے حل کے لیے ایک مربوط اور شفاف طریقہ فراہم کرنے کیلئے کوشاں ہے۔ اوورسیز پاکستانی کمیشن پنجاب کا مقصد اپنے بیرون ملک مقیم شہریوں کو مہیا کی جانے والی سروسز کے معیار کو بہتر بنانا ہے۔

### بقیہ جات 41

گے۔ ہر ضلع کے انتظامی افسران روزانہ 20 سکول وزٹ کر کے حاضری کا جائزہ لیں گے۔

### بقیہ جات 42

کے جرم، کریمنل ہسٹری اور شخصیت کے مطابق اس کی کیٹگری کا تعین کرے گا، ذہنی تناؤ کے شکار قیدیوں سے بہتر رویے کیلئے جیل عملے کی تربیت کرے گا۔ قیدیوں کو ذہنی تناؤ اور خودکشی کے رجحانات سے بچاؤ اور منشیات کے عادی یا نفسیاتی مسائل کے شکار قیدیوں کی بحالی کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ ایس او پیز کے مطابق جیل میں قیدیوں کے رویے اور کردار میں بہتری کیلئے کیے گئے اقدامات کو فائل کا حصہ بنایا جائے گا۔ جیل سائیکالوجسٹ کو پیرول بورڈ کا ممبر بھی بنا دیا گیا ہے جو قیدی کی پیرول پر رہائی کے حوالے سے رسک اسیسمنٹ رپورٹ دے گا۔ ماہر نفسیات کی معاونت کیلئے پڑھے لکھے جیل وارڈرز کی تعیناتی بھی کی جائے گی، ماہر نفسیات پرتشدد رویے کے حامل اسیران کی کاؤنسلنگ کریگا، سزائے موت کے قیدیوں کا ہر ہفتے معائنہ ہوگا اور ہر ماہ کاؤنسلنگ سیشن کیے جائیں گے۔ نوعمر اور خواتین اسیران کی ذہنی صحت کو بہتر بنانے پر خصوصی توجہ دی جائے گی، جیل سائیکالوجسٹ ہر ماہ ہر قیدی کا معائنہ اور کاؤنسلنگ کر کے فائل اپڈیٹ کرے گا۔

### بقیہ جات 43

کے لیے فوری اور موثر اقدامات کرے۔ فلسطینی عوام کی قربانیاں قابل تحسین ہیں اور ہم سب ان کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔ فلسطینیوں کی جدوجہد ایک دن ضرور کامیاب ہوگی۔

### بقیہ جات 44

ریفارمز پالیسی کے مطابق پنجاب کی ہر جیل میں ذہنی صحت مرکز قائم کیا گیا ہے جہاں قیدیوں کی ذہنی صحت کی جانچ، تشخیص اور مشاورت جاری ہے۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق صوبے کی تمام جیلوں میں یونیفارم پالیسی کے تحت کارکردگی جانچنے کیلئے ایس او پیز جاری کیے گئے ہیں۔ نئے ایس او پیز کے مطابق جیل آمد کے 24 گھنٹوں میں سائیکالوجسٹ ہر قیدی کا معائنہ کریگا۔ جیل میں تعینات ماہر نفسیات ہر قیدی کے جرم، کریمنل ہسٹری اور شخصیت کے مطابق اس کی کیٹگری کا تعین کریگا جس کیلئے انہیں پیرامیٹرز دیے گئے ہیں۔ سائیکالوجسٹ ذہنی تناؤ کے شکار قیدیوں سے بہتر رویے کیلئے جیل عملے کی تربیت بھی کریگا۔ اسی طرح قیدیوں کو ذہنی تناؤ اور خودکشی کے رجحانات سے بچاؤ کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ جیل میں موجود منشیات کے عادی یا نفسیاتی مسائل کے شکار قیدیوں کی بحالی کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں گے۔

### بقیہ جات 45

صادق نے فلسطین میں جاری اسرائیلی جارحیت و بربریت کی مذمت کی۔ ان کا کہنا تھا کہ فلسطین میں گزشتہ سال سے جاری اسرائیلی فسطائیت سے 44 ہزار سے زائد فلسطینی شہید ہو چکے ہیں، شہداء میں معصوم بچوں، خواتین اور بزرگوں کی کثیر تعداد شامل ہے۔ اسپیکر نے کہا کہ اسرائیلی جارحیت کے دوران ایک لاکھ افراد زخمی اور لاکھوں بے گھر ہو چکے ہیں، فلسطین میں جاری اسرائیلی جارحیت و بربریت پر عالمی برادری کی خاموشی ناقابل فہم ہے، عالمی برادری فلسطین میں جاری نسل کشی اور جبری نقل مکانی کو روکنے کے لیے عملی اقدامات اٹھائے، خطے میں پائیدار امن کے قیام کے لیے مسئلہ فلسطین کا حل ناگزیر ہے۔ سردار ایاز صادق نے کہا کہ اسرائیلی افواج کی جانب سے بچوں، خواتین اور معصوم شہریوں کا قتل عام انتہائی شرمناک اور قابل مذمت ہے، مسئلہ فلسطین کا واحد حل 1967 سے پہلے کی سرحدوں کے مطابق آزاد فلسطینی ریاست کا قیام اور بیت المقدس کو اس کا دارالحکومت بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیلی بربریت فلسطینی عوام کے حق خودارادیت کی تحریک کو نہیں دبا سکتی، پاکستان فلسطینی عوام کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا۔

### بقیہ جات 46

اب کوتاہی، نااہلی اور نالائقی کا سارا ملبہ بشریٰ بی بی پر بھی ڈالنے کی کوشش ہوتی ہے۔ ایکس پر جاری اپنے بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ ساری تحریک کی قیادت اگر ان کے ساتھ گراؤنڈ پر موجود ہوتی تو شاید بروقت بہتر سیاسی فیصلے ہوتے۔ آج انتہائی دکھ کے ساتھ یہ لکھنے پہ مجبور ہوں کہ آج سارے ٹاک شوز پارٹی کی اندرونی لڑائیوں پر ہوئے، شہداء، زخمی، مسنگ ورکرز اور بدقسمتی سے اب تو ہماری لاشیں بھی مسنگ کی فہرست میں شامل ہو گئی ہیں اس پہ کوئی خاص بات نہیں ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کی فیملی خواہ ان کی اہلیہ ہوں یا بہنیں انہیں عمران خان کی سلامتی اور زندگی کی فکر ہے سیاست کی نہیں، اب فیملی کو بار بار اپنی صفائی دینے کی ضرورت نہیں کہ ہم سیاست میں نہیں آرہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا فوکس صرف عمران خان، شہداء اور ورکرز ہونے چاہئیں۔ اللہ شہیدوں کے لواحقین کو صبر دے۔

### بقیہ جات 47

بندی سے جاری بیان کے مطابق ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو اپنی زیر صدارت جناح میڈیکل کمپلیکس منصوبے پر پیش رفت کا جائزہ لینے کیلئے اجلاس میں کیا۔ اجلاس میں اہم عہدیداران بشمول وزیر اعظم کے کوآرڈینیٹر برائے صحت ڈاکٹر ملک مختار احمد بھرتھ، سیکرٹری نیشنل ہیلتھ سروسز پروفیسر خالد سعید اختر، چیئرمین سی ڈی اے اور بوسٹن کنسلٹنٹس کے نمائندوں نے شرکت کی۔ بوسٹن کنسلٹنٹس کی جانب سے بنائے گئے پراجیکٹ کے ماسٹر پلان پر تفصیلی پریزنٹیشن دی گئی جس کے بعد تفصیلی گفتگو ہوئی اور کمیٹی نے منصوبے کی منظوری دی۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال کی جانب سے جدید سہولیات اور تحقیق کے حامل اس ادارے کا نام جناح میڈیکل ریسرچ سینٹر رکھنے کی تجویز پیش کی گئی۔

### بقیہ جات 48

ریسورس مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم ملازمین کا ڈیٹا، حاضری، اور انوینٹری سسٹم کو خودکار بنائے گا، جو اسمبلی کے روزمرہ امور کو جدید خطوط پر استوار کرے گا۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ نے کہا کہ یہ نظام ملازمین کی چھٹیوں، پنشن، اور ترقی کے معاملات کو تیز اور شفاف بنائے گا۔ انہوں نے یقین دلایا کہ پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ اسمبلی کی ضروریات کے مطابق ایک مضبوط اور موثر ہیومن ریسورس مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم فراہم کرے گا۔

### بقیہ جات 49

، اسلام آباد میں 27 نومبر کو پی ٹی آئی کے پرامن مظاہرین پر فائرنگ اور گرفتاریاں حکومت کی بوکھلاہٹ کا ثبوت ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں عالم خان کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان اسمبلی میں بیٹھے 47 فارم والے نام نہاد نمائندوں کے سکرپٹڈ قرارداد سے مرعوب نہیں ہوں گے پوری پاکستانی عوام بانی پی ٹی آئی عمران خان کی پشت پر کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مقتدر قوتوں کا روز اول سے تحریک انصاف کے ساتھ متعصبانہ رویہ رہا ہے عمران خان سمیت دیگر قائدین پر جھوٹے اور بے بنیاد مقدمات بنائے گئے جس کی کوئی مثال نہیں ملتی۔ انہوں نے کہا کہ نام نہاد حکومت نے عوام کو دبانے کیلئے ملک بھر میں درندگی کا بازار گرم کر رکھا ہے اور چادر و چار دیواری کا تقدس پامال کیا جارہا ہے ناجائز کیسز کے باوجود جب عوام نہیں جھکے تو 27 نومبر کو عوام کو فائرنگ کر کے شہید اور زخمی کیا گیا جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔

### بقیہ جات 50

کے مطابق چینی دارالحکومت میں اس وقت ملٹی نیشنل کمپنیوں کے 252 علاقائی ہیڈکوارٹرز اور غیر ملکی امداد پر چلنے والے 149 آر اینڈ ڈی مراکز موجود ہیں۔ بیجنگ میں غیر ملکی امداد پر چلنے والی کمپنیوں کی تنظیم کے سیکرٹری جنرل نے کہا کہ غیر ملکی کمپنیاں چین کی دیرپا ترقی کے امکانات کے حوالے سے پرامید ہیں اور ملک کو سرمایہ کاری کی ترجیحی منزل کے طور پر دیکھتی ہیں۔ بیجنگ کی بلدیاتی حکومت نے کاروباری ماحول مزید بہتر بنانے کے لئے ایک ہزار 500 اصلاحاتی اقدامات کئے ہیں اور گزشتہ کئی برسوں میں کاروباری ماحول کی بہتری کے لئے اپنے ضوابط میں تبدیلیاں کی ہیں۔ یکم جولائی کو غیر ملکی سرمایہ کاری کے حوالے سے بیجنگ کا پہلا خصوصی ضابطہ نافذ ہوا جس سے شہر کی مزید وسعت کے فروغ اور غیر ملکی سرمایہ کاروں کی رغبت میں اضافے کی کوششیں اجاگر ہوتی ہیں۔

### بقیہ جات 51

روڈ پر اینٹی نارکوٹکس فورس کی کارروائی کے دوران 2 ملزمان سے 10 کلو چرس برآمد کی گئی تھی۔

### بقیہ جات 52

ہیں۔ کراچی سے ملتان کی پرواز پی کے 330 اور کراچی سے اسلام آباد کی پرواز پی کے 370 منسوخ کی گئی ہے۔ لاہور سے دبئی کی پی آئی اے کی پرواز پی کے 204 بھی منسوخ کر دی گئی جبکہ مختلف ایئرپورٹس پر آمد اور روانگی کی 30 پروازوں میں تاخیر ہوئی۔

### بقیہ جات 53

علاقے کی حکومت کے ایک ترجمان نے کہا ہے کہ ایک اعلیٰ بین الاقوامی شہر کی حیثیت سے ہانگ کانگ کا دیگر ممالک، خطوں اور متعلقہ بین الاقوامی تنظیموں کے ساتھ باقاعدگی سے قریبی رابطہ ہے۔ اس طرح کے عام تبادلے کو بنیادی قانون اور ہانگ کانگ کے قوانین کے تحت تحفظ حاصل ہے۔ ترجمان نے مزید کہا کہ ہانگ کانگ سیاحوں کے لئے ایک پرکشش مقام بنا ہوا ہے۔ نیا نافذ کردہ تحفظ قومی سلامتی آرڈیننس ہانگ کانگ میں قومی سلامتی کے قانون کے ساتھ ہم آہنگی اور مطابقت رکھتا ہے۔ وہ مل کر قومی سلامتی کے تحفظ کے لئے ایک جامع قانونی نظام اور نفاذ کا طریقہ کار تشکیل دیتے ہیں۔

### بقیہ جات 54

3و8890 اترنے پر عبور ہوا۔ چھنگ دو کا ہوائی مرکز تیان فو اور شوانگ لیو کے 2 بین الاقوامی ہوائی اڈوں کے ساتھ ایک مربوط دوہرے ہوائی اڈے کے نظام کے طور پر کام کرتا ہے جو 5 رن ویز اور مجموعی طور پر 12 لاکھ 10 ہزار مربع میٹر کے ٹرمینل رقبے پر محیط ہے۔ ایک وقت تھا کہ چین کے وسیع مغربی علاقے کمزور ترین بنیادی شہری سہولیات کے حامل تھے۔ اس صدی کے آغاز سے چین کی مسلسل کوششوں کی بدولت ان خطوں میں بنیادی ڈھانچے کی ترقی میں بڑی تبدیلیاں آئی ہیں۔ اکتوبر کے اختتام تک کے اعداد و شمار کے مطابق چھنگ دو 50 بین الاقوامی اور علاقائی مسافر روٹس اور 33 کارگو روٹس چلا رہا ہے جس میں لندن، فرینکفرٹ، روم، لاس اینجلس، دوحہ، دبئی اور سنگاپور کی براہ راست پروازیں بھی شامل ہیں۔

### بقیہ جات 55

ڈیجیٹل خدمات کا حصہ 2029 تک 45 فیصد جبکہ 2035 تک 50 فیصد سے زائد ہو جائے گا۔ رہنما اصول کے مطابق 2035 تک ایک منظم، محفوظ اور موثر ڈیجیٹل تجارتی نظم و نسق نظام مکمل طور پر قائم کر دیا جائے گا جو ادارہ جاتی کھلے پن میں جامع انداز میں بہتر ہوگا۔ دستاویز میں کہا گیا ہے کہ ڈیجیٹل مصنوعات اور ٹیکنالوجیز کی تجارت کو فروغ دینے کے لئے کوششیں کی جائیں گی، ڈیجیٹل خدمات کی تجارت کو بہتر بنایا جائے گا، ڈیجیٹل طور پر منظم تجارت کی معیاری ترقی کو فروغ دیا جائے گا اور ڈیجیٹل تجارت کے اداروں کو فروغ دیا جائے گا۔ ڈیجیٹل تجارت میں ادارہ جاتی کھلا پن وسیع کرنے کے لئے چین مارکیٹ تک رسائی کو آسان بنائے گا اور ڈیجیٹل شعبے میں غیر ملکی سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کرے گا، ٹیلی مواصلات، انٹرنیٹ اور ثقافتی صنعتوں اور دیگر شعبوں میں کھلا پن وسیع پیمانے پر منظم انداز میں ہوگا۔

### بقیہ جات 56

رہائشی اور شہر میں رہائشی اجازت نامے رکھنے والے افراد ہانگ کانگ میں کثیر داخلہ اجازت نامے کی درخواست دینے کے اہل ہوں گے۔ اجازت نامے کا حامل فرد ایک سال میں شہر کا لامحدود سفر کرسکے گا اور ہر قیام کی زیادہ سے زیادہ مدت 7 روز ہوگی۔ یکم جنوری 2025 سے ژوہائی کے مستقل رہائشی مکاؤ کے لئے "ہفتے میں ایک سفر" کے اجازت نامے کی درخواست دے سکیں گے۔ پالیسی کے تحت، وہ ہر کیلنڈر ہفتے میں ایک بار مکاؤ کا دورہ کرسکتے ہیں جس میں وہ ہر دورے میں زیادہ سے زیادہ 7 روز قیام کرسکتے ہیں۔ یکم جنوری، 2025 سے ہینگ چن کے مستقل رہائشی اور رہائشی اجازت نامہ رکھنے والے مکاؤ میں کثیر داخلہ اجازت نامہ کی درخواست دینے کے اہل ہوں گے جس کی مدت ایک سال ہوگی اور وہ ہر دورے میں بلا رکاوٹ زیادہ سے زیادہ 7 روز قیام کر سکتے ہیں۔

### بقیہ جات 57

وانگ شیاؤ ہونگ نے کہا کہ چین انٹرپول کے ساتھ تزویراتی رابطے کو برقرار رکھنے، مشترکہ تعاون کا خاکہ تیار کرنے، ٹیلی کام نیٹ ورک کے ذریعے دھوکہ دہی اور سرحد پار جوا کی روک تھام، انسداد دہشت گردی، مفروروں کو واپس لانے اور اثاثوں کی بازیابی جیسے شعبوں میں عملی تعاون کو مستحکم کرنے، قانون نافذ کرنے والے اداروں کی استعداد کار بڑھانے اور تربیت میں تعاون بڑھانے کا خواہاں ہے۔

### بقیہ جات 58

روز میوہ شاہ مسجد کے قریب نامعلوم مسلح ملزمان کی فائرنگ سے خاتون سمیت 2 افراد جاں بحق ہو گئے، جس میں مقتول شخص کی شناخت عطاء اللہ ولد پیر محمد خان کے نام سے کی گئی، تاہم ابتدائی طور پر مقتولہ خاتون کی شناخت ممکن نہیں ہو سکی تھی۔ بعد ازاں رات گئے مقتولہ کی شناخت رہادیہ عرف شرین دختر محمد گل کے نام سے کی گئی۔ ایس ایچ او نیپیئر کے مطابق مقتولین کا آبائی تعلق باجوڑ ایجنسی سے تھا اور انہوں نے 2 سال قبل پسند کی شادی کی تھی۔ جس کے بعد یہ لاہور اور پھر کراچی منتقل ہوئے۔

### بقیہ جات 59

جھڑپوں کا سلسلہ وقفے وقفے سے جاری ہے۔ ضلع کرم میں فریقین کے درمیان فائرنگ سے مزید 3 افراد جاں بحق ہو گئے جس کے بعد 8 روز سے جاری جھڑپوں میں اموات کی تعداد 110 ہو گئی ہے اور زخمیوں کی تعداد 151 تک جا پہنچی ہے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق پشاور پاراچنار مرکزی شاہراہ 8 روز سے بند ہے جب کہ ڈپٹی کمشنر کرم جاوید اللہ کا کہنا ہے کہ مرکزی شاہراہ بند ہونے سے افغانستان کے ساتھ خرلاچی بارڈر پر تجارت بھی بند ہے۔ حالات کشیدہ ہونے کے باعث انٹرنیٹ اور موبائل فون سروس بھی معطل ہے جس کے باعث عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔

### بقیہ جات 60

بنانے، اور زرعی اور دیہی جدیدیت کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ وائٹ پیپر کے مطابق کمیونسٹ پارٹی آف چائنا کی اٹھارہویں قومی کانگریس کے بعد سے چین کی دیہی سڑکیں ترقی کے ایک نئے مرحلے میں داخل ہوئی ہیں اور دیہی سڑکوں کی کوریج، رسائی کی وسعت، انتظامی سطح، سروس کی صلاحیتوں اور حفاظتی لچک کو نمایاں طور پر بہتر کیا گیا ہے۔ پچھلے دس سالوں میں، چین نے دیہی سڑکوں کی 5.2 ملین کلومیٹر تعمیر نو کی ہے، اور 2023 کے آخر تک دیہی سڑکوں کی کل لمبائی 6.4 ملین کلومیٹر تک پہنچ چکی تھی۔ وائٹ پیپر میں کہا گیا کہ چین نے اپنے قومی حالات سے ہم آہنگ ہو کر دیہی سڑکوں کی ترقی کے راستے کو اپنایا ہے اور اس نے عالمی غربت میں کمی کو چینی حکمت اور چینی حل فراہم کئے ہیں۔ وائٹ پیپر میں اس عزم کا بھی اظہار کیا گیا ہے کہ چین دیہی سڑکوں کے شعبے میں دوسرے ممالک کے ساتھ تبادلے اور تعاون کو مضبوط بنائے گا اور عالمی دیہی سڑکوں اور غربت میں کمی کے لیے حکمت اور طاقت فراہم کرتا رہے گا۔

### بقیہ جات 61

گزشتہ سال کے 26 فیصد سے بڑھ کر 32 فیصد ہو گیا۔ دنیا کی ٹاپ 500 کمپنیوں کی تعداد میں گزشتہ سال کے مقابلے میں 42 فیصد اضافہ ہوا اس ایکسپو میں غیر ملکی نمائش کنندگان میں، امریکی کمپنیوں کی تعداد سب سے زیادہ ہے اور یورپی اور جاپانی کمپنیوں کی تعداد میں بھی نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ غیر ملکی کمپنیوں کے لیے سب سے پہلی چیز جو وہ تلاش کرتے ہیں وہ چینی پلیٹ فارم کے ذریعے لائے گئے تبادلے اور تعاون کے مواقع ہیں۔ اس کے علاوہ غیر ملکی کمپنیاں چین کی جانب سے دنیا کو ایک صنعتی چین میں منسلک کرنے کی صلاحیت کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہیں۔ دنیا کے سب سے بڑے مینوفیکچرنگ اور تجارتی ملک کے طور پر، چین عالمی پیداوار اور سپلائی چین میں ایک اہم کڑی ہے، اس کے ساتھ ہی چین اقوام متحدہ کے معیارات کے تحت سب سے زیادہ مکمل صنعتی زمروں اور معاون سہولیات والا ملک ہے۔ اس تناظر میں غیر ملکی کمپنیوں نے چین میں اپنی سپلائی چین کو وسعت دی ہے۔ ایپل کے سی ای او ٹم کک نے کہا کہ چین کے بغیر اب ایپل کا وجود نہیں ہے، ووکس ویگن گروپ چین کو اپنا "دوسرا آبائی گھر" سمجھتا ہے اور ٹیسلا کی شنگھائی سپر فیکٹری میں پرزوں کی لوکلائزیشن کی شرح 95 فیصد سے تجاوز کر گئی ہے۔ چین نے فعال طور پر ایک کھلی عالمی معیشت کی تعمیر کو فروغ دیا ہے اور پیداوار اور سپلائی چین کے استحکام کو برقرار رکھا ہے جس نے غیر ملکی کاروباری اداروں کے اعتماد کو مضبوط کیا ہے۔

### بقیہ جات 62

جلاس میں ای سی او چارٹر کے حوالے سے پاکستان کے عزم کا اعادہ کریں گے اور ای سی او خطے میں زیادہ سے زیادہ رابطے کے امکانات کو اجاگر کریں گے، وہ اپنے خطاب میں ای سی او خطے کی اقتصادی صلاحیت بڑھانے کے لئے سڑکوں اور ریل نیٹ ورکس کی ترقی، ویزا نظام کو نرم کرنے اور سرحدی طریقہ کار کو آسان بنانے اور پائیدار ترقی کے حصول اور جیو اکانومک استعداد کار کو بڑھانے کے لیے زور دیں گے۔ ترجمان نے کہا کہ نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار مشرق وسطی کی موجودہ صورتحال سے علاقائی امن وسلامتی کو لاحق خطرے کے متعلق پاکستان کے تحفظات کا بھی اعادہ کریں گے۔ نائب وزیر اعظم ای سی او کلین انرجی سنٹر کے چارٹر پر بھی دستخط کریں گے اور ای سی او ممالک کے وزراء سے ملاقاتیں کریں گے۔

### بقیہ جات 63

کہا گیا ہے کہ رجسٹریشن کی تاریخ میں توسیع حکومت کے مقاصد کے حصول میں مددگار ثابت ہوگی۔ واضح رہے کہ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے یکم دسمبر سے غیر رجسٹرڈ وی پی این کو بلاک کرنے کا فیصلہ کر رکھا ہے، وی پی این کا استعمال کسی ایپ کی بندش کے دوران اسے بلا تعطل استعمال کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔ پاکستان میں حالیہ کچھ عرصے کے دوران سیاسی جماعتوں کی جانب سے کیے جانے والے احتجاجی مظاہروں اور مارچ کے دوران انٹرنیٹ کی بندش اور بعض ایپس تک رسائی میں مشکلات کی وجہ سے فری لانسرز، آن لائن کام کرنے والے پروفیشنلز وی پی این استعمال کر کے اپنے خاندانوں کے لیے روزگار کما رہے تھے، تاہم اب پی ٹی اے نے وی پی اینز کی رجسٹریشن لازمی قرار دے دی ہے اور کہا ہے کہ یکم دسمبر کے بعد غیر رجسٹرڈ وی پی اینز کام نہیں کریں گے۔ چیئرمین وائرلیس اینڈ انٹرنیٹ سروس پرووائیڈرز ایسوسی ایشن شہزاد ارشد نے سیکریٹری داخلہ کو لکھے گئے خط میں کہا کہ وی پی اینز کی رجسٹریشن کے عمل سے متعلق شہریوں کو آگاہی دینے کی ضرورت ہے۔ ایسوسی ایشن وی پی اینز کو ریگولیٹ کرنے کی حکومتی کوششوں کی تعریف کرتی ہے، تاہم وی پی اینز کی رجسٹریشن کا عمل آسان کرنے سے شہریوں، فری لانسرز اور بزنس کمیونٹی کو سہولت میسر آئے گی۔ وائرلیس اینڈ انٹرنیٹ سروس پرووائیڈرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین کے خط میں مزید کہا گیا ہے کہ پہلے سے جاری عمل میں حساس معلومات سے متعلق خدشات دور ہوئے ہیں، اب فری لانسرز اور شہریوں نے وی پی این کی رجسٹریشن کا عمل شروع کر دیا ہے۔ ایسوسی ایشن اپنے ممبران کو وی پی اینز کے استعمال کا محفوظ راستہ اپنانے کی ترغیب دے رہی ہے۔

### بقیہ جات 64

7.5 فیصد کا اضافہ ہوا۔ اکتوبر میں چین کے لاجسٹکس کے اضافے کی رفتار جون سے کافی بہتر رہی جس سے لاجسٹکس کا بہتر رجحان ظاہر ہوتا ہے۔ صنعتی مصنوعات کی لاجسٹکس کے حجم میں مستحکم اضافہ ہو رہا ہے جبکہ 80 فیصد سے زیادہ علاقوں اور شعبوں کی لاجسٹکس کے حجم میں اضافہ ہوا۔ صارفین کی لاجسٹکس کے حوالے سے کھپت کی صلاحیت کی بہتری نے اداروں اور شہریوں کے سامان کی لاجسٹکس کو نمایاں تقویت دی ہے۔

### ضیاالدین انصاری

# حکومت جمہوری نظام کا گلا دبانے کی کوشش کر رہی ہے

## موجودہ سیاسی بحران اور چپقلش ملک وقوم کی خوشحالی اور ترقی کی راہ میں بڑی رکاوٹ ہے

### پاکستان کی معیشت، سیاست اور امن و امان کی خراب صورتحال ملکی سلامتی کیلئے خطرہ بن سکتی ہے، امیر جماعت اسلامی لاہور

لاہور (خبرنگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ حکومت ظلم وجبر کی روش کو اپنا کر جمہوری نظام کا گلا دبانے کی کوشش کررہی ہے۔ جمہوری نظام کی بحالی اور امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنے کیلئے سیاسی جماعتیں مذاکرات کا راستہ اپنائیں۔ ملک میں موجودہ سیاسی بحران اور چپقلش ملک وقوم کی خوشحالی اور ترقی کی راہ میں بڑی رکاوٹ ہے۔ اسلام آباد میں ظالمانہ طریقے سے عوام کے آئینی وجمہوری حق کو کچلنے، آزادی اظہار رائے پر پابندی لگانے، صحافیوں کے اغوا اور بعد میں انہیں جھوٹے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35

### صوبائی وزیر صحت

# وزیراعلیٰ کارڈیالوجی ہسپتالوں میں واضح بہتری لانا چاہتی ہیں

## وزیراعلیٰ پنجاب کے کارڈیک پروگرام کو انشاءاللہ کامیاب بنائیں گے' وزیرصحت کی زیرصدارت اجلاس

### کارڈیووسکولر بیماریوں کا شکار مریضوں کو جدید علاج ومعالجہ کی سہولیات فراہم کرنے کیلئے ماہرین کی مختلف تجاویز کا بھی جائزہ لیا جارہا ہے

لاہور (خبرنگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیرصدارت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں سٹیئرنگ/ایڈوائزری کمیٹی برائے کارڈیو وسکولر ڈیزیز کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری صحت پنجاب عظمت محمود نے شرکت کی۔ اجلاس میں چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز پی آئی سی پروفیسر فرقد عالمگیر، انمول کینسر ہسپتال لاہور سے پروفیسر محمد نمیر یونس، وائس چانسلر یونیورسٹی آف چائلڈ ہیلتھ سائنسز پروفیسر مسعود صادق اور پروفیسر زبیر اکرم شامل تھے۔ اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری ڈویلپمنٹ ڈاکٹر وحید اصغر،

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34

لاہور، پولیس اہلکار شملہ پہاڑی چوک میں نماز جمعہ کی ادائیگی کے موقع پر الرٹ کھڑا ہے

## پاکستان کے خلاف منظم سازشیں ہورہی ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

### غیرمتوازن ترقی کو لیکر ریاست کے خلاف نوجوانوں کی ذہن سازی کی جارہی ہے

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ پاکستان کے خلاف منظم سازشیں ہورہی ہیں، غیرمتوازن ترقی کو لیکر ریاست کے خلاف نوجوانوں کی ذہن سازی کی جارہی ہے نوجوان جھوٹے پروپیگنڈوں کو اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹس سمیت عملی اقدامات کے ذریعے مسترد کردیں، نوجوانوں کی مدد سے دہشت گردی کا مقابلہ کریں گے اپنے تعلیمی ادارے ویران ہونے نہیں دیں گے۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کو گورنمنٹ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37

## سموگ تدارک کیس، تعمیرات پر پابندی برقرار، ورک فرام ہوم پالیسی بنانے کا حکم

### جب تک ڈپٹی کمشنرز کے تبادلے نہیں کریں گے معاملات درست نہیں ہوں گے' لاہور ہائیکورٹ

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سموگ تدارک کیس میں تعمیرات پر پابندی برقرار رکھنے اور سکولوں، دفاتر کے لیے ورک فرام ہوم پالیسی بنانے کے احکامات جاری کردیئے۔ لاہور ہائیکورٹ میں سموگ تدارک کیس کی سماعت ہوئی، ممبر کمیشن نے عدالت کو بتایا کہ ٹاؤن شپ میں الیکٹرک بسوں کے ڈپو بنانے کے لیے درخت کاٹے گئے ہیں، اطلاعات ہیں یہ تمام درخت کاٹ کر ٹمبر مارکیٹ میں فروخت کیے جاتے ہیں۔ عدالت نے کہا کہ تحقیقات ہونی چاہیے کہ کاٹے گئے درخت کہاں جاتے ہیں، اگر درخت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38

## چینی واٹر سیونگ سہولیات پاکستان میں اہم کردار ادا کریں گی

بیجنگ (این این آئی) زرعی پانی کی بچت آبپاشی کے پورے صنعتی سلسلے کے پینورامک حل مختلف خطوں اور آب وہوا کی زرعی ضروریات کو منظم طریقے سے پورا کرسکتے ہیں۔ پاکستان کے علاوہ ہم نے آسیان ممالک میں بھی ہدفی حل فراہم کیے ہیں۔ بشمول انڈونیشیا، ملائیشیا، ویتنام، نیز وسطی ایشیا، افریقہ اور جہاں تک جنوب امریکہ "، چینی پانی کی بچت کی صنعت کے رکن ہیں، ان خیالات کا اظہار تیانجن دیوا ایریگیشن گروپ کمپنی، لمیٹڈ کے ایک عہدیدار نے جاری دوسری چائنا انٹرنیشنل سپلائی چین ایکسپو (سی آئی ایس سی ای) میں چائنا اکنامک نیٹ کو انٹرویو میں کیا۔

## گوشوارے جمع نہ کروانے پر چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر و جنرل سیکرٹری عمر ایوب کو نوٹس جاری

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے گوشوارے جمع نہ کروانے پر بیرسٹر گوہر خان اور عمر ایوب کو نوٹس جاری کرکے طلب کرلیا۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری کردہ نوٹس کے مطابق پی ٹی آئی رہنماؤں کو 4 دسمبر کو صبح 10 بجے طلب کیا گیا ہے۔ یاد رہے کہ اس سے قبل بھی الیکشن کمیشن نے چیئرمین پی ٹی آئی اور جنرل سیکریٹری کو نوٹس جاری کیے تھے جن کے مطابق ان دونوں کو 26 نومبر کو طلب کیا گیا تھا۔ الیکشن کمیشن نے پی ٹی آئی سے مالی سال 24-2023ء کے لیے پارٹی اکاؤنٹس کی تفصیلات طلب کی تھیں۔

## اوورسیز پاکستانی کمیشن پنجاب بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کا اپنا دفتر ہے' بیرسٹر امجد ملک

### بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو ایک ہی جگہ پر مختلف خدمات فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے

لاہور (این این آئی) وائس چیئرپرسن اوورسیز پاکستانی کمیشن پنجاب بیرسٹر امجد ملک نے کہا ہے کہ اوورسیز پاکستانی کمیشن پنجاب بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کا اپنا دفتر ہے، سمندر پار پاکستانیوں کے لئے اس دفتر کے دروازے ہر وقت کھلے ہیں، اس دفتر کا مقصد پنجاب حکومت اور بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے درمیان روابط کو مزید مستحکم بنانا ہے اوران کے مختلف مسائل کے حل کے لئے آسان اور موثر طریقے فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40

## پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل کا بھی ڈینٹل ڈگری کو 5 سالہ کرنے کا فیصلہ

### سال کی ڈگری کی وجہ سے پاکستانیوں کو بیرون ملک تعلیم اورنوکریوں کے حصول میں مشکلات تھیں' ترجمان

لاہور (این این آئی) پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل نے بھی ڈینٹل کی ڈگری کو 5 سالہ کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل نے اس سلسلے میں تمام یونیورسٹیوں کو احکامات جاری کردیئے۔ ترجمان پی ایم ڈی سی کے مطابق ہائر ایجوکیشن کمیشن نے پہلے ہی بی ڈی ایس کی ڈگری 5 سال کی کردی ہے اور اب کونسل نے پاکستان کی تمام میڈیکل یونیورسٹیوں کو مراسلہ جاری کردیا ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ 4 سال کی ڈگری کی وجہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39

لاہور، ایگزیکٹو ڈائریکٹر الحمرا سارہ رشید سے اداکار افتخار ٹھاکر ملاقات کررہے ہیں

## رنگ روڈ پراجیکٹ کے فلائی اوورز پر گرڈر لانچنگ کا آغاز ہوگیا ہے، ترجمان آرڈی اے

راولپنڈی (این این آئی) رنگ روڈ پراجیکٹ کے فلائی اوورز پر گرڈر لانچنگ کا آغاز ہوگیا ہے۔ ترجمان آرڈی اے کے مطابق رنگ روڈ پراجیکٹ راولپنڈی میں ٹریفک کی روانی اور بھیڑ کو کم کرنے کے لیے اہم اقدام ہے، رنگ روڈ منصوبہ کی بروقت اور موثر تکمیل کے لیے ڈی جی آرڈی اے کی اداروں کو ہدایات جاری کی گئیں۔ ڈی جی آرڈی اے کنزہ مرتضیٰ کے مطابق رنگ روڈ منصوبہ طے شدہ وقت میں مکمل کیا جائے گا، رنگ روڈ منصوبے میں کام کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ کنزہ مرتضیٰ نے کہا کہ عوام الناس کی حفاظت اور سہولت کے لیے فلائی اوور کو اعلیٰ معیار کے مطابق بنایا جارہا ہے۔

## حکومت ظلم کرکے ہار گئی، پی ٹی آئی ظلم برداشت کرکے جیت گئی' رانا جاوید عمر

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما رانا جاوید عمر نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی اس وقت پاکستان کی نمائندہ جماعت ہے اور بانی پی ٹی آئی عمران خان کو پاکستان کی سیاست سے مائنس نہیں کیا جاسکتا، بانی پی ٹی آئی ایک حقیقت ہیں ان کو تسلیم کرکے آگے چلیں۔ انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ سانحہ ڈی چوک کو قومی اور بین الاقوامی دونوں فورم پر اٹھایا جارہا ہے، حقیقی آزادی کی خاطر قربانی دینے والوں کے خون کا پورا پورا حساب لیا جائے گا۔

Specialized Healthcare & Medical Education Department

لاہور، وزیرصحت خواجہ سلمان رفیق ہیلتھ ایڈوائزری برائے کارڈیووسکولر ڈیزیز کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

## لاہور سمیت صوبہ بھر کے سرکاری سکولوں میں جعلی ایزولمنٹ کا انکشاف

### سیکرٹری سکولز ایجوکیشن پنجاب خالد نذیر وٹو نے مانیٹرنگ کی ہدایت کردی

لاہور (این این آئی) لاہور سمیت صوبہ بھر کے سرکاری سکولوں میں جعلی ایزولمنٹ کا انکشاف ہوا ہے۔ سیکرٹری سکولز ایجوکیشن پنجاب خالد نذیر وٹو نے مانیٹرنگ کی ہدایت کردی، اے ای اوز کے ذریعہ طلبہ کی اطلاع کردہ تعداد کم ہوئی تو سخت کارروائی ہوگی۔ اس ضمن میں تمام اضلاع کے سی ای اوز کو ذاتی طور پر پانچ سکولوں کا دورہ کرنے کا حکم دے دیا گیا، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر اور ڈی ای او ایلیمنٹری بھی 5،5 سکول وزٹ کریں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41

## پنجاب کی جیلوں میں ماہرین نفسیات تعینات

### ہر جیل میں ذہنی صحت مرکز قائم کیا جائے گا، قیدیوں کی ذہنی صحت کی جانچ، تشخیص اور مشاورت ہوگی

لاہور (این این آئی) محکمہ داخلہ پنجاب نے قیدیوں کی فلاح کیلئے پنجاب بھر کی جیلوں میں سائیکالوجسٹ تعینات کردیئے، ہر جیل میں ذہنی صحت مرکز قائم کیا جائیگا جہاں قیدیوں کی ذہنی صحت کی جانچ، تشخیص اور مشاورت ہوگی، تمام جیلوں میں یونیفارم پالیسی کے تحت کارکردگی جانچنے کیلئے ایس او پیز جاری کردیئے گئے۔ ایس او پیز کے مطابق جیل آمد کے 24 گھنٹوں میں سائیکالوجسٹ ہر قیدی کا معائنہ کریگا، جیل سائیکالوجسٹ ہر قیدی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42

## فیملی کو عمران خان کی زندگی کی فکر ہے' مسرت چیمہ

### کوتاہی، نااہلی، نالائقی کا سارا ملبہ بشریٰ بی بی پر بھی ڈالنے کی کوشش ہوتی ہے

### عمران خان کی بہنیں بھائی کی رہائی کیلئے جدوجہد کررہی ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ موجودہ پارٹی قیادت خدا کا خوف کرے ان میں اتنا عدم تحفظ کیوں ہے، اگر عمران خان کی بہنیں اپنے بھائی کی رہائی کے لئے جدوجہد کرتی ہیں اور موجودہ قیادت کی نالائقی کی نشاندہی کرتی ہیں تو انہیں ہدف بنایا جاتا ہے کہ وہ سیاست کررہی ہیں،

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46

## پاکستان کے عوام اور پارلیمان اپنے فلسطینی بھائیوں کے شانہ بشانہ ہیں، سردار ایاز صادق

### اسرائیلی بربریت فلسطینی عوام کے حق خودارادیت کی تحریک کو نہیں دبا سکتی

### پاکستان فلسطینی عوام کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا، بیان

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے فلسطینی عوام سے مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کے عوام اور پارلیمان اپنے فلسطینی بھائیوں کے ساتھ کھڑے ہیں اور ان کے حق خودارادیت کی حمایت کرتے ہیں، اسرائیل فلسطینیوں کی نسل کشی کررہا ہے۔ عالمی یوم یکجہتی فلسطین کے موقع پر اپنے پیغام میں سردار ایاز

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45

## محکمہ داخلہ پنجاب نے قیدیوں کی فلاح کیلئے ماہرین نفسیات کے ایس او پیز جاری کردیئے

### پنجاب کی تمام جیلوں میں ذہنی صحت مراکز کا قیام، قیدیوں کی ذہنی صحت کی جانچ، تشخیص اور مشاورت جاری

### قیدیوں میں ذہنی تناؤ، خودکشی کے رجحانات، منشیات کی عادت اور نفسیاتی مسائل کے حل کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں گے' ترجمان

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر صوبہ بھر کی جیلوں میں ریفارمز کا سلسلہ جاری ہے، حالیہ پیش رفت کے مطابق محکمہ داخلہ پنجاب نے قیدیوں کی فلاح کیلئے جیل میں تعینات ماہرین نفسیات کے ایس او پیز جاری کردیئے ہیں۔ پنجاب بھر کی جیلوں میں سینئر اور جونیئر سائیکالوجسٹ تعینات کیے گئے ہیں۔ پریزن

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44

## فلسطینیوں کی جدوجہد ایک دن ضرور کامیاب ہوگی' سارہ احمد

### عالمی برادری معصوم فلسطینی بچوں، خواتین کے قتل عام کو روکنے کے لیے فوری اور موثر اقدامات کرے

### ہم اسرائیلی مظالم کا شکار فلسطینی بھائیوں اور بہنوں سے اظہار یکجہتی کرتے ہیں

لاہور (این این آئی) چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن بیورو سارہ احمد نے فلسطین سے اظہار یکجہتی کے عالمی دن کے موقع پر ایک خصوصی پیغام جاری کیا ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ ہم اسرائیلی مظالم کا شکار فلسطینی بھائیوں اور بہنوں سے اظہار یکجہتی کرتے ہیں۔ عالمی برادری کو چاہیے کہ وہ معصوم فلسطینی بچوں اور خواتین کے قتل عام کو روکنے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43

پشاور، ڈائریکٹوریٹ آف سپورٹس کے زیراہتمام وینٹیج کلاسک آٹو موٹو شو میں شریک گاڑی

## جناح میڈیکل کمپلیکس میں صحت کی دیکھ بھال اور تحقیق کے بہترین معیارات قائم کیے جائیں گے، احسن اقبال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی اور خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ جناح میڈیکل کمپلیکس میں صحت کی دیکھ بھال اور تحقیق کے بہترین معیارات قائم کیے جائیں گے۔ وزارت منصوبہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47

## پنجاب اسمبلی اور پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے درمیان معاہدہ

### اسمبلی ملازمین کے لئے جدید ہیومن ریسورس مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم کے نفاذ کے لیے معاہدے پر دستخط کیے گئے

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی اور پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے درمیان اسمبلی ملازمین کے لئے جدید ہیومن ریسورس مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم کے نفاذ کے لیے معاہدے پر دستخط ہوئے۔ اس معاہدے کے تحت اسمبلی میں شفافیت، کارکردگی، اور انتظامی امور میں انقلابی تبدیلیاں لائی جائیں گی۔ سیکرٹری جنرل پنجاب اسمبلی چودھری عامر حبیب نے پنجاب اسمبلی اور چیئرمین پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ نے معاہدے پر دستخط کئے۔ اس موقع پر سیکرٹری جنرل پنجاب اسمبلی چودھری عامر حبیب نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے اسمبلی کی خدمات کی فراہمی میں نمایاں بہتری آئے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہیومن

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48

## بلوچستان اسمبلی میں پی ٹی آئی پر پابندی سے متعلق قرارداد کو مسترد کرتے ہیں، عالم خان کاکڑ

کوئٹہ (این این آئی) تحریک انصاف بلوچستان کے سابق ایڈیشنل جنرل سیکرٹری عالم خان کاکڑ نے بلوچستان اسمبلی میں پی ٹی آئی پر پابندی سے متعلق قرارداد کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان اسمبلی کی حیثیت ربڑ سٹیمپ سے بڑھ کر کچھ نہیں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49

صوبائی وزیر برائے اقلیتی امورر میش سنگھ اروڑہ سے بورڈ آف ریونیو کے نمائندے ملاقات کررہے ہیں

# صوبائی وزیر رمیش سنگھ اروڑہ کی بورڈ آف ریونیو کے نمائندگان سے ملاقات

### ملاقات میں مذہبی اقلیتی ممبران پنجاب اسمبلی بھی موجود، مذہبی اقلیتوں کی اراضی کے تحفظ بارے تفصیلی بات چیت

### ملاقات کا مقصد وزارت اور محکمے کے درمیان تعاون کو فروغ دینا تھا تاکہ اقلیتوں کو اپنے حقوق کے بارے میں آگاہی دی جاسکے

لاہور (خبرنگار) صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ نے بورڈ آف ریونیو کے نمائندوں سے ایک اہم ملاقات کی، جس میں پنجاب میں اقلیتوں کے لیے اراضی کے حقوق کے تحفظ کے حوالے سے اہم اقدامات پر بات چیت کی گئی۔ اس ملاقات کا مقصد وزارت اور محکمے کے درمیان تعاون کو فروغ دینا تھا تاکہ اقلیتوں کو اپنے حقوق کے بارے میں آگاہی دی جاسکے اور اراضی کی ملکیت کے حوالے سے ان کی رہنمائی کی جاسکے۔ ملاقات میں سابق صوبائی وزیر اعجاز عالم آگسٹین، ممبران صوبائی اسمبلی (ایم پی اے)

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36

PAKISTAN PEOPLES PARTY
CENTRAL PUNJAB
پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب
twitter.com/PPPPunjab_SM
facebook.com/PPPCPSMT

لاہور، پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے جنرل سیکرٹری سید حسن مرتضیٰ پریس کانفرنس کررہے ہیں

## پی ٹی آئی کے لوگوں کو قومی دھارے میں لانے کے لئے حکومت کو پہل کرنی چاہیے' حسن مرتضیٰ

### اسلام آباد میں جو ہوا ٹھیک نہیں تھا مگر قوم کو فتنے سے جان چھڑانا ضروری تھی، پی ٹی آئی پر پابندی کے حق میں نہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے جنرل سیکرٹری سید حسن مرتضیٰ نے کہا ہے کہ تحریک انصاف کے لوگوں کو قومی دھارے میں لانے کے لئے حکومت کو پہل کرنی چاہیے، ہم پی ٹی آئی پر پابندی یا اسے دیوار سے لگانے کے حق میں نہیں، ہمارے ساتھ پی ٹی آئی پر پابندی کی بات نہیں کی، جب وہ رابطہ کرینگے تو سارے سیاق و سباق کیساتھ فیصلہ کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیپلز سیکرٹیریٹ ماڈل ٹاؤن میں فیصل میر، حاجی عزیز الرحمن چن، امان اللہ سندھو، وزیر اعوان، راو خالد، ذیشان شامی کیساتھ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ حسن مرتضیٰ نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی 3 دہائیوں سے کردارکشی کی جارہی ہے مگر آج دیگر جماعتوں کے لوگ پیپلز پارٹی میں شامل ہورہے ہیں۔ سابق صدر ڈسٹرکٹ بار حافظ آباد اور صدر ڈسٹرکٹ پی ٹی آئی امان اللہ سندھو کی پیپلز پارٹی میں شمولیت کا بھرپور خیرمقدم کرتے ہیں۔ اس موقع پر انہوں نے امان اللہ سندھو کو پارٹی مفلر بھی پہنایا۔ حسن مرتضیٰ نے کہا کہ مستقبل صرف بلاول بھٹو کا ہے۔ پیپلز پارٹی ہی تمام بحرانوں سے ملک کو نکال سکتی ہے۔

## کراچی: رینجرز و کسٹم حکام کی کارروائیاں، 9 ملزمان گرفتار، کروڑوں کا سامان برآمد

### کپڑا، سگریٹ، ایرانی ڈیزل، الیکٹرک آئٹمز، انجن آئل، کاسمیٹکس، واشنگ پاؤڈر، چھالیہ، لیپ ٹاپ، خشک دودھ اور چاکلیٹ شامل

کراچی (این این آئی) کراچی میں رینجرز اور کسٹم حکام نے مختلف مقامات پر مشترکہ کارروائیاں کرتے ہوئے 9 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان رینجرز کے مطابق کارروائیوں کے دوران کروڑوں روپے مالیت کی نان کسٹم پیڈ اشیاء برآمد کی گئیں۔ رینجرز کے ترجمان نے بتایا ہے کہ برامد ہونے والے سامان میں کپڑا، سگریٹ، ایرانی ڈیزل، الیکٹرک آئٹمز، انجن آئل، کاسمیٹکس، واشنگ پاؤڈر، چھالیہ، لیپ ٹاپ، خشک دودھ اور چاکلیٹ شامل ہیں۔

راولپنڈی، محکمہ صحت کی نااہلی کے باعث سٹی صدر روڈ کے فٹ پاتھ پر بیٹھے عطائی ڈاکٹر شہریوں کو دانت لگا رہے ہیں

## چین کے شہر چھنگ دو میں سالانہ ریکارڈ 8 کروڑ مسافروں کی آمدورفت

### چھنگ دو شنگھائی اور بیجنگ کے بعد سالانہ 8 کروڑ مسافر سنبھالنے والا چینی مین لینڈ کا تیسرا شہر بن گیا

چھنگ دو (شنہوا) چین کے جنوب مغربی صوبے سیچھوان میں واقع چھنگ دو شنگھائی اور بیجنگ کے بعد سالانہ 8 کروڑ مسافر سنبھالنے والا چینی مین لینڈ کا تیسرا شہر بن گیا ہے۔ صوبائی ایئرپورٹ انتظامیہ سیچھوان پروونس ایئرپورٹ گروپ کمپنی لمیٹڈ کے مطابق یہ سنگ میل جمعرات کو شوانگ لیو بین الاقوامی ہوائی اڈے پر سیچھوان ایئرلائنز کی پرواز

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54

## چین ڈیجیٹل تجارت میں اصلاحات اور اختراعی ترقی کا خواہش مند

### رہنما اصول کے مطابق 2035 تک ایک منظم، محفوظ اور مؤثر ڈیجیٹل تجارتی نظم ونسق نظام مکمل طور پر قائم کردیا جائے گا

بیجنگ (شنہوا) چینی حکام نے ڈیجیٹل تجارت میں توسیع کے لئے اہداف پر مشتمل اقدامات کا اعلان کیا ہے جبکہ چین شعبے میں اصلاحات اور اختراعی ترقی کو فروغ دینے کی کوشش کررہا ہے۔ کمیونسٹ پارٹی آف چائنہ کی مرکزی کمیٹی اور ریاستی کونسل کے جنرل دفاتر سے جاری کردہ رہنما اصول کے مطابق چین توقع کررہا ہے کہ خدمات کی مجموعی تجارت میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55

## چین اور انٹرپول کا قانون نافذ کرنے والے اداروں میں تعاون بڑھانے کا عزم

### کی دیرینہ حمایت پر اظہار تشکر کرتے ہوئے الرئیسی نے ایک چین کے اصول پر انٹرپول کے پختہ عزم کا اعادہ کیا

لیون (شنہوا) چین کے سٹیٹ قونصلر اور پبلک سکیورٹی کے وزیر وانگ شیاؤ ہونگ نے لیون میں انٹرنیشنل کریمنل پولیس آرگنائزیشن (انٹرپول) کے صدر احمد ناصر الرئیسی سے ملاقات کی، جس میں فریقین نے قانون نافذ کرنے والے اداروں میں تعاون بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا۔ قانون کے نفاذ کے کثیر جہتی لائحہ عمل میں انٹرپول کی قیادت کے لئے چین کی حمایت کی تائید کرتے ہوئے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57

LITERATURE FESTIVAL
2nd Edition

پشاور، مشیر خزانہ کے پی کے مزمل اسلم کو شہید بے نظیر بھٹو ویمن یونیورسٹی میں منعقدہ تقریب کے دوران شیلڈ پیش کی جارہی ہے

## بیجنگ میں ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ مراکز کے اخراجات میں جنوری سے اگست کے عرصے میں اضافہ

بیجنگ (شنہوا) بیجنگ میں غیرملکی امداد پر چلنے والے 121 بڑے تحقیقی وترقی مراکز (آر اینڈ ڈی) نے 2024 کے پہلے 8 ماہ میں مجموعی طور پر 13 ارب 77 کروڑ یوآن (تقریباً ایک ارب 92 کروڑ امریکی ڈالر) کی سرمایہ کاری کی جو گزشتہ سال سے 29.9 فیصد زائد ہے۔ بلدیاتی حکومت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50

## سفری ہدایت نامہ کی آڑ میں ہانگ کانگ کو بدنام کرنے کا امریکی اقدام بے نقاب

ہانگ کانگ (شنہوا) چین کے ہانگ کانگ خصوصی انتظامی علاقے (ایچ کے ایس اے آر) کی حکومت نے امریکہ کے نام نہاد سفری ہدایت نامہ کی سخت مخالفت اور مذمت کی ہے، جو ایک بار پھر عوام کو الجھن میں ڈال رہی ہے اور ایچ کے ایس اے آر کو بدنام کررہی ہے۔ ہانگ کانگ خصوصی انتظامی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53

## چین نے مخصوص شہروں کے لئے ہانگ کانگ، مکاؤ کے کثیر داخلہ اجازت ناموں میں توسیع کردی

بیجنگ (شنہوا) چین کی مرکزی حکومت نے نئی سفری پالیسیوں کی منظوری دیدی ہے جس کے تحت شین زین، ژوہائی اور ہینگ چھن میں گوانگ ڈونگ۔ مکاؤ وسیع تر تعاون زون کے رہائشیوں کو ہانگ کانگ اور مکاؤ کے مزید مسلسل سفر کی اجازت دیدی گئی ہے۔ ایگزٹ اینڈ انٹری ایڈمنسٹریشن کے مطابق یکم دسمبر 2024 سے شین زین کے مستقل

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56

## چین نے بعض امریکی مصنوعات پر ٹیکس استثنیٰ میں توسیع کردی

بیجنگ (شنہوا) ریاستی کونسل کے کسٹمز ٹیرف کمیشن نے کہا ہے کہ چین میں بعض امریکی مصنوعات پر اضافی ٹیکس استثنیٰ اگلے سال فروری کے اختتام تک برقرار رہے گا۔ اپریل میں جاری ہونے والے ایک بیان کے مطابق امریکہ کی ان اشیاء کو امریکی دفعہ 301 کے اقدامات کے جوابی ٹیکس اقدامات سے 30 نومبر 2024 تک باہر رکھا گیا تھا۔ کمیشن نے جمعہ کے روز ایک بیان میں کہا کہ توسیع کے بعد استثنیٰ 28 فروری 2025 تک برقرار رہے گا۔

## کوئٹہ اور پشین میں کارروائیاں، 196 کلو چرس برآمد

### کچلاک روڈ پر گاڑی سے 20 کلو چرس برآمد کرکے 4 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا ہے' ترجمان اے این ایف

کچلاک (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے کوئٹہ اور کچلاک میں کارروائیاں کی ہیں۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق کچلاک روڈ پر گاڑی سے 20 کلو چرس برآمد کرکے 4 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ دوسری جانب پشین کے علاقے سرانان میں بھی ایک مکان سے 176 کلو چرس برآمد کی گئی۔ کوئٹہ میں گزشتہ روز سریاب

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51

## کراچی سے لاہور، کوئٹہ، ملتان اور اسلام آباد کی 7 پروازیں منسوخ

### لاہور سے دبئی کی پی آئی اے کی پرواز پی کے 204 بھی منسوخ' آمد اور روانگی کی 30 پروازوں میں تاخیر

کراچی (این این آئی) آپریشنل مسائل کے باعث گزشتہ روز کراچی سے لاہور، کوئٹہ، ملتان اور اسلام آباد کی 7 پروازیں منسوخ کردی گئیں۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق پی آئی اے کی کراچی سے لاہور کی 2 پروازیں پی کے 303، 341 منسوخ کردی گئیں۔ کراچی سے کوئٹہ کی 2 پروازیں پی کے 310، 311 منسوخ کی گئی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52

## بلوچستان کے ضلع پشین سے قبائلی رہنما حاجی قاسم پانیزئی اغواء

### قبائلیوں نے خانوزئی کراس پر این 50 ہائی وے کو بند کردیا، پنجاب اور خیبرپختونخوا کے درمیان آمدورفت معطل

پشین (این این آئی) بلوچستان کے ضلع پشین سے قبائلی رہنما حاجی قاسم پانیزئی کو اغواء کرلیا گیا۔ قبائلیوں نے خانوزئی کراس پر این 50 ہائی وے کو بند کردیا، جس سے بلوچستان سے پنجاب اور خیبر پختونخوا کے درمیان آمدورفت معطل ہوگئی۔ لیویز حکام کا کہنا ہے کہ قبائلی رہنما کے اغواء کے واقعے کی تحقیقات کررہے ہیں۔

## کراچی، نیپیئر میں فائرنگ سے خاتون اور مرد جاں بحق

### دونوں کا تعلق باجوڑ ایجنسی سے تھا اور کراچی میں گھر والوں سے چھپ کر رہ رہے تھے' پولیس حکام

کراچی (این این آئی) کراچی میں نیپیر روڈ پر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے خاتون اور مرد جاں بحق ہوگئے، دونوں کا تعلق باجوڑ ایجنسی سے تھا اور کراچی میں گھر والوں سے چھپ کر رہ رہے تھے۔ پولیس حکام کے مطابق نیپر روڈ پر میوہ شاہ مسجد کے قریب فائرنگ سے ایک خاتون اور ایک مرد شدید زخمی ہوئے اور اسپتال منتقلی کے دوران راستے میں ہی ہلاک ہوگئے۔

## پسند کی شادی پر باجوڑ سے علاقہ بدر کیے گئے میاں بیوی کراچی میں قتل

### مقتولین لیاری میں کرایے پر رہتے تھے، شاپنگ مال سے واپسی پر نامعلوم مسلح افراد نے گولیوں کا نشانہ بنادیا

کراچی (این این آئی) پسند کی شادی پر جرگے کے ذریعے باجوڑ سے علاقہ بدر کیے گئے میاں بیوی کو کراچی میں قتل کردیا گیا۔ اولڈ سٹی ایریا نیپیئر تھانے کے علاقے میں فائرنگ کرکے قتل کیے جانے والے خاتون اور مرد کی شناخت میاں بیوی کے طور پر ہوگئی۔ پولیس کے مطابق مقتولین کو پسند کی شادی کرنے پر فائرنگ کرکے قتل کیا گیا۔ جمعرات کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58

| | |
|---|---|
| چیف ایڈیٹر | میاں محمد فیاض |
| مینجنگ ایڈیٹر | صدف الطاف چوہدری |
| سینئر گروپ ایڈیٹر | ڈاکٹر محمد احسن محمود |
| ایڈیٹر | امداداللہ قریشی |
| سینئر ڈپٹی ایڈیٹر | چوہدری عمران شوکت |
| ڈپٹی ایڈیٹر | محمد شہروز میاں |
| لیگل ایڈوائزر | وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ |

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 اباسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

## وی پی این، رجسٹریشن کی تاریخ میں توسیع کی جائے، انٹرنیٹ سروس پرووائیڈرز کا مطالبہ

اسلام آباد (این این آئی) وائرلیس اینڈ انٹرنیٹ سروس پرووائیڈرز ایسوسی ایشن نے وی پی اینز کی رجسٹریشن کی تاریخ میں توسیع کا مطالبہ کیا ہے۔ چیئرمین وائرلیس اینڈ انٹرنیٹ سروس پرووائیڈرز ایسوسی ایشن شہزاد ارشد نے سیکرٹری داخلہ کو اس حوالے سے خط ارسال کیا ہے، جس میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 63

## ہنگو، نقل مکانی کرنیوالے کرم متاثرین کیلئے خیمہ بستی قائم

ہنگو (این این آئی) ہنگو میں نقل مکانی کرنے والے کرم متاثرین کے لیے خیمہ بستی قائم کردی گئی۔ یہ خیمہ بستی ہلال احمر پاکستان کی جانب سے ٹل ڈگری کالج میں قائم کی گئی ہے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق کرم متاثرین کے لیے 40 خیمے اور کالج کے کمروں میں سہولتیں فراہم کردی گئی ہیں۔ ضلعی انتظامیہ نے بتایا کہ کرم متاثرین میں کچن سیٹ، کمبل اور دیگر سامان تقسیم کیا گیا۔

## نائب وزیراعظم اسحاق ڈار 2، 3 دسمبر کو ایران میں ای سی او کی وزرا کونسل کے اجلاس میں شرکت کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار 2 اور 3 دسمبر کو اقتصادی تعاون تنظیم (ای سی او) کی وزرا کونسل کے 28 ویں اجلاس میں شرکت کے لیے مشہد ایران کا دورہ کریں گے۔ یہ بات ترجمان دفتر خارجہ ممتاز زہرہ بلوچ نے جمعہ کو یہاں ہفتہ وار پریس بریفنگ کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ نائب وزیراعظم ا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 62

## چین کے لاجسٹکس حجم میں رواں سال کے پہلے دس ماہ میں نمایاں بہتری

### چین کے لاجسٹکس کا حجم 287.8 ٹریلین یوان ہوگیا، رپورٹ جاری

بیجنگ (این این آئی) چائنا فیڈریشن آف لاجسٹکس اینڈ پرچیزنگ کی جانب سے جاری کردہ رواں سال کے پہلے دس ماہ میں چین کے لاجسٹکس اعداد وشمار کے مطابق، سلسلہ وار پالیسیوں کے بہتر کی وجہ سے مثبت عناصر سامنے آئے اور لاجسٹکس کے متعدد پہلوؤں اور مرحلوں میں مستحکم اور بہتر رجحان دیکھنے میں آیا۔ رواں سال جنوری سے اکتوبر تک چین کے لاجسٹکس کا حجم 287.8 ٹریلین یوان رہا، جس میں پچھلے سال کی اسی مدت کے مقابلے میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 64

ساہیوال، کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید ٹرانسفر ہونے پر ڈی جی پی ایچ اے ملک محمد اکرام کو پھول پیش کررہے ہیں

## چین دنیا کو صنعتی اور سپلائی چین سے منسلک کرنا جاری رکھے گا، چینی میڈیا

### چین عالمی پیداوار اور سپلائی چین میں ایک اہم کڑی ہے، رپورٹ

بیجنگ (این این آئی) چائنا انٹرنیشنل سپلائی چین پروموشن ایکسپو میں 620 سے زائد کمپنیوں، اداروں اور بین الاقوامی تنظیموں نے نمائش میں حصہ لیا، جو گزشتہ سیشن کے مقابلے میں تقریبا 20 فیصد کا اضافہ ہے، غیرملکی نمائش کنندگان کا تناسب

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61

## چین میں دیہی سڑکوں کی کل لمبائی 4.6 ملین کلومیٹر تک پہنچ گئی، وائٹ پیپر

### چین نے اپنے قومی حالات سے ہم آہنگ ہوکر دیہی سڑکوں کی ترقی کے راستے کو اپنایا ہے

بیجنگ (این این آئی) چینی ریاستی کونسل کے انفارمیشن آفس نے ''نئے عہد میں چین کی دیہی سڑکوں کی ترقی'' پر ایک وائٹ پیپر جاری کیا جس میں بتایا گیا کہ دیہی سڑکیں نقل وحمل کی بنیاد ہیں جس میں وسیع تر کوریج ہوئی ہے، یہ آبادی کی خدمت اور سب سے مضبوط عوامی بہبود ہے، یہ دیہی علاقوں میں سب سے اہم یہاں تک کہ نقل وحمل کا واحد ذریعہ ہیں، جو کسانوں کے سفر کرنے، لوگوں کی زندگیوں میں خوشحالی لانے، ماحول کو بہتر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60

## فریقین کے درمیان جنگ بندی معاہدے کے باوجود جھڑپیں جاری' مزید 3 جاں بحق

### 8 روز سے جاری جھڑپوں میں اموات کی تعداد 110 ہوگئی ہے اور زخمیوں کی تعداد 151 تک جا پہنچی

کرم (این این آئی) فریقین کے درمیان جنگ بندی معاہدے کے باوجود جھڑپوں کا سلسلہ جاری ہے جس میں مزید 3 افراد جاں بحق ہوگئے۔ چند روز قبل کرم میں فریقین کے درمیان جنگ بندی معاہدہ طے پایا تھا لیکن اس کے باوجود 8 روز سے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59

کوئٹہ، پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن اسمبلی میر عبیداللہ گورگیج کے حق میں سپریم کورٹ آف پاکستان طرف سے فیصلے پر پارٹی رہنما اختر بلوچ ودیگر مبارکباد دے رہے ہیں